دھیرے اس کے اوصاف لوگوں پر روشن ہونے لگے تو کچی ڈور سے بندھے اس کی طرف کھنچتے چلے آئے۔ پسند اتنی آئی کہ بلا تفریق مذہب وملت ہندوستان کے سارے لوگ اس کو اپنا سمجھنے لگے اور اسی کو اپنے اظہار کا ذریعہ بنالیا۔ ابتدا میں اظہار کے لیے شاعری ہی سب سے معتبر ٹھہری۔ کیونکہ اس میں ایک ایسی قوت اور کشش ہے جس کو سننے اور پڑھنے کے بعد لوگوں پر ایک قسم کا سحر طاری ہو جاتا ہے۔ اردو ہی نہیں دنیا کی ہر زبان کی شاعری میں یہ قوت پائی جاتی ہے۔ اس میں ادبی حسن پیدا کر کے لوگوں کو لطف اندوز کیا جاسکتا ہے۔ اس سے کسی کے جذبات میں ہیجان پیدا کیا جاسکتا ہے تو بھٹکے ہوئے لوگوں کو راہ راست پر بھی لایا جاسکتا ہے۔ ادب سماج کا عکاس ہوتا ہے۔ اس لئے شاعری میں بھی سماجی عکاسی نظر آتی ہے۔ اس میں ہر زمانے اور ہر دور کا چہرہ صاف دیکھا جاسکتا۔ کیونکہ شاعری نے زمانے کے دوش بدوش چلتے ہوئے ان تمام تبدیلیوں کو اپنایا جو اس عہد کے تقاضے تھے۔ شاعری نے سماج کو بدلا تو سماج کا اثر بھی قبول کیا۔ ہمارے شعراء نے اپنے اظہار کے لئے شاعری کو نئے نئے پیرائے میں پیش کیا۔ اس سے کبھی لوگوں کو رلایا تو کبھی ہنسایا۔ کیونکہ اس دنیا کے کئی روپ ہیں۔ اس میں درد و غم بھی ہے تو ہنسی اور مسرت کا سامان بھی ہے۔ دیکھا جائے تو درد و غم کی تیز دھوپ زندگی میں زیادہ ہے اور مسرت و شادمانی کا سایہ بہت ہی ہلکا۔ اسی لیے انسان ہنسنے اور خوش رہنے کے لیے نئے بہانے ڈھونڈتا ہے، اور اس سے لطف اندوز ہوتا ہے۔ چونکہ شاعری میں یہ خوبی بدرجۂ اتم موجود ہے کہ یہ مردہ دلوں میں جان ڈال دیتی ہے۔ مرجھائے ہوئے چہرے کو سرسبز و شاداب کر سکتی ہے۔ اس لئے کچھ خاص شاعروں نے اس سے لوگوں کے دلوں میں نور بھرنے کا کام لیا تو کبھی کبھی لوگوں کو ڈانٹ ڈپٹ کر اور ہلکی سی چپت رسید کر کے پر لطف انداز میں برائیوں سے بعض رہنے کی تلقین بھی کی۔ ہنسنے ہنسانے کے اس عمل کو اردو ادب میں طنز و مزاح کے نام سے جانا جاتا ہے۔ اس لئے ہم کہہ سکتے ہیں کہ طنز و مزاح کی ضرورت اور اہمیت ہمارے ادب میں روز اول سے ہی رہی ہے۔ اس کے دائرے اختیار میں بہت ساری چیزیں آ جاتی ہیں۔ انسانی زندگی پریشانیوں اور تکلیفوں سے عبارت ہے۔ ساتھ ہی ساتھ مسرت اور شادمانی کے لمحے بھی ہیں۔ اس کا تعلق بھی سیدھے سیدھے ہماری اپنی زندگی سے ہے۔ ہنسنا انسان کی فطرت میں شامل ہے۔ دنیا میں چاہے امن ہو یا بدحالی طنز و مزاح کا عمل دخل انسانی زندگی پر ہمیشہ رہا ہے اور رہے گا، نوعیت الگ الگ ہو سکتی ہے۔ دنیا میں اگر امن ہوگا تو بھی طنز و مزاح کی کارفرمائی نظر آئے گی۔ بدحالی اور افراتفری کا عالم ہوگا تب بھی کسی نہ کسی شکل میں طنز و مزاح اپنی اہمیت کا لوہا منوائے گا۔ یہ الگ بات ہے کہ جب خوشحالی اور امن وامان کا دور دورہ ہوگا تو خالص مزاح زندگیوں میں گھر کرلے گا اور جب زندگی بدحالی اور بربادی کا نمونہ نظر آنے لگے گی تو مزاح طنز کا

لبادہ اوڑھ کر ہمارے سامنے آئے گا اور ان تمام حصوں اور جگہوں پر طنزیہ وار کرے گا جس کی وجہ سے زندگی کی خوبصورتی مجروح اور مسخ ہوتی نظر آئے گی۔ کہنے کا مطلب یہ ہے کہ طنز ومزاح کا وجود کسی نا کسی شکل میں اس وقت سے ہے جب سے دنیا قائم ہوئی اور انسانوں نے اس زمین پر قدم رکھا۔ البتہ ہر زمانے میں اس کی نوعیت الگ الگ رہی ہے کبھی طنز ومزاح اپنی سطح سے گر کر فحاشی اور ابتذال کے دائرے میں داخل ہو گیا جس نے انسانی زندگی کو سنوارنے کے بجائے بربادی کے دلدل میں دھکیل دیا۔ لیکن بعد میں اسی طنز ومزاح نے لوگوں کی کج روی، فحاشی، بے حیائی، بے راہ روی اور بری عادتوں پر طنزیہ وار کر کے راہ راست پر لانے کا کام بھی کیا۔ اسی لیے ہم کہہ سکتے ہیں کہ طنز ومزاح ہر زمانے اور ہر دور میں موجود رہا ہے۔

طنز ومزاح کے ذریعے لوگوں کو ہنسایا جا سکتا ہے ان کی بے راہ روی اور برائی پر ٹوکا بھی جا سکتا ہے۔ اب سوال یہ کہ انسان کو ہنسی کیوں آتی ہے۔ یہ جاننے کے لیے ہمیں بڑی حد تک یورپی مفکروں کی طرف رجوع کرنا پڑتا ہے۔ ہنسا انسان کی فطرت میں داخل ہے۔ ابتدائے آفرینش سے انسان کے اندر یہ خوبی پائی جاتی ہے۔ ہنسی کیوں آتی ہے اس کے متعلق وزیر آغا نے انگریز مفکر کانٹ کا حوالے سے لکھا ہے کہ۔ ہنسی اس وقت نمودار ہوتی ہے جب کوئی چیز ہوتے ہوتے رہ جائے اور ہماری توقعات اچانک ایک بلبلے کی طرح پھٹ کر ختم ہو جائیں(۱)۔ ہنسی کی ابتدا سے متعلق سید اعجاز حسین رقم طراز ہیں :"ہنسی کی ابتدا آدمی نے اس وقت کی جب وہ تہذیب وتمدن سے بے گانہ تھا۔ ہنوز وہ عہد حجری میں بھی داخل نہ ہو سکا تھا۔ بال وناخن بڑھائے لحیم شحیم پیکر کے ساتھ بغیر قیام گاہ کے جنگل جنگل تلاش معاش میں پھرتا تھا۔ اپنی حفاظت کے لیے برق باراں سے لڑتا تھا۔ خونخوار جانوروں سے مقابلہ کرتا تھا، اپنے ہم جنسوں سے نبرد آزماں ہوتا تھا اور جب وہ دشمن پر فتح پالیتا تھا تو چاہے اس کے پاس معنی خیز الفاظ رہے ہوں یا نہ رہے ہوں وہ خوشی کے نعرے لگاتا تھا اور بازی جیت کر دشمن کو مغلوب اور اپنے کو غالب دیکھ کر شادمانی کے ساتھ زور زور سے ہنستا تھا۔"(2)

اس کا مطلب یہ ہوا کہ انسان اس وقت بھی ہنستا تھا جب اس کو یہ بھی شعور نہیں تھا کہ وہ انسان ہے۔ بہر حال ہنسی اس وقت نمودار ہوتی ہے جب کوئی چیز توقع کے برعکس ظہور پذیر ہو۔ حالانکہ یہ غم اور تکلیف کا موقع ہے ایسی حالت میں ہنسی کا نمودار ہونا بڑا ہی مضحکہ خیز معلوم ہوتا ہے۔ لیکن ایسی صورت میں بہر حال ہنسی ظاہر ہوتی ہے۔ دراصل وہ ہنسی نہیں ہوتی بلکہ امید کے ٹوٹنے کا غم ہوتا ہے جسے انسان ہنسی کے پردے میں چھپانے کی کوشش کرتا ہے۔ جیسے کوئی آدمی بس اسٹاپ پر کھڑا ہو کر بس کا انتظار کرتا ہے، بس آتی ہے اور وہ دوڑ کر اس پر چھڑنے کی کوشش کرتا ہے لیکن کامیاب نہیں ہو پاتا تو وہ لوگوں کی نظروں سے بچنے اور اپنی شرمندگی اور

غم کو چھپانے کے لیے مسکرانے کی کوشش کرتا ہے۔ بہر حال ایسی حالت میں وہ مسکراتا ضرور ہے۔ جس سے اس کا غم کچھ ہلکا ہو جاتا ہے جو بس کے نا ملنے یا ایسی ہی دوسری چیزوں کے نہ ملنے سے ہوتا ہے۔ اس لیے کہا جا سکتا ہے کی وقتی طور پر یا اچانک ہم جس احساس سے دوچار ہوتے ہیں وہ ہنسی پیدا کرنے والا ہوتا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہنسی کسی چیز کی عدم تکمیل، ادھورے پن یا توقع کے اچانک ختم ہونے سے پیدا ہوتی ہے۔ لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ہنسی ہی نہیں غم یا رنج کی کیفیت بھی بعض وقت کسی کام کے یا توقع کے اچانک ٹوٹنے یا ختم ہو جانے سے پیدا ہوتی ہے۔ اس لیے یہ بات کہی جا سکتی ہے کہ ہنسی اور غم کا محرک بعض وقت ایک ہی چیز ہوتی ہے۔ لیکن مختلف لوگ اس سے مختلف انداز سے متاثر ہوتے ہیں۔ ہنسی کے تعلق سے ایک بات اور غور کرنے کے قابل ہے کہ ہنسی اصلاح اور سدھار کا کام بھی کرتی ہے۔ سماج اور معاشرے کے بنائے ہوئے مروجہ قانون اور اصول سے اگر کوئی شخص انحراف کرتا ہے تو بھی ہنسی کا نکل جانا بالکل فطری عمل ہے۔ ایسی حالت میں اس شخص کو اپنی غلطی کا احساس ہوتا ہے اور وہ اپنی اس غلط حرکت اور عمل کو چھوڑ کر پھر سے عام اصولوں پر عمل پیرا ہو جاتا ہے۔ وزیر آغا لکھتے ہیں:

"دراصل ہنسی اس شخص کا مذاق اڑاتی ہے جو سوسائٹی کی سیدھی لکیر سے ذرا بھی بھٹکے اور اس غرض سے اڑاتی ہے کہ وہ پھر سے اس لکیر میں شامل ہو جائے۔ چنانچہ یہ بات ہنسنے والوں کے لیے تو باعث انبساط ہوتی ہے لیکن اس فرد کو رنج و ندامت سے ضرور ہم کنار کر دیتی ہے جس کے خلاف یہ عمل میں آئے۔ بہر حال یہ بات طے ہے کہ ہنسی ایک ایسی لاٹھی ہے جس کی مدد سے سوسائٹی کا گلہ بان محض غیر شعوری طور پر ان تمام افراد کو ہانک کر اپنے گلے میں دوبارہ شامل کرنے کی سعی کرتا دکھائی دیتا ہے جو کسی نہ کسی وجہ سے سوسائٹی کے گلے سے علیٰحدہ ہو کر بھٹک گئے تھے۔ "(3)

نفسیات کے ماہروں نے بھی ہنسنے پر زور دیا ہے۔ کیوں کہ صحت اس سے بہتر رہتی ہے اور آدمی کو کچھ دیر کے لیے غموں اور پریشانیوں سے چھٹکارہ بھی مل جاتا ہے۔ چونکہ انسانی زندگی غموں اور دکھوں سے بھری پڑی ہے اس لیے اس کو ہنسنے کے مواقع بہت کم نصیب ہوتے ہیں اس لیے کہ کائنات کی ہر چیز پر سنجیدگی چھائی ہوئی ہے اور یہاں ہر ذی روح سنجیدہ زندگی کے اشاروں پر سرگرم عمل ہے۔ انسان کی امتیازی خصوصیت البتہ یہ ہے کہ وہ اس سنجیدگی کو چند لمحات کے لیے ہی صحیح ایک غیر ضروری شئ کی طرح فراموش کر دیتا ہے اور ہنس کر اپنے جسم اور ذہن کو پھر سے اس قابل بنا لیتا ہے کہ وہ غموں، پریشانیوں اور مصیبتوں کا مقابلہ کر سکے۔ بقول نامی انصاری:

"ہم جس معاشرے میں سانس لیتے ہیں اس میں ذہنی کشمکش اور دل گرفتی سے نجات نہیں۔ اس صورت میں بقول شخصے ایک مزاحیہ فقرہ یا ظریفانہ شعر اچانک فضا کو منور کر دیتا ہے اور کچھ لمحوں کے لیے ہی صحیح ہم ذہنی دباؤ سے نجات پا لیتے ہیں۔"(4)

اردو زبان چونکہ ایک جدید زبان ہے اس لئے اس میں طنز ومزاح کا آغاز بھی بعد میں ہوا۔اس سے پہلے طنز ومزاح کے بہت ہی اعلیٰ قسم کے نمونے دنیا کی دوسری زبانوں میں رائج ہو چکے تھے۔اس لئے اردو ادب نے ان زبانوں سے خاطر خواہ فائدہ اٹھایا ہے۔ اردو پر جس زبان کے سب سے زیادہ اثرات مرتب ہوئے وہ انگریزی اور فارسی کے ہیں۔اس لیے کہ انھیں دونوں سے اس کا سابقہ زیادہ پڑا ہے۔ پھر بھی ابتدا میں طنز ومزاح کی جھلک کچھ مدھم سی ہے۔ لیکن دھیرے دھیرے اس میدان کی طرف بھی شعراء کرام کی ایک جماعت متوجہ ہوئی۔ طنز ومزاح کو باقاعدہ طور پر برتنے کا آغاز اودھ پنچ سے شروع ہوا کیونکہ اس کا مقصد ہی طنز ومزاح کے ذریعے اپنی بات کو لوگوں تک پہنچانا تھا۔ اس زمانے میں طنزیہ ومزاحیہ شاعری نے کافی ترقی کی۔ان کے سامنے شاعری کا ایک وافر ذخیرہ موجود تھا۔اس سے بھی انھوں نے خاطر خواہ فائدہ اٹھایا۔ کچھ ان کے اپنے زمانے کے تقاضے تھے۔ جس نے طنزیہ ومزاحیہ شاعری کے لئے راستہ ہموار کیا۔ان کے سامنے انگریزی اور فارسی طنز ومزاح کی ایک صحت مند روایت موجود تھی۔ جو ان کے لئے مشعل راہ بھی ثابت ہوئی۔

انگریزی ادب میں طنز ومزاح کے آغاز کا سہرا چاسر کے سر باندھا جا سکتا ہے۔ کیونکہ اسی کے یہاں سب سے پہلے اس کی جھلک دیکھنے کو ملتی ہے۔ وزیر آغا کی زبانی:

"انگریزی ادب میں طنزیات ومضحکات کا آغاز چاسر سے ہوا۔ چاسر کے اشعار میں بلند بانگ قہقہوں کے پہلو بہ پہلو لطیف رمز کے بھی اچھے خاصے نمونے ملتے ہیں۔ وہ ہم پر بھی ہنستا ہے اور خود پر بھی ،اور بہ حیثیت مجموعی زندگی کی طرف اس کا رد عمل ہمدردانہ ہے۔ "(5)

چاسر کے بعد انگریزی میں اگلا اہم نام شیکسپیئر کا ہے۔ شکسپیئر نے جس کسی بھی صنف ادب میں طبع آزمائی کی ہے اس کے نقوش دائمی وابدی صورت اختیار کر گئے ہیں۔ چنانچہ طنز ومزاح میں بھی شیکسپیئر ایک الگ انداز میں نظر آتا ہے۔ وہ اگر عیب جوئی بھی کرتا ہے تو اس مقصد کے ساتھ نہیں کرتا کہ کسی کا مزاق اڑایا جائے بلکہ اس سے محظوظ ہوا جائے۔اس کی دنیا میں تحمل، حسنِ سلوک اور ہمدردی کے عناصر بہ کثرت ملتے ہیں اور یہی چیزیں دراصل مزاحیہ ادب کی جان ہیں۔

فارسی ادب کے ضمن میں یہ بات کہی جا سکتی ہے کہ یہاں طنز ومزاح کی رفتار نہ صرف سست اور دھیمی ہے بلکہ تشنہ اور نامکمل بھی ہے۔ فارسی ادب میں نہ صرف طنز ومزاح کے تدریجی ارتقاء کا فقدان ہے بلکہ وہاں ایسے طنز ومزاح نگار بھی نظر نہیں آتے جن کا ذکر کسی خاص زاویہ نگاہ سے کیا جائے۔ پس جس وقت فارسی زبان میں طنز ومزاح کے ذکر کا مرحلہ آتا ہے تو ہم فارسی طنز ومزاح کے

تدریجی ارتقاء کے بجائے ان طنزیہ ومزاحیہ روشوں کے تذکرے کی طرف مائل ہوتے ہیں جو فارسی زبان کے طویل دور میں ابھری ہیں اور جو بلاشبہ اردو شاعری میں طنز ومزاح کے پہلے دور پر بھی اثرانداز ہوئی ہیں۔ان میں سب سے پہلے ہجو کی جھلک دکھائی پڑتی ہے۔ ہجو کا آغاز فارسی شاعری میں رودکی سے ہوتا ہے۔ لیکن رودکی کے کلام میں ہجویہ اشعار کی تعداد خال خال ہی ہے پھر بھی رودکی کی ہجو میں متانت اور واقعیت کی کارفرمائی نظر آتی ہے۔ ہجو کے سلسلے کی اگلی کڑی میں اگلا نام فردوسی کا جڑتا ہے گرچہ فردوسی کو بھی ہجو گو شاعر نہیں گردانا جاتا پھر بھی فردوسی کے نام کے ساتھ محمود غزنوی کی جو ہجو وابستہ ہے وہ قبول عام کا درجہ رکھتی ہے۔

اردو ادب پر چونکہ فارسی کے اثرات بہت زیادہ ہیں اس لیے یہ ساری چیزیں یہاں کے شعر وادب میں بھی پائی جاتی ہیں۔دنیا کی دوسری زبانوں کی طرح اردو ادب کا آغاز بھی شاعری سے ہوا۔اس لیے طنزومزاح کے نمونے بھی سب سے پہلے اسی میں نظر آئے۔اس سلسلے میں جو سب سے پہلا نام ہمارے سامنے آتا ہے وہ نام جعفر زٹلی کا ہے۔ گرچہ اس کی شاعری فحاشی اور عریانیت سے پر ہے، مگر تاریخی نقطۂ نظر سے بہت ہی اہم ہے۔اس کی ایک وجہ تو یہ کہ اردو زبان ابھی اپنے ابتدائی مرحلے میں تھی دوسرے جعفر زٹلی کی شاعری میں انتقامی جذبے کی کارفرمائی زیادہ نظر آتی ہے۔ جس کی وجہ سے اس کا بیشتر کلام فحاشی اور عریانی کا نمونہ بن گیا ہے۔ پھر بھی اس نے اپنی شاعری سے بیک وقت سیاست، سماج اور افرود پر ایسے تیر برسائے اور جرأت اظہار کے وہ وہ معیار قائم کئے جو آنے والے طنزومزاح نگاروں کے لئے مشعل راہ بن گئے۔ جعفر کا زمانہ ایک ایسا زمانہ تھا جس میں سماج نہایت ہی تیزی سے زوال پذیری کی طرف قدم بڑھا رہا تھا اور اخلاقی قدروں کو پیروں تلے بڑی ہی بے رحمی سے کچلا جا رہا تھا،ایسے پر درد اور پر آشوب دور میں جعفر نے اپنی ہجویات وطنزیات کے ذریعے سماج پر بہت ہی گہرا اور کاری وار کیا۔ ہجو کرتے وقت جعفر نے کبھی کسی کے مرتبے اور عہدے کا بھی خیال نہیں رکھا۔اور سب کے لیے ایک ہی لہجہ اختیار کیا۔ جعفر کی بے خوفی اور بے باکی اس قدر بڑھی ہوئی تھی کہ کبھی کسی کو خاطر میں نہیں لایا۔ڈاکٹر جمیل جالبی لکھتے ہیں: "وہ ایک منفرد شاعر ہے جس کے کلام سے نہ صرف اس دور کے حالات وعوامل کا پتہ چلتا ہے بلکہ معاشرتی وتہذیبی گراوٹ اور سیاسی واخلاقی زوال کے بنیادی اسباب کا بھی پتہ چلتا ہے۔ جعفر نے غزل کو اپنے اظہار کا ذریعہ نہیں بنایا بلکہ اپنے مخصوص مزاج کی تندی وتیزی، راست بازی وحق گوئی کے باعث بے باکی کے ساتھ ایسی نظمیں لکھیں جن کے احاطۂ اثر میں سارا معاشرہ آگیا۔اس دور میں جعفر زٹلی ہی ایک ایسا شاعر ہے جس کی ہاں اپنے دور کی بھرپور ترجمانی ہوئی ہے۔"(6)

جعفر کو اردو کا پہلا ظریف اور ہزال شاعر مانا جاتا ہے۔ جعفر کا عہد ۱۶۵۹ء سے لے کر ۱۷۳۱ء تک کا ہے۔ جعفر زٹلی کے یہاں ظرافت سے زیادہ ہجو کا پہلو نمایاں ہے۔ دیکھا جائے تو جعفر زٹلی نے اپنی ہجو نگاری کا آغاز ہی ایک انتقامی جذبے کے تحت کیا۔ وہ اپنے جابر استاد ابو اسحاق سے ویسے نالاں اور ناراض تھا جیسے دوسرے شاگرد تھے۔ پہلے تو اس نے اپنی ناراضگی کا اظہار ایک نظم سے کیا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کی استاد نے جعفر کو مدرسہ بدر کر دیا۔ پھر تو اس کے تن بدن میں آگ سی لگ گئی۔ فوراً ہی اس نے ''کچھوا نامہ'' کے عنوان سے اپنے استاد کی ہجو لکھ ڈالی۔

جعفر کے بعد مرزا محمد رفیع سودا طنز و مزاح کے دوسرے بڑے شاعر کی حیثیت سے جانے جاتے ہیں۔ سودا کو اردو ہجو میں نہ صرف فضل تقدم حاصل ہے بلکہ ان کے کلام سے طنزیات کی بہترین صلاحیت و استعداد بھی نمایاں ہے، پھر بھی سودا کی ہجویات پوری طرح سے اس معیار پر پوری نہیں اترتیں جو طنز کی شرط ہے۔ طنز کے لیے ضروری ہے کہ وہ ذاتی عناد و تعصب سے پاک اور ذہن و فکر کی بے لوث برہمی یا شگفتگی کا نتیجہ ہو۔ ان سب کے باوجود سودا کے یہاں طنزیات و مضحکات کے ایسے نمونے ملتے ہیں جو ان کی زندہ دلی اور شگفتہ مزاجی کا ثبوت ہیں۔ یوں تو سودا کے یہاں شعر و شاعری کی ہر صنف میں طبع آزمائی ملتی ہے۔ لیکن ان کا خاص کارنامہ ہجو گوئی کے میدان ہی میں دیکھنے کو ملتا ہے۔ ہجو گوئی میں ان کو اتنا کمال حاصل تھا کہ لوگ ان سے حد درجہ خائف رہا کرتے تھے۔ کبھی کسی نے ان سے ٹکر لینے کی ہمت نہیں کی۔ سودا کے ہم عصر اور ایک حد تک مد مقابل میر ضاحک، فدوی مکین اور بقا تھے۔ ان سے برابر ان کی نونک جھونک ہوتی رہتی تھی۔ مرزا نے ایک طویل نظم لکھی ہے جس کا نام ''الو اور بینے'' ہے جس میں فدوی کو دونوں کا مجموعہ بنایا ہے۔ فاخر اور سودا سے بھی اکثر نوج جھونک ہوتی رہتی تھی۔

سودا نے ذاتی یا شخصی ہجویات سے جہاں اپنے آپ کو بچا پائے ہیں وہاں ان کا انداز بالکل نرالا ہے۔ سودا میں وہ تمام خوبیاں موجود تھیں جو انھیں ایک بلند پایہ اور قادر الکلام شاعر بناتی ہیں۔ اور یہی ہجویات قابل ستائش بھی ہیں۔ سودا کی یہی ہجویات جن کا انداز عمومی یا جن کی اہمیت سماجی ہے کسی بھی طور نظر انداز نہیں کی جا سکتیں۔ دراصل سودا کی یہی ہجویات پائدار عناصر کی حامل ہیں۔ ان ہجویات میں معاملات کو مبالغہ کے ساتھ پیش کر کے زندگی کی ناہمواریوں کو نشانہ تمسخر بنایا ہے۔ کلیم الدین احمد سودا کی شاعری پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"سودا میں وہ تمام خصوصیات موجود تھیں جو ایک بلند پایہ ہجو گو کے لئے ضروری ہیں۔ وہ زندہ دل اور شگفتہ طبیعت واقع ہوئے تھے۔ بقول آزاد ان کے دل کا کنول ہر وقت کھلا رہتا تھا۔ وہ خود ہنستے تھے اور دوسروں کو ہنسا سکتے تھے۔ لیکن اس زندہ دلی کے باوجود جب وہ برہم ہوتے تو پھر ان کی برہمی کی انتہا نہ ہوتی۔ ان کی برہمی سے ان کے معاصرین آشنا تھے اور ان سے خائف رہتے تھے۔ کیونکہ ان کے ترکش میں طنز کے ہزاروں تیر تھے، جن کی چوٹ بے پناہ تھی۔ لوگ ان سے خائف رہتے لیکن وہ کسی سے ہراساں نہ ہوتے۔ ان کا تخیل تیز رو اور بلند پرواز تھا۔ وہ ایک لمحہ میں بوقلموں تصویریں مرتب کر سکتے تھے۔"(7)

میر تقی میر کا انداز بھی کبھی کبھی طنزیہ و مزاحیہ ہو جاتا ہے۔ لیکن یہ اس میدان کے کھلاڑی نہیں ہیں۔ پھر بھی جب یہ خود اپنی ذات اور اپنے حالات کو طنز کا نشانہ بناتے ہیں وہاں ان کا طنز کافی کامیاب نظر آتا ہے۔

سودا اور میر کے ساتھ ساتھ ان کے زمانے اور بعد کے زمانے میں جو لوگ شاعری کر رہے تھے ان کے یہاں بھی طنز و مزاح کے نمونے ہمیں دیکھنے کو ملتے ہیں جیسے کہ میر، کمترین، انشاء، مصحفی، شاکر ناجی وغیرہ ان میں زیادہ تر لوگوں نے ذاتیات میں پڑ کر طنز و مزاح کے وقار کو مجروح کر دیا تو کسی نے اس سے الگ ہٹ کر بھی سماجی اور معاشرتی بے اعتدالیوں پر بھی بہت کچھ لکھا۔ میر نے زیادہ تر اپنے آپ کو اور اپنی بری قسمت کو طنز کا نشانہ بنایا تو کچھ لوگوں نے دوسروں کی ذاتیات پر حملہ بولا۔ انشا اور مصحفی نے تو حد ہی کر دی تھی یہ اپنی معاصرانہ چشمک اور رنجش کی وجہ سے فحش نگاری اور طعن و تشنیع کے ایسے ایسے تیر چلائے ہیں کہ آج ان کی فحش تخلیقات تہذیب و اخلاق کے چہرے پر بد نما داغ ہیں۔ ان ہجویات کو پڑھتے ہوئے انسان بڑی شرمندگی محسوس کرتا ہے۔ بہر حال اس بات سے انکار نہیں کہ نہ صرف ان معرکوں میں انشاء کا پلڑا بھاری رہا بلکہ عام مزاح نگاری اور شگفتہ بیانی میں بھی انشاء اپنے دور کا نمائندہ مزاح نگار تھا۔ اور اس کے یہاں طنز و مزاح کے کچھ اعلیٰ نمونے بھی ملتے ہیں۔ اس دور کا ایک غالب رجحان زاہد و محتسب پر طنز کی صورت میں بھی ملتا ہے۔ یہ طنز اتنا زیادہ بڑھ گیا تھا کہ زاہد کی کوئی بھی اچھائی ان شاعروں کو ڈھونگ ہی لگتی تھی۔ مثال کے طور پر کچھ اشعار۔

وہ دیکھ شیخ کو لاحول پڑھ کے کہتا ہے
یہ آئے دیکھئے داڑھی لگائے سن کی سی
نظیر

اس کے کوچے میں نہ کر شور قیامت کا ذکر
شیخ یاں ایسے تو ہنگامے روز ہوا کرتے ہیں
میرؔ

ابھی کہہ دوں تو نکل جائے کتابوں کا بھرم
واعظو سامنے تاباں کے نہ تقریر کرو
تاباںؔ

تر دامنی پہ شیخ ہماری نہ جائیو
دامن نچوڑ دیں تو فرشتے وضو کریں
دردؔ

آزادی سے پہلے جس شاعر کے یہاں بھرپور مزاح دیکھنے کو ملتا ہے وہ نظیر اکبر آبادی ہیں۔ نظیر اکبر آبادی کو اردو کا پہلا عوامی شاعر تسلیم کیا جاتا ہے۔ انھوں نے ہجرت پسند معاشرے میں رہتے ہوئے اپنے قدم اپنے وطن اکبر آباد سے نہیں اٹھائے اور تاحیات وہیں قیام پذیر رہے۔ نظیرؔ نے اپنی شاعری میں زندگی کے ہر رنگ اور عوامی معاشرے کی ہر ترنگ کو اپنی شاعری کا موضوع بنایا۔ عشق و عاشقی کی تصور راتی دنیا کے بجائے انھوں نے روزمرہ کی زندگی اور نہایت عام چیزوں کو اپنی نظموں کا موضوع بنایا۔ ان کا اپنا ایک الگ رنگ ہے، مخصوص لفظیات ہیں جو دور سے پہچانی جاتی ہیں۔ ان کی شاعری ذاتی نہ ہو کر اجتماعی شعور کی آئینہ دار ہے۔ ایک ایسے دور میں جب کہ عام شعراء ہجو گوئی، رمز و کنایہ اور فحاشی اور پھکڑ پن کی انتہا کر دی تھی اس وقت نظیر نے طنز و مزاح کے اعلیٰ نمونے پیش کئے۔ غالب اردو کے سب سے بڑے شاعر کی حیثیت سے جانے جاتے ہیں۔ غالب طنز کے بڑے شاعر تھے۔ کبھی کسی کی ہجو سے اپنی زبان کو آلودہ نہیں کیا۔ اس لحاظ سے وہ سودا اور انشا کے سلسلے میں نہیں آتے۔ غالب کے طنز و ظرافت کی بنیاد نظر و خیر اور بصیرت و بصر پر ہے۔ غالب کے یہاں سلیقہ سب سے بڑی چیز ہے اور یہی ان کے فن کی جان ہے۔ ان کے فن کا یہ سلیقہ ان کے فکر کی روشنی سے ہے۔ غالب کے طنز کی کئی خصوصیات ہیں۔ ایک تو بقول رشید احمد صدیقی وہ براہ راست نہیں اشاروں اشاروں میں بہت کچھ کہہ جاتے ہیں اور یہ عجیب بات ہے کہ جس پر وہ وار کرتے ہیں اسے اول تو اس کا احساس نہیں ہوتا کہ وہ ان کے طنز کا نشانہ تھا اور اگر ہوتا ہے تو اس

وقت جب طنز اپنا کام کر چکا ہوتا ہے۔ طنز کی یہ سب سے بڑی خوبی ہے۔ غالب کے لفظوں میں یہ ایک ادا ہے ۔ غالب کے طنز میں شوخی کا رنگ ہے اور اس لحاظ سے وہ سوداا ور نظیر کے طنز سے مختلف ہے۔ لیکن ان کے یہاں طنز و شوخی میں کچھ عجیب انداز کی ہم آہنگی ہے۔اس لحاظ سے غالب طنز نگار زیادہ اور ظریف کم ہیں۔ غالب کا عقیدہ طنز کے بارے میں یہ ہے کہ وہ جتنا خم دار ہو اچھا ہے۔ ویسے تو رسم پرستی سے انھیں ہمیشہ نفرت رہی اور پامال راہوں پر چلنا انھوں نے کبھی پسند نہیں کیا اسی لیے ان کا طنز ان کی اپنی چیز ہے۔ غالب کا طنز نرم ہی نہیں ہموار بھی ہے اور اس کی ہمواری یہ ہے کہ اکبر کی طرح لفظوں کے الٹ پھیر یا بقول آل احمد سرور محاورات کی قوس وقزح کی سی رنگینی سے یہ پیدا نہیں ہوا بلکہ روح کی طرح شعر کی نس نس میں جاری ہے۔ غالب کا فن شوخی کا فن ہے۔ پھبتی اور چٹکلہ بازی کا فن نہیں۔اس خصوصیت میں غالب اکبر الہ آبادی سے بھی ممتاز ہیں اور نظیر اکبر آبادی سے بھی۔ اکبر پھبتی اچھی کستے ہیں اور نظیر کے یہاں چٹکلے خوب ہوتے ہیں۔ غالب کے یہاں شوخی بہت ہے اور ان کی شوخی کی جان طنز ہے۔

آزادی سے پہلے اردو شاعری میں طنز و مزاح کی جو جھلک پائی جاتی ہے اس جھلک میں کوئی تحریک کام نہیں کر رہی تھی بلکہ وہ شاعروں کی اپنی الگ الگ اجتہادی کوششیں تھیں۔اس کے بعد اودھ پنچ کا دور آتا ہے جس سے اردو کی طنزیہ و مزاحیہ شاعری میں ایک نئے دور کا آغاز ہوتا ہے۔ اودھ پنچ کا زمانہ غدر کے بعد کا زمانہ ہے۔ اودھ پنچ ۱۸۷۷ء میں منظر عام پر آیا اور اشاعت پذیر ہوتے ہی ہندوستان کی فضا میں ہر طرف قہقہوں کی گونج سنائی دینے لگی۔ شاعروں اور مضمون نگاروں کا ایک پورا گروہ طنز و مزاح کے حربوں سے ناہمواریوں اور بے اعتدالیوں کو نشانۂ تمسخر بنانے لگا۔ یوں تو اودھ پنچ نے، جو سجاد حسین کی کوششوں سے ظہور پذیر ہوا تھا اس نے طنز و مزاح لکھنے والوں کا ایک پورا حلقہ پیدا کیا جن میں شوق، برق، پیٹنٹ ، ٹریڈ مارک، مولانا جنوبی، عرش، لاابالی اور درجنوں دوسرے شعراء شامل تھے۔ لیکن دیکھا جائے تو اس گروہ میں چار نام زیادہ ابھر کر سامنے آئے۔ پنڈت تربھون ناتھ ہجر، احمد علی شوقی ، مولوی سید عبد الغفار شہباز اور لسان العصر اکبر الہ آبادی۔ اس میں ہجر نے تحریف نگاری کے میدان میں خوب نام کمایا۔ دوسرے احمد علی شوقی جن کے کلام میں زیادہ تر اودھ کی کھوکھلی معاشرت اور اس کے نام لیواؤں کی بعض مکروہ عادات پر بھرپور طنز ہے۔ مولوی شہباز کی شاعری کا جو انداز ہے وہ انھیں دوسروں سے علیحدہ کرتا ہے۔ وہ مذہب و ملت کو بھی بعض اوقات اپنے طنز کا نشانہ بناتے ہیں۔ اودھ پنچ کے چوتھے نامور طنز و مزاح نگار اکبر الہ آبادی ہیں۔ لیکن اکبر الہ آبادی کی جہاں تک بات ہے تو کہا جا سکتا ہے کہ ان کی ناموری اور شہرت میں اودھ پنچ کا بہت زیادہ ہاتھ نہیں ہے۔ بلکہ ان کا نام طنز و مزاح کے حوالے سے کسی اودھ پنچ کا محتاج نہیں

ہے۔اکبر کی شاعری کو عام طور پر بذلہ سنجی یا وٹ کی شاعری کہا گیا ہے اور وہ اس لیے کہ بیشتر مواقع پر انھوں نے تخیل اور معنی آفرینی کے بجائے صرف لفظی شعبدہ بازیوں سے مزاح پیدا کیا ہے۔ان سب سے قطع نظر اکبر اردو کے سب سے بڑے اور ممتاز طنز و مزاح نگار تسلیم کیے جاتے ہیں۔اکبر نے اپنی شاعری میں انگریز اور ان کی تہذیب کو اپنے طنز کا نشانہ بنایا ساتھ ہی ساتھ مشرقی تہذیت پر لوگوں کو کاربند رہنے کی تلقین بھی کرتے رہے۔بقول مظہر احمد:

"اکبر الہ آبادی نے دو تہذیبوں کے تصادم سے پیدا شدہ مضحک صورت حال پر تنقید و تبصرہ کرتے ہوئے مشرقی تہذیب کے مثبت پہلوؤں کو اجاگر کیا اور مغربی تہذیب کی خامیوں پر طنز و مزاح کے تیر برسائے۔"(8)

باپ ماں سے، شیخ سے، اللہ سے کیا ان کو کام
ڈاکٹر جنوا گئے تعلیم دی سرکار نے

شوہر افسردہ پڑے ہیں اور مرید آوارہ ہیں
بیبیاں اسکول میں ہیں اور شیخ جی دربار میں

ہوئے اس قدر مہذب کبھی گھر کا منھ نہ دیکھا
کٹی عمر ہوٹلوں میں مرے اسپتال جا کر

مذہب چھوڑو ملت چھوڑو صورت بدلو عمر گنواؤ
صرف کلرکی کی امید اور اتنی مصیبت توبہ توبہ

آزادی سے قبل شعرائے طنز و مزاح کا غالب رجحان غیر ملکی حکومت اور ان کی ریشہ دوانیاں تھیں۔وہ ان کے ظلم و ستم اور جبر و استبداد سے نالاں و پریشان تھے۔جس کا اثر ان کی شاعری میں بھی نظر آتا ہے۔یہ اثر کبھی تو واضح طور پر اور کبھی ڈھکے چھپے طور پر دکھائی دیتا ہے۔ایسا نہیں ہے کہ صرف شعرائے طنز و مزاح کے یہاں یہ چیز دیکھنے کو ملتی ہے بلکہ ہماری سنجیدہ شاعری بھی اسی رنگ میں رنگی

ہوئی نظر آتی ہے۔ سنجیدہ شعراء کے یہاں بھی ایک طرح کی بے چینی دیکھنے کو ملتی ہے۔ جس کی وجہ سے ان کی شاعری میں ایک طرح کا احتجاجی رنگ پیدا ہو گیا ہے۔ یہ رنگ ایک لطیف مگر بامعنی طنز کا پیکر ڈھال کر سامنے آتا ہے۔ غیر ملکی حکومت کے خلاف طنز کی یہ کاٹ اور احتجاج کا یہ سلسلہ ہمیں آزادی کی آمد تک برابر دیکھنے کو ملتا ہے۔ لیکن آزادی کے بعد یہ سلسلہ یک لخت غائب ہوتا ہوا نظر آتا ہے۔اس لیے کی اب حکومت کی باگ ڈور انگریزوں کے ہاتھوں سے منتقل ہو کر ہمارے اپنے ہاتھوں میں آگئی تھی۔ مگر شاعروں کو یہ دیکھ کر سخت صدمہ پہنچا کہ صورت حال کم و بیش ویسی ہی ہے جیسے انگروزوں کے دور میں تھی۔ رہی سہی کسر ملک کے بٹوارے سے پوری ہو گئی۔ آزادی کے بعد ملک کو ایک بہت بڑے سانحے سے بھی گزرنا پڑا۔ وہ سانحہ ملک کی تقسیم کا تھا۔ انگریزوں کے جانے کے بعد سازشوں اور افواہوں کا ایسا زور چلا کہ ملک دو حصوں میں تقسیم ہو گیا۔ بے شمار مسلمانوں نے بادل ناخواستہ پاکستان کا رخ کیا۔ کیونکہ ان کے دلوں میں یہ بات بیٹھ گئی تھی کہ ہندوستان میں ان کا مستقبل غیر محفوظ ہے۔ کیونکہ وہ لوگ اس وقت کی صورت حال کو دیکھ رہے تھے۔ سارا ملک فساد اور فرقہ پرستی میں ملوث تھا۔ ہر طرف حیوانیت محو رقص تھی۔ ہر طرف چیخ و پکار اور خون خرابے کا بازار گرم تھا۔ بلکہ یہ کہا جائے تو مبالغہ نہ ہو گا کہ انسان انسان نہ ہو کر شیطان کا پجاری بن بیٹھا تھا۔ یہ ایک ایسی صورت حال تھی جس سے ہمارے شاعر و ادیب حد درجہ متاثر اور بے چین ہوئے اور اسی بے چینی کا اظہار انھوں نے اپنی شاعری میں کیا ۔ تقسیم کے علاوہ جس چیز نے ہمارے شاعروں اور ادیبوں کو متاثر کیا وہ سیاسی رہنماؤں کی کج روی تھی۔ ان کا رویہ بالکل ویسا ہی ہو گیا جیسا انگریزوں کا تھا۔ آزادی سے پہلے ملک کے سارے لوگوں کی آنکھوں میں صرف ایک خواب تھا کہ کسی طرح ہمارا ملک آزاد ہو جائے۔ اس لیے سارے لوگ ایک ساتھ تھے۔ کیا ہندو کیا مسلمان دونوں شانہ بہ شانہ جنگ آزادی میں حصہ لیتے تھے۔ تکلیفوں اور پریشانیوں کے باوجود پیچھے ہٹنے کے لیے تیار نہیں تھے۔ کیونکہ ان مجاہدوں کی آنکھوں میں ملک کی آزادی کا خواب تھا۔ اس کا احساس ہی انھیں ثابت قدم رکھتا تھا۔ لیکن آزادی کے بعد ان مجاہدوں کے خواب بکھر گئے۔ ان کو خواب کی تعبیر بالکل الٹی ملی۔ یہ وہی لوگ تھے جن کے نزدیک ملک سے بڑھ کر کچھ بھی عزیز نہیں تھا۔ اس لیے انھوں نے قید و بند کی صعوبتیں جھیلیں اور اپنا سب کچھ قربان کر دیا۔ لیکن انھیں کیا پتا تھا کہ آزادی کے بعد بھی ملک کے حالات ویسے ہی رہیں گے جیسے پہلے تھے۔ ملک کے بیشتر رہنماؤں نے آزادی کے بعد سب کچھ بھلا دیا۔ عہدوں کے پیچھے جان دینے لگے۔ اور شان و شوکت کو اپنا شیوہ بنالیا۔ عہدوں اور پیسوں کے لئے کسی بھی حد تک جانے کے لئے تیار ہو گئے۔

یہی وہ حالات تھے جس کو شعرائے طنزومزاح نے اپنی شاعری کا موضوع بنایا۔ آزادی ملنے کے باوجود طنزومزاح کے موضوعات کا فقدان تو درکنار اس میں کوئی کمی بھی واقع نہیں ہوئی اب شعرائے طنزومزاح کے ہدف ہندوستان کے رہنماں اور ان کی کج رویاں ہو گئیں۔ آزادی کے بعد برصغیر ہندو پاک میں کئی واضح تبدیلیاں رونما ہوئیں۔ آزادی کا جو خوبصورت اور دل آویز خواب عوام وخواص نے دیکھا وہ چکنا چور ہو گیا۔ ۱۹۴۷ء کے بعد ہمیں آزادی تو مل گئی مگر اس آزادی میں وہ سب کچھ نہیں ملا جس کی امید تھی۔ بہت کچھ لوگوں نے کھو دیا۔ آزادی کا سورج اپنے دامن میں ایک انتہائی خوفناک اور دردناک منظر بھی ساتھ لایا۔ آزادئ ہند کے ساتھ ساتھ دنیا کے نقشے پر ایک نئے ملک نے جگہ بنائی۔ پاکستان کا قیام جہاں مذہبی خود مختاری اور دو قومی نظرئے کا مظہر تھا وہیں ہندو مسلم علیحدگی کی بنیاد بھی دامن میں لیے ہوئے تھا۔ ان دونوں قوموں میں اختلاف واجتناب کی دراڈ روز بروز بڑھتی ہی گئی۔ چالیں چلی جانے لگیں۔ مکروفریب اور مطلب پرستی کے بادل چھانے لگے۔ ایسی خطرناک صورت حال نے شعراءوادیب کو اندر سے جھنجھوڑ کر رکھ دیا۔ اور انھوں نے واضح انداز میں ان حالات کے خلاف لکھنا شروع کر دیا۔ شعرائے طنزومزاح نے بھی آزادی کے اس پر فریب چہرے سے نقاب اٹھانے کا کام کیا اور بڑی تعداد میں اپنی تخلیقات کے ساتھ سامنے آئے۔ سنجیدہ شعراء نے بھی آزادی کے بعد کی ایسی صورت پر بھرپور طنز کیا ہے۔ فیض احمد فیض کے مجموعے دست صبا میں ایک نظم صبح آزادی کے نام سے ہے۔ جس میں انھوں نے مخصوص استعاراتی انداز میں طنز کیا ہے۔

فیض احمد فیض کا نام طنزومزاح کے لئے نہیں لیا جاتا۔ لیکن کچھ طنز کے نمونے ان کی شاعری میں ملتے ہیں۔ آزادی کے بعد جن شاعروں نے طنزومزاح میں اپنی تخلیقات کو پیش کیا ان میں سید محمد جعفری، ہلال رضوی رام پوری، رضا نقوی واہی، ہلال سیوہاروی، خضر تمیمی، نازش رضوی، غلام احمد فرقت کاکوروی، دلاور فگار، ظریف جبل پوری، مسٹر دہلوی، راجہ مہدی علی خاں، ماچس لکھنوی، سگار لکھنوی، برق آشیانوی، بوگھس حیدرآبادی، سرور ڈنڈا، ساغر خیامی، اسرار جامعی، نظر برنی اور پاپولر میرٹھی کا نام لیا جاسکتا ہے۔ ان تمام شعراء نے طنزومزاح کو اپنی تخلیقات کے لئے چنا۔ یہ سلسلہ تاحال جاری ہے۔ طنزومزاح کی ایک شکل اور ہے جسے اردو ادب میں ہزل کے نام سے جانا جاتا ہے۔ جہاں تک ہزل کی بات ہے تو کہا جاسکتا ہے کہ ہزل بھی ایک طرح کی رنگ ظرافت ہے۔ یہ رنگ ہلکا بھی ہو سکتا ہے اور شوخ بھی۔ ہزل میں بھی وہی ساری باتیں کی جاسکتی ہیں جس کو ہم پھکڑ پن، جگت، پھبتی، تفنن، ہجو اور عریانیت کہتے ہیں۔ ساتھ ہی ساتھ اس میں زاہد و محتسب اور شیخ وناصح سے دل لگی کی باتیں بھی کی

جاسکتی ہیں۔ زمانے کی خامی اور خوبی کی دہائی بھی دی جاسکتی ہے۔ سیاسی رہنماؤں کے مکروفریب کو لوگوں کے سامنے لایا جاسکتا ہے۔ موسم کی ستم ظریفی کا شکوہ بھی کیا جا سکتا ہے ،مہنگائی اور ارزانی کے غم میں آنسو بھی بہائے جاسکتے ہیں۔ ہزل کی جھلک بھی اردو شاعری میں ابتدا سے ہی نظر آتی ہے۔ کیونکہ اردو میں اس کا چلن فارسی ہی کے اثر سے عام ہوا ہے۔ یہ بھی ارتقائی منزلوں سے گذرتے ہوئے یہاں تک پہنچی ہے۔اس میں بھی زندگی کی تحریکات ورجحانات اور بدلتے ہوئے حالات اور زمانے کا عکس بھی مزاحیہ انداز میں ملتا ہے۔ ہزل صرف فحاشی اور پھکڑ پن سے عبارت نہیں ہے۔ لیکن عام طور پر ہزل میں ابتدا سے ہی فحاشی اور گالی گلوچ کا دور دورہ رہا ہے۔ اس لئے کہ شاعروں نے کبھی اس میں اشارہ کنایہ کو ضروری نہیں جانا اور مبالغے کا تو خوب خوب استعمال کیا۔ اسی لئے سننے اور پڑھنے والے کو ہنسنے ہنسانے اور لطف اندوز ہونے کا خوب موقع ملا۔ محض ہنسنا اور ہنسانا ہی اس کا مقصد ہوتا ہے۔ اس لئے اس کا اثر دیر پا نہیں ہوتا۔ اس میں نہ کوئی نصیحت ہوتی ہے اور نہ ہی کوئی سبق آموزی، بلکہ ذاتیات ہی اس کا پسندیدہ موضوع ہے۔ کسی نے کہا ہے کہ ہزل بظاہر غزل کی بہن معلوم ہوتی ہے لیکن اصل میں یہ غزل کی بدنماسوت ہے۔ اور یہ بات بالکل درست ہے۔

ہزل صرف ہزل ہے اس میں صرف فحاشی اور پھکڑ پن کو ہی بیان کیا جاسکتا ہے یا اگر اس کا معیار کچھ بلند ہو سکتا ہے تو صرف یہ کہ اس مزاح پیدا کیا جاسکتا ہے۔ اس سے کسی تعمیری یا اصلاحی کام کی امید فضول ہے۔ اس کے لئے غزل ہی کافی ہے۔ زیادہ سے زیادہ اس میں یہ گنجائش پیدا کی جاسکتی ہے کہ سماجی ناہمواری کی طرف مزاحیہ انداز میں اشارہ کیا جاسکے۔ ہزل کو اگر صاف ستھری چیز بنائی جاسکتی ہے تو بس اس حد تک کہ اس کو اپنے بڑوں کے سامنے بھی سن اور پڑھ سکتے ہیں۔ لیکن ایسا کم ہی شاعروں کے یہاں دیکھنے کو ملتا ہے۔ شاعروں نے بھی اس کو بطور تفنن ہی اپنایا ہے۔ یا اپنے کسی مخالف یا دشمن کو گالی دینے کے لئے۔ میرؔ، سوداؔ، میر سوزؔ، انشاءؔ و مصحفیؔ، آتش وناسخ، اور ان کے تلامذہ کے یہاں بھی اس کی مثالیں مل جاتی ہیں۔ انھوں نے اپنے معاصرین کو نیچا دکھانے کے لئے اس کا خوب استعمال کیا ہے۔ معرکہ آرائیوں میں انھوں نے اس کو بطور ہتھیار استعمال کیا ہے۔ جس کی وجہ سے اس کا معیار گھٹیا سے اور بھی گھٹیا ہوتا چلا گیا۔ اور اس سے فنی نزاکت اور ادبی رکھ رکھاؤ کہیں دور چلا گیا۔

ط نزومزاح کی سب سے مشہور و معروف صنف پیروڈی ہے۔ پیروڈی یونانی زبان کے لفظ پیروڈیا سے مشتق ہے جس کے معنی جوابی نغمہ کے آتے ہیں۔ پیروڈی وہ صنف ظرافت ہے جس میں کسی کے طرز نگارش کی تقلید کر کے اس کے اسٹائل یا خیالات کا مذاق

اڑانے کی کوشش کی جائے۔اردو میں اسے تحریف کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔سب سے پہلے اس کے واضح نقوش اکبر الہ آبادی کے یہاں ابھرتے ہیں۔اس کے بعد پیروڈی کے فن کو برتنے کی بیشتر شاعروں کے یہاں کامیاب کوشش ملتی ہے۔جدید دور میں پیروڈی کی طرف خاص طور پر دھیان دیا گیا ہے۔ پیروڈی ادب کی مشہور و معروف اصطلاح ہے اور یہ مغرب سے اردو ادب میں آئی۔اس کا تعلق مزاح سے ہے اور اس کے دائرے میں نظم و نثر دونوں آجاتے ہیں۔ لیکن پیروڈی صرف مزاح نگار ہی کا حربہ نہیں بلکہ طنز نگار بھی اس سے خاطر خواہ فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتا ہے۔یہ بات بھی قابل حافظہ ہے کہ پیروڈی اب ایک اصطلاح ہی نہیں ہے بلکہ اب یہ ایک صنف کا درجہ اختیار کر چکی ہے۔اس لئے طنز و مزاح کے حوالے سے اس کا درجہ کافی بلند ہے۔اردو داں طبقے نے پیروڈی کا تصور مغرب سے ہی مستعار لیا ہے۔اور اسی کو سامنے رکھ کر ہی اردو میں پیروڈی کی شعریات کو متعین کرنے کی کوشش کی ہے۔ پیروڈی کا مقصد پوری طرح عیاں ہے وہ یہ کی اس کا مقصد کسی فن پارے یا فن کار کی تضحیک ہے۔اردو کے ناقدیں حضرات بھی اس بات کو مانتے ہیں۔

پیروڈی کے لئے ضروری ہے کہ پہلے سے ہی ادب میں کچھ سرمایہ موجود ہو۔ابتدائی دور میں یہ سرمایہ نہیں تھا اس لئے پیروڈی رواج نہ پا سکی ورنہ اس وقت کے شاعروں میں کوئی کمی نہ تھی جو وہ پیروڈی میں ہاتھ نہ آزماتے۔ تخلیقی سرمایہ موجود نہ ہونے کے باوجود کچھ اشعار ایسے ہیں جو پیروڈی کے کچھ حد تک قریب پہنچ جاتے ہیں۔ لیکن ان کو پیروڈی کے زمرے میں نہیں رکھا جا سکتا۔اس لئے لامحالہ ہمیں پیروڈی کی ابتدا کے لئے اودھ پنچ کا انتظار کرنا پڑتا ہے۔اردو میں پیروڈی کو صنف ادب کی حیثیت دینے کا کام اودھ پنچ کے شعراء نے ہی کیا۔

دور جدید میں پیروڈی کی بالکل نکھری ہوئی صورت سامنے آئی۔دراصل پیروڈی کے لیے جو فضا سازگار ہوتی ہے وہ اردو ادب کو آزادی کے بعد ہی نصیب ہوئی۔ پیروڈی یا تحریف کے لئے سازگار وہ زمانہ ہوتا ہے جہاں چاروں طرف جذباتیت کا دور دورہ ہو۔اور ہر شخص کسی تنکے کا سہارہ لئے بے جانے بوجھے ہوا کے دوش بدوش اڑتا چلا جا رہا ہو۔ایسے مواقع تحریف نگار کا ساتھ دیتے ہیں اور وہ اصل میں ایک معمولی سی لفظی تبدیلی پیدا کر کے انسان کی سنجیدگی کو ختم کر کے اسے حالات و واقعہ کا از سر نو معائنہ کرنے کے لئے اکساتا ہے۔آزادی کے بعد اس صنف کو کافی عروج حاصل ہوا۔وجہ یہ تھی کہ اس دور میں جذبات نے ہر شے کو اپنے گھیرے میں

مقید کر لیا تھا۔ یہی وہ سازگار فضا تھی جس نے پیروڈی کو پھلنے پھولنے کا موقع فراہم کیا۔ اسی دور میں اردو کے اہم شاعروں کے توسط سے بہت سی کامیاب پیروڈیاں وجود میں آئیں۔

حواشی

1۔ وزیر آغا، اردو ادب میں طنز و مزاح، ص ۳۴

2۔ سید اعجاز حسین، ہنسنے کی ابتدا اور اہمیت، نقوش ۱۹۵۹، طنز و مزاح نمبر، ص ۱۱، ۱۲

3۔ وزیر آغا، اردو ادب میں طنز و مزاح، ۳۱

4۔ نامی انصاری، آزادی کے بعد اردو نثر میں طنز و مزاح، ص ۴۰

5۔ وزیر آغا، اردو ادب میں طنز و مزاح، ص ۶۲

6۔ جمیل جالبی، تاریخ اردو ادب، جلد دوم حصہ اول، ص ۹۷

7۔ کلیم الدین احمد، سخن ہائے گفتنی، ص ۳۲۶، ۲۷

8۔ خالد محمود، اردو ادب میں طنز و مزاح کی روایت، ص ۷۰

راجندر سنگھ بیدی کے افسانوں میں عورت اور تکنیک

شاہ خالد

ریسرچ اسکالر، جے این یو

کوئی بھی تخلیق اپنے موضوع پر ارتکاز اور فنی لوازمات کے استعمال سے ہی اعلیٰ قرار پاتی ہے۔ جب بھی فن پارے کی قرات کی جائے گی اور اس پر تنقید لکھی جائے گی تو ان دونوں کو کسی بھی صورت میں نظر انداز نہیں کیا جاسکتا ہے۔ تنقید میں ان کو بنیادی حیثیت حاصل ہے خواہ وہ کوئی بھی دبستان ہو۔ گذشتہ صدی کا نصف اور موجودہ صدی فکشن کی صدی ہے۔ آج کے دور میں فکشن میں افسانوں کو بنیادی حیثیت حاصل ہے، یہی وجہ ہے کہ موجودہ دور میں نہ صرف سب سے زیادہ افسانے لکھے اور پڑھے جارہے ہیں بلکہ افسانوں سے متعلق تنقید بھی سب سے زیادہ لکھی جارہی ہے۔ افسانوی ادب کی مقبولیت کی بنا پر ہی قدیم افسانہ نگاروں کو قاری بار بار پڑھتا ہے کیونکہ وہی اس کا معیار بھی قرار پاتے ہیں۔

گذشتہ صدی میں جن افسانہ نگاروں نے فن افسانہ کو عروج بخشا ان میں راجندر سنگھ بیدی کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ فنی اعتبار سے ان کے افسانے پختگی اور صلابت کا معیار ہیں۔ ایک طرف جہاں وہ اپنے افسانوں میں موضوع پر ارتکاز رکھتے ہیں وہیں وہ فن کو بھی کہیں نظر انداز نہیں کرتے ہیں۔ یوں تو سبھی افسانہ نگاروں نے خواتین کو موضوع بنایا اور ان کے دکھ درد اور ان کی محرومیوں کو اجاگر کرکے سماج میں ان کو انصاف دلانے کی حتی المقدور کوشش کی لیکن راجندر سنگھ بیدی نے جس انداز میں خواتین کو موضوع بنایا ہے اس کی مثال افسانوی ادب میں نہیں ملتی ہے۔ اکثر و بیشتر تخلیق کار سطحی معاملات کو موضوع بناتے ہیں اور اسی انداز میں اس کو برت کر خوش ہوتے ہیں کہ انہوں نے موضوع کا حق ادا کردیا ہے مگر سچ یہ نہیں ہے۔ حق تو یہ تھا کہ جس موضوع کو اٹھایا جاتا اس کو فنی صلابت مع جزئیات کے پیش کیا جاتا تاکہ قاری جہاں مسائل سے واقفیت حاصل کرتا وہیں وہ فن کا مظاہرہ بھی دیکھتا مگر اس میں سبھی افسانہ نگار کامیاب نہیں ہوسکے۔ یہاں تک کہ منٹو کے یہاں بھی عورت کے تعلق سے یک رخا پن دکھائی دیتا ہے لیکن راجندر سنگھ بیدی ایک رمز شناس افسانہ نگار ہیں اس لئے انہوں نے سطحیت اور یک رخا پن کو فن سے مس نہیں ہونے دیا بلکہ بہت گہرائی اور گیرائی کے ساتھ موضوع کو اٹھایا اور فنکاری کے ساتھ اس کو پیش کیا ہے۔ ان کے افسانوں میں عورت کے مسائل کے ساتھ ہی اس کی نفسیات کو بھی موضوع بنایا گیا ہے تاکہ خارج کے بجائے درون بھی سامنے آجائے اور قاری سمجھ سکے کہ وہ عورت جو زبان نہیں کھولتی ہے اس کے اندر کس قدر جوار بھاٹا ہے۔ انہوں نے عورت کو اس کی نفسیات کے ساتھ قاری کے سامنے پیش کیا ہے جس کی مثال ''اپنے دکھ

مجھے دے دو۔''لاجونتی''کھوکھ جلی''اور''گرہن'' وغیرہ میں بآسانی دیکھی جاسکتی ہیں۔ان میں انہوں نے جو کردار خلق کئے ہیں وہ تصوراتی نہیں ہیں اور نہ ہی ان کو سرسری انداز میں خلق کیا گیا ہے بلکہ بیدی نے کردار سازی میں ان کی نفسیات کو بھی سامنے رکھا ہے۔

تانیثیت، تخلیق کی قرات کا ایک زاویہ نظر ہے، جس کے تناظر میں فنکاروں کے فن پاروں کو دیکھنے کی کوششیں کی گئیں ہیں،اس تناظر میں جب ہم بیدی کے افسانوں کا مطالعہ کرتے ہیں تو اندازہ ہوتا ہے کہ وہ ایک فیمنسٹ افسانہ نگار ہیں جنہوں نے خواتین کے درد کو پورے سماج کا درد محسوس کیا،انہوں نے اس کو نصف کمتر کے بجائے نصف بہتر تسلیم کرتے ہوئے اس کے حق میں آواز بلند کی۔افسانہ نگاروں میں تانیثی نقطہ نظر سے ان کی آواز سب سے زیادہ بلند ہے۔ فن اور تکنیک کا استعمال کر کے انہوں نے اپنی آواز کو مزید مضبوط و مستحکم کیا ہے۔

نسوانی زندگی بیدی کے افسانوں کا خاص موضوع ہے۔ان کے یہاں عورت مختلف روپ میں ہماری سامنے آتی ہے۔ بیدی متوسط طبقے کی نمائندگی کرتے ہیں۔ وہ ایسی عورتوں کو اپنا موضوع بناتے ہیں جو ہر ایک کے لئے قابل قبول ہو۔

بیدی کے افسانوں میں عورت کے بے شمار روپ ملتے ہیں، مثلاً بھولا، چھوکری کی لوٹ اور من کی من میں، بیوہ عورت کی جھلکیاں ملتی ہیں۔''ٹرمنس سے پرے''میں بہن کا روپ ہے،''چیچک کے داغ'' میں وہ عورت ہے جو قبولیت کے جذبے کی علامت ہے۔اسی طرح' گرم کوٹ'میں وہ گھریلو عورت ہے جو شوہر کی ضروریات کا خیال ایک ماں کی طرح رکھتی ہے۔ غرض یہ کہ بیدی نے عورت کو اپنے افسانے میں بہت وسیع تناظر میں پیش کیا ہے۔اسی طرح بیدی کے یہاں کرشن چندر کی طرح عورت کا بڑا پاکیزہ اور لطیف تصور ملتا ہے لیکن کرشن چندر کے یہاں عورت سرتاپا حسن ہے اور بیدی اس کو سیرت کا آئینہ سمجھتے ہیں اگر کرشن چندر کی نظر اس کے حسن پر پڑتی ہے تو بیدی کی نظر اس کی روح اور سیرت کے حسن پر پڑتی ہے۔ بیدی کے بہت سے افسانے اسی نظریئے کو پیش کرتے ہیں۔

ان کی ایک بڑی خصوصیت یہ ہے کہ کوئی بھی افسانہ تحریر کرنے سے پہلے بہت غور و فکر کر کے ،کافی سوچ سمجھ کر اور الفاظ کی تراش و خراش کرتے ہیں۔ تکنیک اور پلاٹ کے اعتبار سے بھی بیدی کی کہانیاں پوری طرح مکمل ہیں، وہ پلاٹ بہت گٹھا ہوا اور کہانی کے دوسرے اجزا کو ایک دوسرے سے بہت کامیابی اور فنکارانہ مہارت کے ساتھ مربوط کرتے ہیں، وہ کہانی کہنے کے فن سے بخوبی واقف ہیں۔ان کے یہاں کردار ،ماحول اور واقعات میں ہم آہنگی اور ربط ہوتا ہے۔ بیدی کے افسانوں میں مکالمے نہایت چست اور بر محل ہوتے ہیں۔ان میں اختصار اور فطری حسن ہوتا ہے۔

بیدی کے یہاں تکنیک کا تنوع خوب ملتا ہے کہیں فلیش بیک کا استعمال کرتے ہیں تو کہیں کہانی کو سیدھے انداز میں لے جا کر موڑ دیتے ہیں۔ تکنیک دراصل کہانی کہنے اور اس میں قاری کی دلچسپی پیدا کرنے کا ایک وسیلہ ہے وہ اس وسیلے کو اس طرح کام میں لاتے ہیں کہ قاری ان کا اسیر ہو کر رہ جاتا ہے۔ان کی کہانیوں کی عمارت ہی تکنیک پر قائم ہے، وہ تنہا ایسے افسانہ نگار ہیں جن کی تکنیک پر سوال اٹھائے جانے کے بجائے وہ فن کا اعلیٰ معیار تصور کئے جاتے ہیں۔

جب کوئی تخلیق کار کسی ازم سے جڑ جاتا ہے تو اس کی تحریروں میں نہ صرف اس کا عکس دکھائی دینے لگتا ہے بلکہ بعض اوقات اس کی تحریریں اس ازم کا پروپیگنڈہ بن کر رہ جاتی ہیں اور ترقی پسند تحریک کے زیر اثر لکھا جانے والا ادب تو پروپیگنڈہ ہی تھا اس کے باوجود بیدی کے فن پاروں پر اس تحریک کا غلبہ نظر نہیں آتا اور نہ ہی وہ اپنی تخلیق کو پروپیگنڈہ بننے دیتے ہیں۔ دراصل جب ایک فن کار خود کو ازم کا نمائندہ مان کر فن کو پروپیگنڈہ کا وسیلہ بنانے لگتا ہے تو اس کی تحریریں آفاقیت کھو دیتی ہیں، راجندر سنگھ بیدی اس نقصان سے واقف تھے اسی لئے انہوں نے شعوری طور پر خود کو کسی ازم کا اس قدر اسیر نہیں بنایا کہ تحریریں پروپیگنڈہ بن جائیں۔ ترقی پسند تحریک سے جڑے رہنے کے باوجود ان کا فن مقید اور محدود نہیں ہے، ان کے یہاں تخیل و حقیقت کا امتزاج ملتا ہے، بیدی افسانوں میں علامتیں خلق کرتے ہیں اور ان کا فنکاری کے ساتھ استعمال بھی کرتے ہیں۔

کنہیالال کپور بیدی کی عظمت کا اعتراف کرتے ہوئے ایک جگہ لکھتے ہیں کہ :

''میں سمجھتا ہوں کہ بیدی وہ سیپ ہے جس کے منھ میں نہ جانے کیسے، نہ جانے کہاں سے کسی نازک خیال کا ذرہ آپڑتا ہے اور وہ اس پر اپنے فن کی آب چڑھا کر اسے ایک بیش قیمت موتی میں تبدیل کر دیتا ہے۔ بیدی کی بہترین کہانیاں دوبارہ پڑھنے سے دوگنا مزہ دیتی ہیں اور میرے نزدیک یہی اعلیٰ فن کی خوبی ہے۔'' (1)

بیدی نے اپنے افسانوں میں نئی تکنیکیں استعمال کی ہیں، ان کا آرٹ مصورانہ ہے۔ اس کا اندازہ ان کے افسانے ''دس منٹ بارش'' سے لگا سکتے ہیں، پورا افسانہ ایک ایسی تاثراتی تصویر ہے جس کی ہر تفصیل ذہن پر نقش ہو جاتی ہے۔ یہاں بیان کرنے والا موجود ہے اور اپنے گھر کے بر آمدے میں کھڑا جو کچھ دیکھتا ہے اس کو بیان کرتا چلا جاتا ہے۔ واقعات کو بیان کرنے کے ساتھ ساتھ بیان کرنے والے کے تاثرات بھی کارفرما ہیں۔

بیدی کے افسانوں میں ہمیں نمائندہ کرداروں کے بجائے خواہ معمولی کردار ملتے ہیں مگر وہ کرداروں کا استعمال موضوع کی مناسبت سے کرتے ہیں، ان کے افسانوں میں پیش کئے گئے کردار ہمیں اپنی طرف متوجہ کر لیتے ہیں اور ہمارے حافظے کا جز بن جاتے ہیں۔ مثلاً اپنے دکھ مجھے دے دو کی 'اندو' اور لاجونتی کی 'لاجو' اور ' لال چند' وغیرہ ایسے کردار ہیں جو ان کے کردار سازی کی اعلیٰ مثال ہیں۔ انہوں نے اپنے کرداروں کے ذریعہ سماج کی عکاسی کی ہے۔ اہم بات یہ ہے کہ وہ جس سبک انداز میں کردار کو آگے بڑھاتے ہیں اور دھیرے دھیرے وہ کردار پورے افسانے پر حاوی ہو جاتا ہے۔ انہوں نے اپنے اکثر و بیشتر افسانوں میں کردار سازی کی اسی تکنیک کا استعمال کیا ہے۔ ان کا کوئی کردار ایسا نہیں ہوتا ہے جو قاری کے ذہن سے محو ہو جائے کیونکہ وہ بڑی باریک بینی اور فن کاری کے ساتھ کردار کو قاری کے روبرو کرتے ہیں۔

کرشن چندر جیسے عظیم افسانہ نگار بیدی کی عظمت کا اعتراف کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''بیدی اکثر اوقات اپنے افسانوں میں جذباتی واردات اور نفسیاتی جزئیات کی تعمیر اس نستعلیق انداز میں کرتے ہیں کہ افسانے پر تاج محل کی مرمریں جالی کا دھوکہ ہونے لگتا ہے۔ وہ انسانی شعور کے غواص ہیں، اور اپنے کرداروں کی تعمیر میں اس صلاحیت سے بدرجہ اتم کام لیتے ہیں''۔ (2)

بارہافسادات کو موضوع بنا کر افسانہ نگاروں نے مختلف پیرائے میں اپنے خیالات وتاثرات کا اظہار کیا ہے لیکن بیدی کی ''لاجونتی'' ایک انفرادیت اور الگ نوعیت کی حامل ہے۔ بیدی کا کمال یہ ہے کہ وہ اپنے موضوع کو بھی فکر وخیال اور جذبات واحساسات کی آمیزش سے غیر معمولی بنا دیتے ہیں۔ انہوں نے اپنے ویژن (Vision) کو بہت وسیع کر کے دیکھا ہے۔ یہاں واقعہ نگاری اور ہنگامہ آرائی کا نہیں، جذبات واحساسات کا عمل دخل ہے، یہ خارجی ظلم و تشدد سے زیادہ داخلی کرب وذاتی احساسات کے تانے بانے سے بنی گئی ایک نفسیاتی کہانی ہے۔ اس میں جوش وجذبے کی روانی نہیں بلکہ فکر واحساس کی آہستہ روی موجود ہے۔ یہ کہانی بیانیہ انداز میں شروع ہوتی ہے اور پھر موقع و محل کے اعتبار سے مکالماتی اور خود کلامی (Monologue) کا انداز بھی اختیار کر لیتی ہے۔ فنکار نے خود کلامی سے ہی جذبات و احساسات کو نمایاں کرنے کی کوشش کی ہے۔ افسانے کا عنوان ''لاجونتی'' معنویت سے پُر ہے اور یہی کہانی کا مرکزی کردار بھی ہے۔ اس قسم کی چیزوں کو بیدی بہت کامیابی کے ساتھ برتتے ہیں۔ اس طرح ہمیں بیدی کی فنکارانہ صلاحیت کا اندازہ ہوتا ہے اور ان کی اس صلاحیت کو تسلیم کرنا پڑتا ہے۔

بیدی کی زبان سے متعلق جو اعتراض کئے جاتے ہیں وہ زبان کو افسانوی مواد سے الگ کر کے دیکھنے کا نتیجہ ہے۔ ابتدا میں انہوں نے مشکل اور فارسی آمیز زبان کے علاوہ ہندی اور پنجابی لفظیات کا استعمال کیا اسی لئے ان پر الزام عائد کیا جاتا ہے کہ ان کی زبان کھردری ہے مگر ایسا نہیں ہے ،دراصل انہوں نے زبان کا استعمال بھی موضوع اور تکنیک کے استعمال کی طرح بہت سوچ سمجھ کر کیا ہے، انہوں نے موضوعات کے اعتبار سے کردار خلق کئے اور پھر ان کرداروں کے اعتبار سے زبان کا استعمال کیا ہے، اس لئے ان کی زبان پر سوال اٹھانے سے پہلے تخلیق کے موضوع اور محل کا جائزہ لینا ضروری ہے، جب اس زاوئے نظر سے ان کے فن پاروں کی قرات کی جائے گی تو کسی کو کوئی اشکال نہیں رہے گا۔

انہوں نے دوسروں کے مقابلہ کم لکھا اور زود نویسی سے کام نہیں لیا کیونکہ وہ کمیت کے بجائے کیفیت کے قائل تھے، یہی وجہ ہے کہ جو بھی لکھا خوب لکھا، انہوں نے اسی کیفیت پر ارتکاز کی بنا پر اردو ادب میں نمایا مقام حاصل کیا ہے۔ جب جب افسانہ اور فسانہ نگاروں کی بات کی جائے گی تو راجندر سنگھ بیدی کو اس کے اعیان میں شمار کیا جائے گا۔

حوالہ جات

1 اطہر پرویز، راجندر سنگھ بیدی اور ان کے افسانے، صفحہ ۸۸

2. عبادت بریلوی ،اردو افسانے پر ایک نظر، صفحہ ۲۶۸

کرشن چندر کے ناولوں میں رومانوی اسلوب

نیبو لال
ریسرچ اسکالر
دہلی یونیورسٹی، دہلی

رومان اردو ادب میں ایک تحریک کا درجہ رکھتی ہے۔اس کو الگ الگ ادب میں الگ الگ نام سے جانا جاتا رہا ہے۔اردو ادب میں نقادوں نے اس کے معنی اور مطلب دونوں کو الگ الگ سمجھا اور سمجھایا ہے۔ انگریزی ادب میں رومانٹک، ہندی میں چھایا وادی اور اردو میں رومان یا رومانی اور رومانویت وغیرہ لفظوں سے جانا جاتا ہے۔'رومان' انگریزی لفظ'رومینس' (ROANCE) سے نکلا ہے۔جس کا مطلب میرے خیال میں دل بہلنے یا دل بہلانے سے ہے۔وہ ادب جو قاری کو ذہنی و دلی سکون بخشے اور عوام میں محبت کی تصویر پیش کرے رومان کہلاتا ہے اس بارے میں محمد حسن لکھتے ہیں؛

''رومان لفظ رومانس سے نکلا ہے اور رومانس زبانوں میں اس قسم کی کہانیوں پر اس کا اطلاق ہوتا تھا جو انتہائی آراستہ اور پر شکوہ پس منظر کے ساتھ عشق و محبت کی ایسی داستانیں سناتی تھیں جو عام طور پر دور وسطیٰ کے جنگ جو اور خطر پسند نوجوانوں کے مہمات سے متعلق ہوتی تھیں اور اس طرح اس لفظ سے تین خاص مفہوم وابستہ ہو گئے۔

(۱) عشق و محبت سے متعلق تمام چیزوں کو رومانوی کہا جانے لگا۔

(۲) غیر معمولی آراستگی، شان و شکوہ، آرائش، فراوانی اور محاکاتی تفصیل پسندی کو رومانوی کہنے لگے اور

(۳) عہد وسطیٰ سے وابستہ تمام چیزوں سے لگاؤ اور قدامت پسندی اور ماضی پرستی کو رومانوی کا لقب دیا گیا۔'' (1)

پروفیسر محمد حسن کے اس اقتباس سے لفظ رومان کے معنی اور مطلب دونوں واضح ہو جاتے ہیں۔جو بھی قاری کرشن چندر کے تحریروں سے گزرتا ہے وہ کچھ اسی طرح کے معنی و مطلب سے روشناس ہوتا ہے۔ ہر لفظ انسان کے مقصد کے لئے ہے اور اس کا معنی و مطلب وقت کے ساتھ بدلتا رہتا ہے۔ لفظ رومان کو بھی وقت کے بدلتے ہوئے دور سے گزرنا پڑا لیکن تب تک اردو ادب میں رومانی تحریک زندگی کی بڑی ضرورتوں کو پورا کر چکا تھا ۔ قدرت سے اپنا رشتہ قائم کر کے رومان نے قدرت کے نہ صرف مناظر حسن کو پیش کیا بلکہ قدرت کے خلاف اٹھنے والے قدموں کی نشاندہی بھی کی

جسے رومانی ادب میں دیکھا جاسکتا ہے۔انسان کی آزادی اور فطری خواہشوں کا اظہار حسین تصورات کے ساتھ بیان کر کے رومانی تحریک نے اردو ادب میں اپنا مقام بلند کیا۔ کرشن چندر نے بھی وقت کی اس بہا و کے ساتھ قدرت کے پیرائے میں ڈھالنے کی بھرپور کوشش کی جس میں وہ بے حد کامیاب بھی ہوئے۔ قدرت کا جو کرشمہ ان کے یہاں دیکھنے کو ملتا ہے وہ اردو ادب کے کسی اور ادیب کے یہاں نظر نہیں آتا۔ وہ انسان اور اس کی خوبصورتی خاص طور سے عورت کے ذہنی اور جسمانی حسن کو قدرت کی حسین ترین مناظر کے ساتھ ملا کر غضب کا اثر پیدا کرتے ہیں۔ وہ ایک دوسرے کو اپنے آپ میں پناہ لینے اور دینے کی تصویریں کو پیش کرتے ہیں۔

عام طور پر خیال کیا جاتا ہے کہ اردو میں رومان کا مفہوم عشق و محبت ہے۔ یہ بات اپنی جگہ کچھ حد تک درست ہو سکتی ہے لیکن جب ہم کرشن چندر کو پڑھتے ہیں تو اردو ادب میں لفظ رومان کے مطلب کچھ اور ہی سمجھ میں آتے ہیں۔ جہاں عشق و محبت سے الگ انسانی بغاوت کی تصویر بھی دیکھنے کو ملتے ہیں۔ کہیں وہ احساسات کی حمایت کرتے ہیں تو کہیں ظلم کے خلاف بغاوت کرتے نظر آتے ہیں۔ انسان کے ساتھ ہو یا قدرت کے نظام کے ساتھ ہر جگہ کرشن چندر رومان کے راستے زندگی، پیار اور دوستی تلاش کرتے ہیں۔ لیکن لئے ان کے یہاں رومان صرف عشق و محبت کے پیرائے میں ہی نہیں بلکہ زندگی، دوستی اور انسانیت کے معنی تلاش کرتی ہے۔ اس لئے ایک جگہ محمد حسن صاحب اپنے باتوں سے خود مخالفت کرتے ہوئے لکھتے ہیں؛

''رومانیت نے روایتی سانچوں سے بغاوت کی تھی۔ یہ بغاوت ابتدائی شکل میں صنعتی یورپ اور اس کے متعلق طبقوں کی بغاوت تھی جو جاگیر دارانہ ضبط و نظم کے خلاف کی گئی تھی۔ یہ بغاوت انسانی احساسات اور نئے انسان کے جمہوری حقوق کی طرفدار بن کر سامنے آئی تھی۔ اس لئے اس کی آواز کافی حد تک انقلابی تھی۔ اور جیسے جیسے جاگیر داری قدریں ختم ہوتی گئیں اور منفی رومانویت پر مثبت قدریں ڈھلنے کا کام آپڑا'' (2)

کرشن چندر رومانویت کے انہی پہلوؤں کو سمجھتے تھے وہ ہندوستان کے قدیم فرسودہ سماجی روایات سے بغاوت کرتے ہیں جو عوام کے استحصال کا ذریعہ بنتی ہیں۔ ان کی یہ بغاوت قدر اور انسان کے اعظیم اتحاد پر قائم ہوتی ہے۔ جہاں انسان ہر طرح کی تفریق بھول جاتا ہے۔ اس طرح کرشن چندر قدرتی حسن کی تلاش کے ذریعے انسان کو محبت کی راہ تک لانے کی کوشش کرتے ہیں۔ جس میں طبقاتی تفریق بھی شامل ہوتی ہے۔ جو یہاں رومان سے مل کر انقلاب کی صورت اختیار کر لیتی ہے۔ مگر ان کے انقلاب میں بھی ہمیں رومان کا پہلو دکھائی دیتا ہے۔ وہ کسی بھی صورت میں انقلاب اور رومان کو ایک دوسرے سے جدا نہیں ہونے دیتے کیوں کہ یہ سب سماج کی حقیقت ہے اور حقیقت نگاری ہی ان کا مقصد ہے۔ اس طرح دنیا کی تمام تحریکیں، تمام انقلاب، تمام آرزو اور انسان خود اپنے آپ ان کے تحریک کا حصہ بن جاتا ہے۔ کرشن چندر کے یہاں حقیقت اور رومان کی نشان دہی کرتے ہوئے ڈاکٹر آنسہ احمد سعید لکھتی ہیں؛

''کرشن چندر کے ناولوں کا تنقیدی مطالعہ کرتے ہوئے ہم یہ دیکھ سکتے ہیں کہ کرشن چندر ی نے اپنی ادبی زندگی کا آغاز افسانے سے کیا اور رومانی افسانے ۳۶ء سے لے کر ۱۹۴۰ ء تک لکھے۔اس کے بعد غالبا ۱۹۴۰ء سے لے کر ۱۹۴۲ تک جو افسانے لکھے ان میں رومانیت کے ساتھ ان کا رجحان حقیقت پسندی کی طرف رواتھا۔لہٰذا اس دور کے افسانوں اور ناولوں میں رومانیت اور حقیقت پسندی کا امتزاج ہے اور ۱۹۴۲ سے لے کر ۱۹۴۶ تک انقلابی حقیقت پسندی اور سماجی رجحانات نمایاں ہیں۔اس میں اشتراکی، سماجی، انقلابی اور رومانیت اور حقیقت پسندی کے ملے جلے رجحانات تھے۔'' (3)

کرشن چندر کے یہاں رومان قدرت کے پس منظر میں ابھر کر آتا ہے۔جہاں انسان اپنے وجود کے ساتھ آزاد ہے وہ جانتے ہیں کہ انسان کو قدرت کی گود میں ہی سکون ملتا ہے۔قدرت انسان کی ماں باپ ہے کیوں کہ پیدا تو ماں باپ ایک بچے کو کر دیتے ہیں لیکن ساری زندگی وہ قدرت کا کھاتا ہے، پیتا ہے اور پلتا ہے لہذا انسان قدرت کے سہارے جیتا ہے۔اس لئے کرشن چندر کے یہاں قدرت سے بے پناہ لگاو ہے قدرت سے یہ لگاو اور اس کی ایسی پیش کش ادب کو رومان کا حصّہ بناتی ہے، کرشن چندر کے قدرتی پیش کش اور قدرت سے بے پناہ لگاو کو دیکھتے ہوئے ڈاکٹر مہ جبین نجم بیان کرتی ہیں ؛

''کرشن چندر کا تعلق کشمیر جیسے جنت نظیر خوبصورت علاقے سے تھا۔ان کے والد ریاست پونچھ میں ڈاکٹر تھے۔پونچھ جو کشمیر ہی کی طرح خوبصورت ہے اور اونچے اونچے پہاڑ، خوبصورت مرغزار اور وادیاں لانبے لانبے چیڑھ اور چنار کے درخت، چاروں طرف ہریالی گھنے جنگل، ندی کا شفاف یخ بستہ پانی، خاموش اور گہری جھیلیں، ٹھنڈے شفاش چشمے، نرم گھاس اور صاف ستھری ہوا۔یہ تھا پونچھ کا حسین محل وقوع اور اس خوبصورت جگہ کرشن چندر کے بھائی مہیندر ناتھ کے کہنے کے مطابق برف سے ڈھکی ہوئی چوٹیوں سے جب سورج نکلتا تو ساری وادی میں ایک نور سا چھا جاتا دل و دماغ پر ایک نشہ سا طاری ہو جاتا! ظاہر ہے قدرت کے اس بے پناہ حسن سے کرشن چندر کا دل و دماغ شدید طور پر متاثّر ہوا ہے جس کا ثبوت ان کے مختلف ناولوں میں موجود منظر نگاری کے پُر اثر ٹکڑے ہیں۔اس طرح قدرتی جلووں کی منظر نگاری ان کے ناولوں کی ایک انفرادی خصوصیت بن گئی ہے۔''

اردو ادب کو اب تک بہت سے ادیب ملے ہیں جنھوں نے کشمیر کے وادیوں میں آنکھیں کھولی اور وہاں کے ہوا اور پانی کو پی کر قدرتی مناظر میں سیر کرتے ہوئے جوان ہوئے اور عشق کو پروان تک پہنچایا لیکن وہ قدرت کے نظام کو کرشن چندر کی طرح نہ سمجھ سکے اور نہ ادب کو اس سے فائدہ پہونچا سکے۔اس لئے کرشن چندر کا ہر قاری ان کے اس حسین قدرت بیانی اور رومانویت کی پیش کش کا قائل ہے۔کوئی بھی قاری ان کی اس قابلیت سے انکار نہیں کر سکتا کیوں کہ کرشن چندر قدرت کے حسین مناظر کو اس طرح پیش کرتے ہیں کہ ان کے قلم سے کوئی قدرتی پہلو چھوٹ نہیں پاتا چاہے وہ انسان سے جڑ کے منظر نگاری کرنے یا جانور سے کھیت سے یا جنگل سے یا پھر دریا، جھیل، پہاڑ اور ان میں بسنے اور رہنے والے چرند پرند سب کی حسن تصویر لے کر ادب میں آتے ہیں۔شاید اسی لئے ڈاکٹر قمر رئیس ان کے بارے میں اس طرح لکھتے ہیں، بحوالہ ڈاکٹر آنسہ احمد سعید۔

''کرشن چندر کی موت کے ساتھ نہ کسی عہد کا خاتمہ ہوا نہ کسی تحریک یا دبستان کا،ان کی موت کے ساتھ ایک صناع سو گیا ہے،وہ قلم جو ہزار شیوہ زندگی اور فطرت کی ایسی بے لاگ، بے نام اور معنی خیز تصویریں بنانے پر قادر تھا جس پر دوسرے مصور صرف رشک کر سکتے ہیں۔ابھی یہ سمجھنا بھی مشکل ہے کہ کرشن چندر کے بے شمار لفظی پیکروں اور صناع کے مرقعوں میں جو بے مثل دل کشی زبانی قوت اور کیفیت ہے اس کا سرچشمہ کیا ہے؟کئی نسخہ کیمیا انہیں کیسے حاصل ہوا؟'' (4)

تو ان کے بارے میں یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ کرشن چندر ایک ایسے بڑے مصور ہیں۔ جن پر دوسرے مصوّر رشک کر سکتا ہے۔ان کا جواب صرف ان کا ہی قلم ہو سکتا ہے۔ادب میں کسی اور کے یہاں اس طرح کی مصور نگاری دیکھنے کو نہیں ملتی۔اس کی خاص وجہ یہ ہے کہ کرشن چندر ایک عاشق مزاج اور رومان پرست انسان تھے۔جو ان کے ادب میں ہی نہیں ان کی زندگی میں بھی دیکھنے کو ملتا ہے۔انھیں ہر وہ خوبصورت تصویر اچھی لگتی تھی جو قدرت کے نظام اور اس کے حسن کو بنائے رکھنے میں مدد کرتی تھی۔خوبصورت اور ذہین شے کو محبت کی طرح ہی اپنی تحریروں میں اتار دینا چاہتے ہیں۔ وہ قدرت کی ہر تخلیق کو اس کی اصل شکل میں دیکھنا چاہتے ہیں اسے چھونا چاہتے ہیں،اسے محسوس کرنا چاہتے ہیں،اسے سمجھنا چاہتے ہیں،اور چاہے وہ عورت ہو یا کوئی اور حسین شے یہی وجہ ہے کہ ان کی تحریریں قدرت سے انہیں قریب کرتی ہیں۔جو خوبی کسی اور قلمکار کے یہاں نہیں ملتی ان کی یہ کوشش حقیقت نگاری اور ترقی پسندی کی طرف لے جاتی ہے۔جس میں اچھی خاصی رومانیت کی تصویریں بھی صاف طور پر دیکھی جاسکتی ہیں۔اسی لئے شاید ان کے بارے میں ڈاکٹر خوشحال زیدی لکھتے ہیں؛

''کرشن چندر بنیادی طور پر رومان پسند اور عاشق مزاج انسان ہیں اسی وجہ سے ان کی ابتدائی تخلیقات میں رومانیت غالب نظر آتی ہے۔جب انھوں نے ترقی پسند تحریک سے اپنا رشتہ جوڑا تو ان کی رومانویت پسندی اور حقیقت نگاری کی جانب ان کا رجحان بڑھتا جا گیا اس کے باوجود رومانویت پسندی سے وہ اپنا دامن نہ بچا سکے لیکن اس سے ان کی تخلیقات کو نقصان کے بجائے فائدہ ہی پہنچا کیوں کہ اس طرح حقیقت نگاری اور رومانیت کا ایسا حسین امتزاج عمل میں آیا جو اردو ادب میں کرشن چندر جیسے معدودے شاعر کی دین ہے'' (5)

کرشن چندر کے بارے میں یہ کہنا کہ خالص رومان پرست ہیں حقیقت نگار ہیں یا ترقی پسند ہیں یہ صرف ان کی نہیں بلکہ ادب کی توہین ہوگی ایسے عظیم فنکار کو نہ کوئی ادب باندھ کر رکھ سکتا ہے اور نہ کوئی تحریک وہ بیک وقت ہر ادب اور ہر تحریک کا نمائندہ بن جاتے ہیں۔کرشن چندر ایسے ہی ادیبوں میں سے ہیں جنہیں کسی ادبی تحریک سے باندھا نہیں جاسکتا کیونکہ کرشن چندر زمین کا وہ پرندہ تھا جو ہر وقت انسانی حسن وجمال،خوبصورتی اور بدصورتی وبداخلاقی کو دیکھنے کے لئے کبھی کشمیر کی وادیوں میں تو کبھی کلکتہ کے غریب بھوکے انسانوں کی تو کبھی دہلی،پونے، ممبئی لاہور ملک اور غیر ملک کی سڑکوں وگلیوں میں گشت کرتا ہے۔اس طرح سے کرشن چندر کے دل کو جو بھی چھوتا ہے وہ اسے اپنی کہانیوں کا حصّہ بنا دیتے ہیں۔اسی لئے عظیم اقبال ان کے بارے لکھتے ہیں؛

''کرشن چندر رومان پرست ہیں۔ان کی یہ رومان پرستی کہیں قدرت کے حسین نظاروں اور کہیں نازک انسانی جذبوں کے توسط سے اظہار کا پیکر بنتی ہے''(6)

کرشن چندر کا مجاز ہی قدرتی تھا اور مزاج ہر انسان کا اپنے طور پر دلچسپی اور محبت سے پیدا ہوتا ہے پر یہی امید ہی انسان کا امان بن جاتا ہے اور امان ہی تو ایک طرح سے انسان کا اپنا مذہب ہوتا ہے۔ مذہب تو انسان اپنا بدل سکتا ہے لیکن اپنا عقیدہ، امان اور مزاج نہیں بدل سکتا۔ رومان کرشن چندر کے یہاں عقیدے کے طور پر دیکھا جاسکتا ہے اور ان کا یہ عقیدہ اور امان ان کی ہر تحریر میں دیکھنے کو مل جاتا ہے۔ جس سے ان کی تحریریں ان کے قاری کے دل و دماغ کو اپنی طرف راغب کرتی ہیں۔ان کی وہی خوبی اور بیان کی پیش کش ان کے یہاں شاعری کی چاشنی پیدا کرتی ہے۔ایسی تحریریں ان کے یہاں عام طور پر دیکھنے کو ملتی ہیں لیکن جب کشمیر کی حسین ورنگین سرزمین کے خوبصورت پہاڑ، حسین وادیاں، جھیلوں اور جھرنوں کا حسین میل اور اس میں نہاتی ہوئی گاوں کی حسین دوشیزہ، جنگلوں میں گھاس کاٹتی گاوں کی عورتیں، سر پر لکڑی کا گٹھّر لئے بل کھاتی چلتی ہوئی کوئی کنواری لڑکی، جھرنوں پہاڑوں اور درختوں کے درمیاں چہچہاتے ہوئے پرندوں کی مدھم اور مترن آواز میں آواز ملاتی ہوئے جھرنوں کے بہتے پانی کی آواز میں آواز ملا کر دھیرے، دھیرے قدموں سے چلتی ہوئی جوان، حسین اور مہ جبین لڑکیوں کے جھنڈ کا جب ذکر آتا ہے تو ان کے یہاں شاعرانہ خوبی اور بڑھ جاتی ہے۔جوان کے ناولوں میں رومان بن کر اتر آتی ہے۔

ناول شکست میں شیام کا گاوں کی طرف اکّا گاڑی پر چل کر آنا اور سیدا سے ملاقات اور اس سے گاوں کے سماجی، سیاسی حالات کے بارے میں معلومات حاصل کرنا، سیدا کا گایوں اور بھیسوں کو جھرنا سے پار کرنا، نیلے ہرے صاف پانی چمکدار پتھروں کا ذکر اور اس میں سیدا کا نہانا رومان کی زبردست مثال ہیں۔ونتی اور شیام کے ملاقات میں رومان کا بہت خوبصورت منظر ابھرتا ہے۔

''ونتی بولتی ہے۔'' ہاں میں بھول گئی تھی۔میں آج ترناری کے پھول میں لگاوں گی۔اگر آپ کو تکلیف نہ ہو تو ان پھولوں کو چن دیجئے۔ان خاردار شاخوں سے مجھے بہت ڈر لگتا ہے۔''

شیام نے ادھر ادھر دیکھا لیکن اس گنجان سبز سے گھری ہوئی پگڈنڈی پر کہیں کوئی آدمی نظر نہ آیا۔وہ آہستہ آہستہ نہایت احتیاط سے پھولوں کے گچھے اتارنے لگا۔اور ونتی نے وہیں جھنڈ کے نیچے سبزے پر بیٹھ کر اپنے جوڑے میں پھول لٹکا لئے تھے اور گجرے بنانے کے لئے اپنے دوپٹے میں بھی بھر لئے تھے، شیام کو ایسا معلوم ہوا کہ جیسے خود ترناری کی بیل بن گئی ہے۔وہی لچک وہی خم، وہی پھول، سیاہ بالوں کے جوڑے میں سپید پھول اس طرح چمک رہے تھے، جیسے اندھیاری رات میں تاروں بھری کہکشاں۔اور وہ داد طلب نگاہوں سے شیام کی طرف دیکھ رہی تھی۔''(7)

اس کے علاوہ ان کے ناول گنگا بہے نہ رات، برف کے پھول، دوسری برف باری سے پہلے، سڑاک واپس جاتی ہے، آدھا راستہ وغیرہ میں اس طرح سے رومان کے منظر دیکھنے کو ملتے ہیں۔ کرشن چندر انسان کی زندگی کو فطرت کے اتنے قریب لانا چاہتے ہیں۔ جس سے انسان اپنے آپ کو پہچان سکے۔ جہاں سے انسان اپنے آپ کو الگ کر لیا ہے۔ کرشن چندر اپنی کہانیوں کے پلاٹ کے ذریعے انسانوں کو دوبارہ فطرت کی سیر کرانے میں کامیاب ہوتے ہیں جو نہ صرف ایک ادیب کی بلکہ ادب اور انسان کی کامیابی کی دلیل ہے۔ جبکہ ان کے اس فن کو کئی قارئین عیب بتاتے ہیں۔ وہ محض منظر نگاری اور خالی لفاظی کہہ کر ان سے اپنا دامن جھٹک لیتے ہیں شاید ایسے لوگوں سے ادب اور زندگی کے نظام سے کوئی دلچسپی نہیں ہوتی پروفیسر علی احمد فاطمی اس طرح کے لوگوں کے جواب اور کرشن چندر کے فنکرانہ صلاحیت کے بارے میں کچھ اس طرح لکھتے ہیں؛

''کمزور قارئین اور نکتہ چین اسے محض منظر نگاری یا خالی لفاظی کہہ کر کیا سے کیا ثابت کرتے چلے جاتے ہیں وہی کرشن چندر کے اُس درد و جذبہ تک پہنچ نہیں پاتے جہاں وہ سُبک رومانیت میں گراں حقیقت تلاش کر کے منظر حیات کو انظامِ حیات بلکہ دو قدم آگے بڑھ کر فلسفہ حیات میں تبدیل کر دیتے ہیں اور سوال قائم کرتے ہیں کہ ہر بڑا فنکار اکثر سوال قائم کرنا ہے''(8)

کرشن چندر کے بارے میں یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ وہ زندگی کی بہتر راہ تلاش کرتے ہیں۔ کیوں کہ ہر قدم پر سوال جواب مانگتے ہیں جو ان کی تحریروں میں فلسفہ اور حقیقت کی شکل میں آسانی سے دیکھے جا سکتے ہیں۔ رومان صرف ایک تحریک نہیں ہے بلکہ ان کے لئے ایک اچھی دنیا کی تلاش ہے۔ اچھے انسان کی تلاش ہے، محبت کی تلاش ہے اچھے اور خوبصورت منظر کی تلاش ہے اور وہ اس بات کو بخوبی جانتے ہیں کہ انسان قدرت سے بنا محبت کئے اپنے آپ سے محبت نہیں کر سکتا اور نہ ہی دوسرے انسان سے محبت کر سکتا ہے۔

اس لئے ان کے کہانیوں میں انسان، انسان سے محبت تلاش کرتا ہے، جو رومان کی صورت میں قاری کو نظر آتا ہے۔ رومان کی تلاش میں ان کے کردار دنیا بھر کا سیر کرتے نظر آتے ہیں لہٰذا محبت رومان کے لئے ضروری ہی نہیں بلکہ رومان محبت کے لئے ضروری بنتا ہوا نظر آتا ہے اور یہی ادب اور زندگی کی حقیقت ہے۔ اس طرح کی مثال ان کے بے شمار ناولوں میں دیکھے جا سکتے ہیں۔ ان کے ناول 'اس کا بدن میرا چمن' سے ایک اقتباس ملاحظہ ہو؛

''جنگل مجھے بلا رہا تھا۔ جنگل تو میرا بھائی ہے، اندر آتے ہی میری زندگی کی ساری خلش مٹ جاتی ہے۔ جیسے کسی نے روح پر مرہم رکھ دیا ہو یا کسی نے میرے رستے زخموں پر اپنے ہونٹ رکھ کر ان کا سارا زہر چوس لیا ہو۔ یہاں درختوں کے ساتھ چلتا ہوں جھاڑیوں کے ساتھ اٹھکیلیاں کرتا ہوں اور پھولوں کے ساتھ مصروف گفتگو رہتا ہوں۔ کہیں کہیں درختوں سے لپٹی بیلیں کسی چشمے کے کنارے کھڑی دوشیزاووں کی طرح مجھے محجوب نگار ہوں سے تاکتی نظر آتی ہیں۔(9)

وہ جب حسن فطرت اور دل کش منظر کی بات کرتے ہیں تو صرف قدرتی مناظر میں جنگل پہاڑی اور وادیوں کی ہی عکاسی نہیں کرتے بلکہ حسین خوبصورت عورتوں کا بھی ذکر کرتے ہیں۔ جو قدرت کی حسین ترین نعمت ہیں۔ اوپر سے کشمیر کا ہر حسن پوری دنیا میں مشہور ہے۔ جس کی ایک جھلک کرشن چندر اس طرح بیان کرتے ہیں۔

''یا سچ بتاو تمھیں بھی کشمیری لڑکی اچھی لگتی ہے۔ بھائی ہوتی تو بہت عمدہ ہے گوری چیٹی اور میٹھی، سیب اور مہربان، ہماری پنجابی لڑکی تو بڑی لڑاکا ہوتی ہے۔''(10)

یہ قدرت کے ہر اچھے اور بڑے شے کو حقیقی تصویر اتارنے میں ماہر ہیں۔ ان کی ہر حسین شے کی تصوری کشی بلا کی ہوتی ہے۔ وہی بہادور اور لڑاکو لڑکیوں کی بھی تصویر پیش کرتے ہیں۔ جو ملک اور معاشرے میں دیکھنے کو ملتی ہیں خاص طور سے پنجاب سے لہٰذا وہ دنیا کی ہر وہ حسین اور بدی کی مثال پیش کرتے ہیں۔ جو عام قلم کاروں کے یہاں دیکھنے کو نہیں ملتی زیادہ تر کرشن چندر قدرتی حسن بیانی کو پیش کرتے ہیں اور یہ خوبی ان میں اتنی موجود ہے کہ قاری کے سامنے زمین کی ہری بھری تصویر ابھر کر سامنے آجاتی ہے۔ مثال کے لئے ان کے ناول 'ہونولولو کا راجکمار کا ایک اقتباس دیکھئے؛

''ہریش نے چکن شینڈوچ اس کے ہاتھ پر رکھے وہ ہولے ہولے چکن شینڈوچ کٹنے لگی ترچھی نگاہوں سے اس کی طرف دیکھتے ہوئے بولی۔

''اب یہاں سے ذرا بائیں کو چلیں اوپر۔''

''چلو۔''ہریش نے آہستہ سے کہا۔

درخت گھنے ہوتے جارہے تھے۔ جنگلی آم اور وسنبٹ اور ڈاھاس کے بڑے بڑے پتوں والے پیڑ۔ اور جھاڑیوں پر گہری بیلیں۔ اور اونچے اونچے ٹیلوں پر ناگ پھنی کی خاردار جھاڑیاں۔ اور ان سب کے بیچ میں ہری ہری دوب کا ایک خوبصورت قلعہ۔۔۔۔'' (11)

کرشن چندر قدرت کو ہی سب کچھ مانتے ہیں۔ وہ انسان کی عظمت کا سہرا بھی قدرت کے نظام کو باندھتے ہیں۔ اور محبت کی داستان کے قصّے بھی محبت کے نظام سے جوڑتے ہیں۔ ج تمام قاری اور نقاد اس کو رومان کا نام دیتے ہیں۔ اصل میں رومان کا مطلب انسانوں کا قدرت کے نظام کی طرف رخ کرنا بھی ہو سکتا ہے ۔ جس میں انسانی زندگی ہو اور انسان کی زندگی کی ساری حقیقت ہو۔ محبت ایک حقیقت ہے نفرت کی طرح اس لئے ان کے یہاں دونوں پہلو نظر آتے ہیں۔ اس لئے کرشن چندر کے لئے یہ کہا جاسکتا ہے کہ ان کا رومان دوسروں کے رومان سے مختلف اور مکمل ہے۔

حوالہ جات

1. محمد حسن۔اردو ادب میں رومانوی تحریک۔ص۱۱
2. محمد حسن۔اردو ادب میں رومانوی تحریک۔ص80
3. کرشن چندر کے ناول تحقیقی و تنقیدی مطالعہ۔ڈاکٹر آنسہ احمد سعید، ص۲۶۴
4. کرشن چندر کے ناول تحقیقی و تنقیدی مطالعہ۔ڈاکٹر آنسہ احمد سعید، ص۲۸۶بحوالہ۔تنقیدی تناظر،ڈاکٹر قمر رئیس، ص۱۵۴
5. ڈاکٹر خوشحال زیدی۔ص،۸۴،۸۵
6. عظیم اقبال۔اودود نیانومبر ۲۰۱۴دہلی۔ص۳۵
7. شکست۔رجت بک ہائوس روہنی دہلی۵۸،ص۵۹
8. علی احمد فاطمی۔کرشن چندر کا فکر و فن۔ص۴۷
9. کرشن چندر۔اس کا بدن میرا چمن۔ص۶
10. کرشن چندر۔طوفان کی کلیاں۔ص۲۰۰
11. کرشن چندر۔ہونولولو کا راجکمار۔ص۱۸

ایک غلطی

محمد غفران

ریسرچ اسکالر، جے این یو

صاحب میری بیٹی ابھی تک گھر نہیں پہونچی ہے

سندر لال نے گھبرائی ہوئی آواز میں کہا

انسپکٹر نے کرسی پے آرام سے ٹیک لگاتے ہوئے پوچھا: کہا گئی تھی؟

پڑھنے گئی تھی صاحب لیکن ابھی تک گھر نہیں پہونچی ہے، چار بجے تک وہ آجاتی تھی لیکن آب تو آٹھ بج رہے ہیں، صاحب ڈھونڈئے بچی ہے وہ

یہ کہتے ہوئے سندر لال رو پڑا۔ اس کے چہرے پہ دکھ اور فکر کی عجیب سی کیفیت طاری تھی۔

آپ نے اپنے رشتے داروں یا اس کی سہیلیوں کے یہاں پتا کیا؟

انسپکٹر نے بے فکری سے ایک لمبی سانس لی اور دوسرا سوال کیا

جی صاحب ہر جگہ دیکھا پر کسی کو کچھ پتا نہیں۔

سندر لال نے فورا جواب دیا

انسپکٹر نے نظریں اٹھائیں اور بڑی ترش روئی کے ساتھ سندر لال کی طرف ایک اور سوال اچھال دیا

کسی لڑکے کا کوئی چکر؟

انسپکٹر کے اس سوال سے سندر لال کے چہرے کا رنگ اڑ گیا اور وہ اپنی بیوی منجو دیوی کی طرف سوال بھری نظروں سے دیکھنے لگا۔

دیکھئے اگر آپ لوگ ہمیں پوری بات نہیں بتائیں گے تو ہم آپ کی بیٹی کو ڈھونڈ نہیں پائیں گے

انسپکٹر نے غور سے ان دونوں کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔

سندر لال ہچکچاتے ہوئے بولا، صاحب! میری تین بیٹیاں ہیں جو میرے پڑوسی نادر شیخ کے یہاں آتی جاتی ہیں۔ نادر شیخ کے دونوں بچے تبسم اور اشفاق بھی میرے گھر آتے جاتے ہیں، تقریباً چار مہینہ پہلے اشفاق اور میری بڑی بیٹی سونم کے بارے میں کچھ اڑتی ہوئی خبر سنی تھی تو اس کو سمجھایا بھی اور سختی بھی کی جس کے بعد سب کچھ ٹھیک ہو گیا، اب آنا جانا بھی نہیں ہے، آخری جملہ اس نے کچھ اس انداز میں کہا جیسے وہ خود سے ہی جھوٹ بول رہا ہو۔

انسپکٹر اپنا تیور چڑھاتے ہوئے بولا، ابے آنا جانا نہیں ہے، اس کا کیا مطلب، اسی کے ساتھ وہ بھاگ گئی ہو گی۔ جب وہ اپنی مرضی سے بھاگی ہے تو اس میں ہم کیا کر سکتے ہیں۔

اتنا کہنے کے بعد وہ مغلظات بکنے لگا، سالے لڑکیوں پر نظر نہیں رکھتے، دھیان نہیں دیتے اور جب بھاگ جاتی ہیں تو پولس کو پریشان کرنے چلے آتے ہو، جیسے ہم ان کے لئے ہی بیٹھے ہوں۔

اتنا کہنے کے بعد انسپکٹر نے منجو کی طرف دیکھتے ہوئے کہا: کیوں تم کیا کر رہی تھی، تم نے بھی دھیان نہیں دیا، چلو جاؤ یہاں سے اس میں میرا کیا کام ،جب من بھر جائے گا تو وہ دونوں خود بخود واپس آجائیں گے۔

انسپکٹر کے آخری جملے پگھلائے ہوئے سیسے کی طرح اس کے کان میں گھس گئے ،دونوں ہاتھ جوڑتے ہوئے انسپکٹر کے سامنے گریہ زار ہو گئے، صاحب کچھ کیجئے، اگر ایسا ہے تو بڑی بدنامی ہو گی۔ مگر انسپکٹر نے ان کی ایک نہ سنی اور دونوں کو یاس و محرومی کے ساتھ واپس لوٹا دیا۔

بچھی پور ایک چھوٹا سا گاؤں ہے۔ مین روڈ سے ایک کچا راستہ گاؤں کی طرف جاتا ہے۔ اس لئے سب ایک دوسرے کی ان باتوں سے بھی واقف ہوتے ہیں جنہیں عام طور سے جاننے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ سونم اور اشفاق کے بھاگ جانے کی خبر پورے گاؤں میں آگ کی طرح پھیل گئی۔ یہ خبر گاؤں والوں کے لئے وقت گذاری کا ایک اہم آلہ کار بنا ہوا تھا۔ گاؤں میں طرح طرح کی باتیں گشت کر رہی تھیں جس کی وجہ سے دونوں پریواروں کا گھر سے نکلنا دشوار ہو گیا تھا۔

نادر شیخ اپنے بیٹے کی اس حرکت سے بہت نادم تھا۔ وہ سمجھ نہیں پا رہا تھا کہ سندر لال سے کیا بولے، اس کا سامنا کیسے کرے کیونکہ اس کے بیٹے نے ایک ایسے شخص کی عزت پر ہاتھ ڈالا تھا جو ہر دکھ میں اس کے ساتھ کھڑا رہتا تھا۔ آج وقت اور حالات نے دونوں کو ایسے مقام پر لا کر کھڑا کر دیا جہاں افسوس اور ندامت کے سوا وہ ایک دوسرے سے کچھ نہیں کہہ پا رہے تھے۔

گاؤں کے شرارتی عناصر نے سندر لال اور ان کے گھر والوں کا جینا حرام کر دیا تھا۔ کانا پھوسی ہو رہی تھی مگر ایسی کہ جیسے آگ لگی ہو۔ جب سندر لال گھر پہونچا تو آس پاس کے لوگ آگئے اور طرح طرح کے سوال کرنے لگے، مگر اس کے پاس کوئی جواب نہیں تھا، اس لئے اس نے لوگوں پر ایک نظر ڈالی اور سر جھکا کر اندر چلا گیا۔ کئی دن گذر گئے مگر سونم کا کچھ پتہ نہ چلا البتہ اشفاق کے بھی غائب ہونے سے یہ پکا ہو گیا تھا کہ وہ اسی کے ساتھ گئی ہے ۔ دھیرے دھیرے ماحول اس طرح بدل گیا تھا جیسے گاؤں میں کوئی واقعہ ہی نہ ہوا ہو۔ وقت نے لوگوں کے ذہن سے اس واقعہ کے نشان کو دھندھلا کر دیا تھا۔

اشفاق اور سونم نے کورٹ میریج کر لی تھی۔ اشفاق، نادر شیخ کا اکلوتا لڑکا تھا جس کی پرورش بڑے ناز و نعم میں ہوئی تھی۔ اشفاق کو یہ اندازہ بھی نہیں تھا کہ شادی کے بعد اسے زندگی کی ان سنگین حقیقتوں سے سامنا ہوگا، روزی روٹی کے لئے بھی تگ و دو کرنی پڑے گی۔ اس نے پڑھائی بھی ادھوری چھوڑ دی تھی اور اس کے پاس کوئی ایسا ہنر بھی نہیں تھا جس سے وہ اپنا اور اپنی بیوی کا پیٹ پال سکے، محنت مزدوری کر کے بمشکل دو وقت کی روٹی کا انتظام کر پاتا تھا۔ زندگی دن بدن مشکل ہوتی گئی، وقت کے ساتھ اداسی اور محرومی ان کا مقدر بن گئی، اب حالت یہ ہو گئی تھی کہ جو زبان سونم کی تعریف کرتے نہیں تھکتے تھے اب وہ بدکلامی پر اتر آئے اور جو ہاتھ پیار سے اس کے رخسار کو سہلاتے تھے اب اس پر اٹھنے لگے تھے۔ دن بدن دونوں میں تکرار اور تلخیاں بڑھنے لگیں۔ اب ماں باپ کی محبت و شفقت بھی شدت سے محسوس ہونے لگی بالآخر زندگی سے تنگ آکر اشفاق نے گھر لوٹنے کا فیصلہ کر لیا، سونم کے پاس بھی کوئی دوسرا راستہ نہیں تھا اس لئے وہ بھی آنے کے لئے تیار ہو گئی حالانکہ وہ جانتی تھی کہ اس کے بابا اسے دیکھ کر خوش نہیں ہوں گے اور لوگ بھی طرح طرح کی باتیں کرینگے لیکن کچھ بھی ہو، ماں باپ کے سائے میں زندگی یہاں سے بہتر ہوگی یہ سوچ کر وہ بھی آنے کے لئے راضی ہو گئی لیکن مسلسل سونم کے دماغ میں مختلف قسم کے سوالات گردش کرتے رہے۔

نادر شیخ بیٹے کی جدائی کی وجہ سے گوشہ نشیں ہو گئے تھے اب وہ کم ہی گھر سے باہر نکلا کرتے۔ بیٹے کا غم انھیں اندر ہی اندر کھائے جا رہا تھا۔ وہ اکثر خدا کی بارگاہ میں خیر و عافیت کی دعا کیا کرتے۔ ایک دن وہ گھر کے ایک کونے میں بیٹھے ذکر و اذکار میں مشغول تھے تبھی دروازے پہ کسی نے دستک دی۔ تبسم نے دروازہ کھولا، سامنے اشفاق اور سونم کو دیکھ کر بے اختیار چیخ پڑی 'امی بھیا' امی جلدی سے دروازے کی طرف لپکیں، سامنے اپنے لخت جگر کو دیکھ کر بے اختیار اسے سینے سے لگا لیا، اپنے نرم و نازک ہاتھوں سے اس کے گالوں کو سہلاتے ہوئے ان کی آنکھیں ڈبڈبا گئیں۔ امی مجھے معاف کر دو ، مجھ سے بہت بڑی غلطی ہو گئی، میں نے آپ لوگوں کا دل دکھایا، اشفاق اپنی ماں کے ہاتھوں کو اپنے ہاتھوں میں لے کے رو پڑا۔ تب تک نادر شیخ بھی وہاں آچکے تھے۔ انھوں نے اشفاق پر ایک نظر ڈالی پھر اس کے پیچھے چپ چاپ کھڑی سونم کو دیکھا جو اپنے وجود میں سمٹی جا رہی تھی اور پھر کچھ بولے بغیر ہی وہاں سے اپنے کمرے میں چلے گئے۔

وقت تیزی سے گذرتا رہا دیکھتے ہی دیکھتے پانچ سال بیت گئے اب اشفاق ایک بچے کا باپ بننے کے ساتھ ساتھ ایک ذمہ دار شخص بھی بن چکا تھا۔ اب وہ پورے گھر کی ذمہ داری بخوبی انجام دے رہا تھا۔

تبسم بھی جوانی کی دہلیز پہ قدم رکھ چکی تھی۔اسے بھیااور بھابھی کی لواسٹوری بہت اچھی لگتی،اکثر وہ اپنی بھابھی سے عشق ومحبت کی قصے سنا کرتی اور من ہی من زندگی کے حسین سپنے سجویا کرتی۔ایک دن تبسم جب اسکول سے گھر نہیں لوٹی تب نادر شیخ اور اشفاق نے اس کے اسکول میں پتا کیا، اسکول کی پرنسپل نے جو خبر دی اس نے نادر شیخ کو سکتہ میں ڈال دیا، تبسم دو مہینہ سے اسکول نہیں آرہی تھی۔اس کی سہیلیوں کے توسط سے نادر شیخ کو اس کے معاشقے کا علم ہوا۔دیکھتے ہی دیکھتے تبسم کے غائب ہونے کی خبر آس پاس کے گاؤں میں آگ کی طرح پھیل گئی، تبھی ایک شخص دوڑتے ہوئے نادر شیخ کے پاس آیا۔'چچا تبسم کو پاس کے گاؤں والوں نے اجیت کے ساتھ بس پر بیٹھتے ہوئے دیکھا ہے۔یہ خبر نادر شیخ پر بجلی بن کر گری اور ان کے نشیمن کو خاکستر کر دیا،وہ یہ خبر برداشت نہ کر سکے،دل کا دورہ پڑا جس نے ان کی جان لے لی۔اشفاق گھبرایا ہوا تھا اسے سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ وہ کیا کرے۔کچھ پرانی یادوں نے اسے آگھیرا،درد سے اس کا سر پھٹا جارہا تھا۔وقت کی ستم ظریفی نے آج اسے بھی سندر لال کی جگہ لا کر کھڑا کر دیا تھا۔پریشانی کے عالم میں کبھی وہ ادھر جاتا کبھی ادھر جاتا۔وہ سمجھ نہیں پارہا تھا کہ کیا کرے۔

تبسم اپنے پیار کو پا کر بہت خوش تھی،اجیت اس کی زندگی میں باد بہار بن کر داخل ہوا تھا،جوش محبت نے اسے ہر حد پار کرنے کی اجازت دے دی تھی۔وہ دنیا سے بے پرواہ کھلے آسمان میں اڑ جانا چاہتی تھی،جوانی کے جوش نے اسے دنیا کے تمام خطرات سے بے پرواہ بنا دیا تھا۔وہ نیلے آسمان کو تکتی اور دور کہیں اپنا آشیانہ بنانے کے سپنے سجاتی۔

دونوں گاؤں سے دور شہر میں ایک فلیٹ میں ٹھہرے ہوئے تھے،جہاں آسائش کا ہر سامان موجود تھا،جسے دیکھ کر تبسم کو لگتا تھا کہ اس کی دنیا ہی جنت ہو گئی ہے،اسے اپنے اٹھائے گئے قدم پر کوئی پشیمانی نہیں تھی کیونکہ یہاں وہ ہر شے موجود تھی،جس چیز کی ضرورت ہوتی بس ایک فون پر حاضر ہو جاتا، تبسم کے لئے زندگی اتنی خوشگوار پہلے کبھی نہی تھی،اجیت کا ساتھ اور زندگی کی تمام آسائیشیں،ایسا لگ رہا تھا جیسے خدا نے اچانک ساری نعمتیں عطا کر دی ہوں۔

ایسے ہی چند دن عیش وعشرت میں گزر گئے،ایک دن تبسم کمرے میں آئینے کے سامنے بیٹھی بال سنوار رہی تھی کہ اجیت واپس آگیا حالانکہ وہ کہہ کر گیا تھا کہ ہو سکتا ہے مجھے دیر ہو جائے،اجیت کو دیکھتے ہی وہ اٹھی اور اس سے لپٹ گئی،اجیت پیار سے اس کے گال کو سہلاتے ہوئے بولا مجھ سے تمہاری دوری برداشت نہیں ہوتی اس لئے واپس آگیا اور دونوں ایک دوسرے کی بانہوں میں سما گئے۔

تبسم اجیت کے پاس لیٹی ہوئی پیار بھری نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی تبھی اجیت اٹھتے ہوئے بولا،جلدی سے تیار ہو جاؤ آج شام کا کھانا کسی اچھے ہوٹل میں کھانے چلتے ہیں۔

یہ کہہ کر وہ نہانے چلا گیا،تھوڑی ہی دیر میں دونوں تیار ہو گئے۔

اجیت نے موبائل نکالا،کمرے سے باہر نکلا اور کہیں فون لگا دیا۔

ارے بھائی جلدی کرو، مجھے نکلنا بھی ہے اور وہ تیار ہو گئی ہے مجھے آپ کے ہوٹل تک تو اس کے ساتھ جانا ہی ہو گا، اس لئے جلدی کرو ورنہ میری ٹرین چھوٹ جائے گی۔

ادھر سے جواب ملا کہ بس دس منٹ میں اور رابطہ منقطع ہو گیا۔

اجیت کمرے میں داخل ہوتے ہی بولا۔ بس دس منٹ میں گاڑی آجائے گی اور دونوں محو گفتگو ہو گئے۔

تبسم دنیا جہاں کے خواب دیکھ رہی تھی، وہ ہمیشہ اپنے مستقبل میں غرق رہتی، اسی دوران اس نے کہا: اجیت ہماری زندگی کتنی خوبصورت ہو گئی ہے ، اگر تم نہ ملتے تو میں ادھوری رہ جاتی

یہ سن کر اجیت مسکراتے ہوئے بولا، ہاں تبسم، اور ابھی کہاں، دیکھنا زندگی کتنی خوبصورت ہے، سارے چاند ستارے تمہارے دامن میں ہوں گے ، اس کا جملہ بھی پورا نہیں ہوا تھا کہ موبائل فون کی گھنٹی بجنے لگی۔ اسکرین کی طرف دیکھتے ہوئے اجیت نے کہا، چلو گاڑی آگئی۔

دونوں باہر نکلے جہاں ایک سیاہ شیشے والی فور ولر ان کا انتظار کر رہی تھی۔ دونوں گاڑی میں بیٹھے اور گاڑی شہر کی سڑکوں پر فراٹے بھرنے لگی، تقریبا دس پندرہ کلو میٹر چلنے کے بعد گاڑی ایک عالیشان ہوٹل کے سامنے رکی۔

دونوں گاڑی سے اترے، ریسیپشن پر پہنچے جہاں ایک کمرے کی چابھی اجیت کو دے دی گئی، دونوں اوپر پہنچے اور اندر جا کر بیٹھ گئے۔

اس سے پہلے کی تبسم کچھ سمجھ پاتی، تم یہیں بیٹھو میں نیچے سے آتا ہوں یہ کہتے ہوئے اجیت کمرے سے باہر نکل گیا۔

اجیت نیچے پہنچا اور سیدھے منیجر کے کمرے میں داخل ہوا۔

منیجر نے مسکراتے ہوئے اجیت کو دیکھا، دراز سے دو موٹی گڈیاں نکال کر اسے تھمادیں، جن کو جیب میں ٹھونستے ہوئے وہ باہر نکل گیا۔

شیخ الاسلام محی السنہ

ابن تیمیہ رحمہ اللہ

ڈاکٹر سناء شعلان

مترجم: ڈاکٹر صغیر احمد

اچھا درخت

اچھی زمین سے اچھے درخت ہی اگتے ہیں، احمد بن تیمیہ اچھی زمین کے اچھے درخت ہیں۔ احمد بن عبد الحلیم بن عبد السلام بن عبد اللہ بن تیمیہ نمری حرانی دمشقی تقی الدین ابو العباس کی پیدائش ایک ایسے گھرانے میں ہوئی جو علم و فضل اور فقہ حنبلی میں مشہور تھا، آپ کے والد، دادا، بھائیوں اور بہت سے چچا کا شمار مشاہیر علماء میں ہوتا تھا، اسی طرح ان کی پر دادی، یعنی ان کے دادا محمد کی ماں عالمہ تھیں جن کو تیمیہ واعظہ (نصیحت اور تذکیر کرنے والی اور اچھائی کا حکم دینے اور برائی سے روکنے والی) کے نام سے جانا جاتا تھا، آپ کی نسبت پر دادی کی جانب ہوئی اور آپ ان ہی کی نسبت سے پہچانے گئے۔

ابن تیمیہ رحمہ اللہ کی ولادت پیر کے دن 10 ربیع الاول 661 ہجری بمطابق 12 جنوری 1263 عیسوی کو، دجلہ اور فرات کے درمیان جزیرہ ابن عمرو میں بلاد شام کے مشرق میں واقع ایک شہر حران میں ہوئی، اس کی نسبت سے آپ کو حرانی بھی کہا جاتا ہے۔ آپ نے حران میں سات سال گذارے، جب منگول افواج نے حران پر قبضہ کر لیا اور لوگوں پر زیادتی کی تو منگول افواج سے بچنے کی خاطر آپ کے والد آپ کو لے کر دمشق چلے گئے جو علماء، مدارس اور علمی حلقوں سے آباد تھا۔

دمشق ہی میں نو عمر احمد پلے بڑھے اور ان کی اچھی طرح سے پرورش ہوئی اور ذکاوت کے آثار نمایاں ہوئے۔ آپ نے علم اور اس کے حصول کے لئے خود کو وقف کر دیا۔ سب سے پہلے اپنے والد اور پھر اس وقت کے دیگر علماء سے علم حاصل کیا، یہاں تک کہ کہا جاتا ہے کہ علم و معرفت کے مختلف فنون میں آپ کے اساتذہ کی تعداد دو سو تک پہنچ گئی۔ آپ نے خود کو قرآن کریم کے حفظ، اس کی تفسیر، حفظ حدیث، سیرت نبوی، فقہ، عربی زبان، خطاطی اور ریاضی کے مطالعہ میں مصروف کر لیا اور اسی میں اپنا وقت گذارنے لگے۔

اللہ نے آپ کو بہترین قوت حافظہ اور جلد سمجھنے والا دل عطا فرمایا تھا، آپ نے دس سال سے کم عمر میں علوم میں مہارت حاصل کر لی۔ آپ نے اپنی بے پناہ ذہانت اور قوت حافظہ سے اپنے اساتذہ اور مشائخ کو حیران کر دیا، آپ جو بھی سنتے اس کو لفظ بہ لفظ اور معنی کے ساتھ یاد کر لیتے گویا کہ وہ آپ کے دل پر نقش ہو جاتا تھا۔ آپ دوسرے بچوں کی طرح کھیل کود اور لہو و لعب میں نہیں پڑتا بلکہ ہمیشہ علماء کی مجالس کی تلاش میں رہتے اور بغیر اکتاہٹ اور تھکاوٹ کے ان کو غور سے سنتے اور ان سے استفادہ کرتے۔ مشکل سے آپ کی عمر سترہ سال رہی ہو گی کہ آپ نے نہ صرف اپنے

ساتھیوں اور ہم عصروں پر فوقیت حاصل کر لی بلکہ اس وقت کے علماء پر بھی سبقت لے گئے۔ آپ نے تصنیف وتالیف کے لئے خود کو یکسو کر لیا۔ آپ کی کافی شہرت ہو گئی اور دور دور تک آپ کا نام پہنچ گیا۔ اپنے والد کی وفات کے بعد ان کی جگہ پر تدریس کا فریضہ انجام دینے لگے۔ آپ حنبلی فقہ کے کبار فقہاء (فقیہ اسلامی شریعت کے اصول واحکام کا عالم) میں سے تھے۔ اور آپ پر علم اور عمل کی امامت (دینی سرداری) کی انتہا ہوئی۔ آپ کا مذہب (طریقہ) معقول (جس کو عقل قبول کرے) اور منقول (جو قرآن کریم اور سنت نبوی میں وارد ہو) کے درمیان مطابقت پیدا کرنا تھا۔

جب احمد علم کی مجلسوں میں جاتے تو ان کا ایک یہودی پڑوسی جس کا گھر احمد کے راستے میں تھا ان کو روک لیتا اور ان سے مسائل پوچھتا، احمد ان مسائل کا جواب ہوشیاری اور معرفت کے ساتھ جلدی سے دیتے اور اس کو ایسی چیزیں بتاتے جس سے اس کا موقف غلط ثابت ہوتا۔ پھر جلد ہی وہ یہودی ایمان لے آیا اور وہ پوری طرح سے اسلام پر قائم رہا۔ یہ شیخ ابن تیمیہ کی برکت کی وجہ سے ہوا اگرچہ اس وقت ان کی عمر کم تھی۔ اسی طرح سے احمد علم کے لئے یکسو اور پرہیزگار (دنیا کی حلال چیزوں کو حساب وکتاب کے ڈر سے چھوڑنے والے اور دنیا کی حرام چیزوں کو عذاب کے ڈر سے چھوڑنے والے) تھے۔ جب آپ چھوٹے تھے اس وقت آپ کو قرآن سکھانے والے استاذ سے آپ کے والد نے کہا کہ وہ حفظ قرآن کریم میں بہتر کارکردگی انجام دینے پر آپ کو ہر مہینے چالیس درہم دینے کا وعدہ کریں، مگر احمد نے اس پیش کش کو قبول کرنے سے انکار کر دیا اور اپنے استاذ سے کہا ''اے میرے آقا میں نے اللہ تعالی سے عہد کیا ہے کہ قرآن پر اکوئی جر نہیں لوں گا'' اور انہوں نے نہیں لیا۔ اس واقعہ کے بعد ان کے والد اور ان کے استاذ نے ان سے خیر کی امید کی تو وہ اس طرح کی شخصیت کے مالک تھے۔

علم وتقوی کے منار

اللہ سبحانہ وتعالی نے ابن تیمیہ کے علم میں برکت عطا فرمائی اور آپ کو اپنے معاصرین پر حجت علم ومعرفت کا منبع بنایا اور اپنے وقت کا عالم بنایا۔ آپ کو علم کی باریکیوں سے نوازا اور فتاوی (فتوی کا جمع، شرعی اور قانونی مسائل میں جو اشکال ہوں اس کا جواب) کے بارے میں آپ طلباء اور محققین کا مرجع ہو گئے۔ یہاں تک کی ان کے شاگردوں کی ایک فوج ہو گئی، جن میں سے اکثر کو بعد میں بلند مقام ومرتبہ حاصل ہوا۔ اللہ نے ان کو علم میں اس قدر دسترس اور ادراک عطا کیا تھا کہ ان سے زیادہ علم وفضل اور معرفت والا کسی نے نہیں دیکھا ہو گا۔ یہاں تک کہ کہا جانے لگا کہ [کسی آنکھ نے ان جیسا نہیں دیکھا اور نہ ہی ان کی آنکھ نے ان جیسا دیکھا۔ آپ کو شیخ الاسلام اور اسی طرح سے محی السنہ کے لقب سے نوازا گیا، وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنتوں کی تلاش میں رہتے تھے اور ان کو لازم پکڑتے تھے، ان پر عمل پیرا ہوتے تھے، ان کی مدافعت کرتے تھے اور حدیث، سنت اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے افعال، اقوال، حیات اور معجزات کے مطالعہ کے بعد بدعات (بدعت کی جمع اور وہ ہر وہ چیز ہے جو دین میں ایجاد کی گئی ہو) کا رد کرتے تھے۔

یہاں تک کہ یہ کہا جانے لگا کہ: "ہر وہ حدیث جس کو ابن تیمیہ نہیں جانتے، وہ حدیث ہی نہیں ہے"۔ ابن تیمیہ نے اہل بدعت سے بھر پور لڑائی کی۔ انہوں نے احمدیہ فقراء کو اپنی گردنوں میں لوہے کی بیڑیاں پہننے، سانپوں کے کھانے اور دہکتی آگ میں داخل ہونے سے منع کیا، اسی

طرح سے انہوں نے سختی سے اس بات سے بھی منع کیا کہ مسلمان کسی بھی مخلوق سے مدد طلب کرے بلکہ مسلم پر تو لازم ہے کہ وہ صرف اللہ سے مدد طلب کرے اور انہوں نے مسلمانوں کی مجلسوں میں بھی اس کا مطالبہ کیا۔ اور اسی وجہ سے انہوں نے نارنج کی مسجد میں موجود اس پتھر کو اکھاڑ پھینکا جس سے لوگ خیر و برکت اور ترقی و خوشحالی طلب کرتے تھے؛ کیونکہ لوگوں کا اعتقاد تھا کہ پتھر پر موجود نشان نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قدم کا ہے۔ اس کام کو انجام دیتے ہوئے ابن تیمیہ نے بیشتر لوگوں کی ناراضگی کی پرواہ نہیں کی۔

ابن تیمیہ نے علم اور افتاء کی مجلسوں کے لئے خود کو وقف کر دیا تھا، وہ ہر روز اپنی مجلس کی ابتدا دو رکعت صلاۃ کے ساتھ کرتے، پھر وہ اللہ کی حمد و ثنا کرتے اور اس کے عظیم رسول کی تعریف کرتے، اس کے بعد وہ اپنا درس شروع کرتے اور وہ اپنی آنکھوں کو بند کر لیتے۔ آپ نہایت ہی دلکش زبان میں بولتے جو حاضرین کی عقلوں کو مسحور کر دیتی تھی، ان کے یہاں سمندر کے مثل روانی تھی جس حاضرین پر ان کا رعب طاری ہو جاتا تھا، جب وہ اپنا درس مکمل کر لیتے تب اپنی آنکھیں کھولتے اور حاضرین سے خوش کلامی سے پیش آتے۔ آپ کی مجلس میں علماء، قائدین، فقہاء، ادباء اور عام مسلمانوں کی ایک بڑی تعداد موجود ہوتی تھی۔

جب وہ اپنی مجلس میں قرآن کریم کی کوئی آیت پڑھتے اور اس کی تفسیر شروع کر دیتے، تو مجلس کا ایک چوتھائی دن اس آیت کی تفسیر میں ہی گذر جاتا جب کہ وہ اس آیت کی تفسیر کسی کتاب سے پڑھ کر نہیں کرتے تھے۔ آپ نے آیت "قل ھو اللہ أحد" کی تفسیر ایک ضخیم جلد میں املا کرائی ہے۔

آپ کی مجلس میں افتاء اور مسائل کے جواب دینے کا سلسلہ جاری رہتا تھا، آپ کے شاگردوں نے چالیس ہزار سے زائد مسائل جمع کئے ہیں، جن میں سے کسی بھی مسئلہ کا جواب ایک ضخیم کتاب سے کم نہیں ہے۔ آپ کے علاوہ کسی دوسرے کے لئے اس طرح لکھنے کے لئے لمبی مدت اور کافی مطالعہ کی ضرورت پڑتی، ہو سکتا ہے کہ اس کے بعد بھی وہ اس طرح لکھنے پر قادر نہ ہوتا۔ آپ فتویٰ پوچھنے والوں سے اکتاہٹ محسوس نہیں کرتے تھے بلکہ بشاشت کے ساتھ بات کرتے اور مسکراتے ہوئے جواب دیتے تھے۔ یہاں تک کہ مسئلہ دریافت کرنے والا آپ سے اس حال میں جدا ہوتا کہ آپ اس کو مسئلہ کی خوبی اور خامی نہایت ہی اچھے اور خوش گوار انداز میں سمجھا دیتے۔

بہر حال وہ اپنا پورا دن، گھروں اور اسپتالوں میں بیماروں کی عیادت اور ان سے ملاقات نیز ضرورت مندوں اور غریبوں، بالخصوص فقہاء اور قراء کی تلاش میں گذارتے تھے۔ اس معاملے میں میں کریم اور متواضع تھے، بڑے، چھوٹے، امیر اور غریب سب کا احترام کرتے تھے۔ نیک فقیر کو اپنے قریب کرتے، اس کی غم خواری کرتے تھے اور اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے اس کی خدمت کرتے نیز اس کا حد سے زیادہ احترام کرتے تھے۔ کیونکہ سخاوت ان کی طبیعت میں تھی۔ اگر صدقہ کرنے کے لئے کچھ نہیں ملتا تو اپنا کوئی کپڑا ہی لوگوں سے چھپا کر صدقہ کر دیتے۔ آپ کا صدقہ صرف اللہ کی رضا کے لئے ہوتا تھا۔

آپ اپنے تمام معاملات میں قناعت پسند تھے آپ کسی سلطان یاامیر یاتاجر سے کوئی مستقل طور پر وظیفہ اور ہدیہ قبول نہیں کرتے تھے، اور نہ ہی دینار یادرہم یاسامان یاخوراک جمع کرتے تھے بلکہ، علم ہی آپ کا متاع اور مقصد تھا علم میں مشغول ہونے کی وجہ سے آپ اپنا کھانا طلب نہیں کرتے تھے یہاں تک کہ ان کے گھر والے لے آئیں، اسی طرح وہ نیا کپڑا نہیں خریدتے تھے اور نہ ہی وہ اپنے کپڑے تبدیل کرتے تھے یہاں تک کہ ان کے گھر والے ان کو بدل دیں۔ وہ دنیا کی لذتوں کے بارے میں بات چیت نہیں کرتے بلکہ ان کا مقصد آخرت کی طلب اور اللہ کی خوشنودی حاصل کرنا تھا. وہ اپنے تمام معاملات میں خاکساری اور اچھی شخصیت کا مظاہرہ کرتے تھے.

ان کی رات عبادت اور قرآن کریم کی تلاوت میں گذرتی تھی، جیسے ہی رات ختم ہوتی تھی لوگوں کے ساتھ صلاۃ فجر میں حاضر ہوتے اور سورج نکلنے تک دعااور ذکر میں منہمک رہتے تھے، اس دوران کبھی بھی کسی سے بات نہیں کرتے، اور اکثر ان کی دعا ہوتی تھی: "اے اللہ! ہماری مدد فرما، ہم پر کسی کی مدد نہ فرما، ہمارے حق میں تدبیر فرما، ہمارے خلاف کوئی تدبیر نہ کر، یااللہ! ہمیں ہدایت دے اور ہمارے لیے ہدایت کو آسان بنا دے، اے اللہ ہمیں اپنا شکر گزار بنادے، اپنا ذکر کرنے والا بنادے، اپنی جانب لوٹنے والا بنادے، اپنی طرف متوجہ ہونے والا بنادے، اپنی امید کا طالب بنادے، ہمارے رب ہماری توبہ قبول فرمااور ہماری حجت ثابت کردے اور ہمارے دلوں کو ہدایت عطا کردے اور اور ہمارے دلوں سے کینہ نکال دے"

شیر دل

اللہ نے ابن تیمیہ کو جری دل عطافرمایا تھا، آپ پر خوف طاری نہیں ہوتا تھا۔ آپ سچ کہنے میں سب سے زیادہ بہادر تھے، آپ اللہ کے راستے میں اپنے دل، زبان اور ہاتھ سے جہاد کرتے تھے اور اللہ کے بارے میں کسی بھی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ نہیں کرتے تھے، اسی وجہ سے آپ تاحیات بدعات کے خلاف برسرپیکار رہے اور گمراہی اور نفاق میں مبتلالوگوں سے جنگ کی۔

جنگ کے میدان میں، آپ فوج میں آگے رہتے تھے، موت سے نہیں ڈرتے تھے، دشمنوں پر حملہ کرتے تھے گویا کہ آپ موت کے طلبگار ہوتے تھے۔ انہوں نے فلسطینی ساحلی شہر عکا کی فتح میں اپنے جہاد سے بہادری کی ایک شاندار مثال قائم کی تھی۔ آپ کے عمل، مشورہ اور اچھی رائے کی بدولت مسلمانوں نے اس شہر پر قبضہ کیا، اسی طرح سے آپ مسلمان مجاہدین کی مدد کرتے تھے اور ان کو جہاد کی فضیلت اور مجاہد اور شہید کا ثواب بتاتے تھے۔

ابن تیمیہ سب سے پہلے شخص ہیں جو اپنے گھوڑے کی پشت پر سوار ہوئے تاکہ وہ ان مسلم فوجوں کے اگلے دستے میں رہیں جنہوں نے جنوبی دمشق کے شقحب میں منگولوں سے جنگ کی اور جس میں مسلمانوں کو فتح حاصل ہوئی۔ اس طرح شام، فلسطین، مصر اور حجاز منگولوں سے محفوظ ہوگئے۔

آپ علماء کے ایک وفد کے ساتھ جاکر منگولوں کے بادشاہ قازان سے ملاقات کی۔ کبھی آپ اس کو خوف دلاتے اور کبھی اپنی بات سے قائل کرتے یہاں تک کہ قازان دمشق کے خلاف اپنی افواج کی پیش قدمی روکنے کے لئے راضی ہوگیااور تمام مسلمان قیدیوں کوآزاد کردیا۔

قیداور مصیبتوں کاراستہ

جب اللہ کسی بندے سے محبت کرتاہے تو یہ دیکھنے کے لئے کہ اس کاایمان کس قدر مضبوط ہے،اس کاامتحان لیتاہے۔ابن تیمیہ بھی قید وبند کی صعوبت سے آزمائے گئے جس پرانہوں نے صبر کا مظاہرہ کیااور اللہ سے اجر کی امید کی کیونکہ وہ سچ کہنے کی طاقت رکھنے،اس پر ثابت قدم رہنے اور پوری مضبوطی کے ساتھ اس پر جمے رہنے اور اس سلسلے میں کسی بھی شخص کی ناراضگی کی پرواہ نہ کرنے کے اعتبار سے اپنے زمانے کے بڑے لوگوں میں سے تھے۔اسی وجہ سے،لوگوں نےآپ سے محبت کی اورآپ کے ارد گرد جمع ہوگئے،اس کو حاسدوں نے ناپسند کیااوران کے دل غصہ سے بھر گئے۔

آپ نے باطل مذاہب کے پیروکاروں اور اہل بدعت کے دشمنان اسلام کا مقابلہ کیاتووہ آپ پر ٹوٹ پڑےاورآپ کے اور مصراور شام کے سلطان رکن الدین بیبرس جاشنکیر کے درمیان اختلاف پیدا کردیاجس کی وجہ سے.آپ کو مصر بھیج دیاگیا۔

آپ کا مقدمہ ججوں اور ریاست کے اعلی حکام کے سامنے پیش ہوا، جس میں انہوں نےآپ کو ڈیڑھ سال تک قلعہ میں قید رکھنے کی سزا سنائی۔ اس کے بعد انہوں نےآپ کو قید سے نکالااورآپ اورآپ کے حریفوں اور مخالفین کے درمیان ایک مناظرہ کاانعقاد کیاجس میں ابن تیمیہ کو کامیابی ملی۔تاہم ابن تیمیہ کوان سے نجات نہیں ملی اوران کو شام کی طرف جلاوطن کردیاگیا،اس کے بعدآپ دوبارہ مصرواپس آئے جہاں آپ کو قید کردیاگیا،پھرآپ کواسکندریہ منتقل کیاگیاجہاں آپ آٹھ مہینے قید رہے۔

ابن تیمیہ مسلسل آزمائش میں مبتلارہے یہاں تک کہ وہ قاہرہ لوٹےاور سلطان ملک ناصر محمد بن قلاوون نےآپ کوان تمام الزامات سے بری کردیاجوآپ پر لگائے گئے تھےاورآپ کواپنےان مخالفین کو سزادینے کا حق دیاجوان کے قیداور سزاکاسبب تھے مگر شیخ الاسلام نےان کو اللہ کی خاطر معاف کردیا۔

جب ابن تیمیہ دمشق واپس لوٹےتوان کی آزمائش ایک بار پھر شروع ہوگئی،انہوں نےایک ایسے مسئلے میں اپنے فتوی کو تبدیل کرنے سے انکار کردیا،جس کے بارے میں حاکم نےان کو حکم دیاتھاکہ وہ اپنی رائے بدل دیں،لیکن انہوں نےاس بات کو سختی سے مسترد کردیااوراپنی رائے پر یہ کہتے ہوئے جمے رہے کہ:"میں علم کو چھپانہیں سکتا."پھر سلطان نےآپ کو چھ ماہ تک قید میں رکھا۔قید سے نکلنے کے بعد آپ نے نبیوں اور بزرگوں کی قبروں کے لئے شدرحال(سفر کی تیاری کرنے)کی حرمت کافتوی دیا،آپ کے مخالفین نےاس موقع کافائدہ اٹھایااور(سلطان)کوان کے خلاف ایک بار پھر بھڑکایاجس کی وجہ سےاس نے پھر سےآپ اورآپ کی خدمت کرنے والےآپ کے بھائی کو جیل میں بند کردیا۔یہ سن 726 ہجری کی بات ہے۔آپ اس جیل میں رہے یہاں تک کی اللہ نے وفات عطافرمائی۔

بڑے اور عظیم لوگوں کی شان کے مطابق ابن تیمیہ نے جیل کی اپنی آزمائش کو کامیابی اور کارکردگی میں تبدیل کر دیا۔آپ جیل میں عبادت،تالیف اور لکھنے میں منہمک رہے۔آپ نے اپنے قید کے طویل سفر کے دوران اپنی بیشتر کتابیں لکھیں۔

آپ کی تصانیف اتنی زیادہ ہیں کہ ان کا شمار نہیں کیا جاسکا اور یہ کہا جاتا ہے کہ آپ کی کتابوں کی تعداد 500 تک پہنچتی ہے۔جب آپ کے جیلروں نے ابن تیمیہ کو کاغذ اور سیاہی سے منع کر دیا اور آپ کی آواز کو دبانا چاہا تو آپ کی ہمت پست نہیں ہوئی اور آپ نے ان کو چیلنج کیا۔آپ بغیر کوئی کتاب پڑھے، محض اپنے حافظہ کی بنیاد پر ادھر ادھر پڑے ہوئے کاغذات پر کوئلہ سے لکھتے تھے، جیل میں ان کی عادت تھی کہ ہر چیز پر اللہ کا شکر ادا کرتے تھے اور بار بار اپنی یہ بات دہراتے تھے کہ "میرے دشمن میرا کیا کریں گے ؟"میں اپنے سینہ میں پھلواری اور باغ رکھتا ہوں، جہاں بھی میں جاؤں، وہ میرے ساتھ رہتے ہیں، میرا قید خانہ میرے لئے گوشہ تنہائی ہے، میرا قتل میری شہادت ہے اور میری جلا وطنی میرے لئے سیاحت ہے۔اسی طرح وہ اپنی جیل میں یہ بھی کہتے تھے کہ "قیدی وہ ہے جس نے اپنے رب سے اپنے دل کو روک لیا ہو اور غلام وہ ہے جس کو اس کی خواہشات نے غلام بنالیا ہو"۔اللہ نے ابن تیمیہ جیسے سچے مومن اور مخلص عابد کے لئے مقدر کر دیا تھا کہ قید ان کی تالیف کے لئے یکسوئی کا سبب بنے۔اسی طرح سے مصر میں ان کا قید کیا جانا پورے مراکش میں ان کی تصنیفات کے پھیلنے کا بڑا سبب بنا اور شام میں ان کا وجود بلاد شرقیہ میں ان کے علم کے پھیلنے کا سبب بنا۔

سورج کا غروب ہونا

سورج کو غروب ہی ہونا ہوتا ہے اور ابن تیمیہ ایک سورج تھے جو اللہ کی مرضی سے چمکے اور اور ان کا غروب ہونا بھی اللہ کی مرضی سے تھا،26 ذی قعدہ 728 ہجری میں انہوں نے اپنے رب کی پکار پر لبیک کہا اور 67 سال کی عمر میں اس کے جوار میں پہنچ گئے ایک ایسے مرض کے بعد جو بیس دن سے زیادہ رہا اور جس کے بارے میں اکثر لوگوں کو پتہ نہیں چلا۔ان کی وفات کی خبر سے لوگوں کو کافی رنج ہوا (شدید غم ہوا) اور وہ اس قلعہ کے ارد گرد جمع ہوئے جہاں وہ قید تھے اور انہوں نے قلعہ کا دروازہ کھولا جو ان لوگوں سے بھر گیا جنہوں نے ان کی نماز جنازہ ادا کی اور جنازہ کے ساتھ دمشق کے بالائی علاقے میں آپ کی آخری آرام گاہ تک گئے۔ آپ کے جنازہ میں شامل ہونے والوں کی تعداد پچاس ہزار سے زیادہ تھی جن میں قائدین، علما، فوج اور عام لوگوں میں سے مرد عورتیں اور بچے شامل تھے۔یہاں تک کہ دمشق اپنے باشندوں سے خالی ہو گیا، دوکانیں بند ہو گئیں اور کاروبار ٹھپ ہو گئے۔ان کی غائبانہ نماز جنازہ مصر، عراق سمیت دوسرے ممالک میں ادا کی گئی اور آپ کے حق میں کئی بار قرآن پڑھا گیا، اور بہت زیادہ فضلاء نے اپنے مغموم قصیدوں سے ان کی مرثیہ خوانی کی۔وہ مٹی میں غائب ہو گئے مگر وہ بھلائے نہیں جاسکے، بلکہ ان کے عمل اور جہاد اور اللہ اور اس کے نبی کی نصرت اور ان کی تصنیفات نے ہمیشہ باقی رہنے والوں کے رجسٹر میں اور اپنے دین کی مدافعت کرنے والے ہر مومن کے دل میں، اپنے رب کی رضا کے طلب گار کے دل میں زندہ وجاوید بنا دیا تو خوش خبری ہے ابن تیمیہ کے لئے جو اپنے زمانے کے استاد، حق و باطل کے معیار، دنیا کی زندگی پر آخرت کی زندگی کو ترجیح دینے والے، اپنے زمانہ کے یکتا اور علوم کے سمندر تھے۔تو کیا اللہ تعالی ایک اور ابن تیمیہ کی شکل میں ہم پر کوئی انعام کرے گا جو اس زمانے کے مسلمانوں کو ان کے رب کی طرف توبہ اور استغفار کرتے ہوئے رجوع کرنے میں قیادت کرے گا۔

صحافت میں عصری حسیت کا فقدان اور اس کے اسباب

عبدالرحمن جمال الدین

ریسرچ اسکالر جامعہ ملیہ اسلامیہ۔ نئی دہلی

صحافت ایک ایسا فن ہے جس کے ذریعہ سماج میں نمو پذیر ان تمام مسائل پر بحث کیا جاتا ہے جن کا تعلق بالواسطہ یا بلاواسطہ سماج کے کسی ایک فرد، ایک جماعت، یا تمام افراد سے ہوتا ہے۔ مثلاً تیج تہوار، قومی رسوم، مذہبی اور ادبی سرگرمیاں، حادثے، جھگڑے، یا حکومت کے کسی سیاسی، سماجی اور معاشی فیصلے کی خبر وغیرہ اور ان کو صحیح اور راست طریقے سے عوام تک پہنچانے کے عمل کو صحافت کہا جاتا ہے۔ یعنی صحافت میں کسی مخصوص نقطہ نظر یا موجودہ مسئلے پر اظہار خیال کیا جاتا ہے۔ اس لئے ایک صحافی کی ذمہ داری ہے کہ وہ ملک و قوم کی موجودہ صورت حال کی ایسی ترجمانی کرے جس میں کسی قسم کی آمیزش اور جھوٹ کا شائبہ نہ ہو؛ تاکہ سماج میں غلط فہمی، بے چینی اور فساد نہ برپا ہو۔ صحافت کی اخلاقیات پر روشنی ڈالتے ہوئے اسلم فرشوری لکھتے ہیں:

> ''جمہوری معاشرے میں ذرائع ابلاغ پر دو بڑے فرائض عاید ہوتے ہیں۔ اسے ایک واچ ڈاگ یا چوکی دار کے طور پر جمہوری اصولوں اور روایات کی رکھوالی کرنا پڑتی ہے اور ساتھ ہی اسے معاشرے کے لیے آئینے کے طور پر کام کرنا پڑتا ہے۔ یعنی معاشرتی، سیاسی اور اقتصادی حالات کی صحیح تصویر کشی کر کے معاشرے کا عکس عوام کے سامنے پیش کرے تاکہ وہ حالات کے مطابق اپنا لائحہ عمل طے کر سکیں۔''[1]

مندرجہ بالا اقتباس سے صحافت کی ذمہ داری بالکل واضح ہے کہ وہ ملک میں ہو رہے سیاسی، سماجی اور معاشی ہلچل کی صحیح اور سچی ترجمانی کرے تاکہ قاری ملک کے موجودہ صورت حال یا اس کے پاداش میں پیدا ہونے والے مسائل اور حقیقت حال سے آگاہ ہو سکے۔ لیکن موجودہ معاشی بحران میں جہاں ملک و قوم کا ایک بڑا طبقہ روٹی روزی اور گزرانِ زندگی کے اسباب وسائل کے حصول میں کوشاں ہے؛ وہیں سرمایہ کاروں کے ایک بڑے طبقے نے مال و دولت میں تکاثر و تفاخر کی وجہ سے صحافت کے سارے اخلاقی ضابطوں کو بالائے طاق رکھتے ہوئے ایسے حالات پیدا کئے ہیں جہاں کوئی بھی صحافی آزاد انہیں ہے بلکہ اب ایک منشور کے تحت خبروں کو شائع کرنا عام بات ہو گئی ہے۔

اصولی طور پر اگر دیکھا جائے تو کسی خبر کے شائع کرنے اور نہ کرنے کی اصل ذمہ داری مدیر یا ادارتی بورڈ کی ہوتی ہے جو اس خبر کے اہم، یقینی اور غیر جانبدار ہونے کا فیصلہ کرتی ہے، لیکن موجودہ دور میں ایک مدیر کی ذمہ داری بورڈ آف ڈائریکٹرز کے منشور کے مطابق اداریوں کا لکھنا ہے، جس طرح ایک طوائف یہ جانتے ہوئے بھی اپنے جسم کا سودہ کرتی ہے کہ اس کا وہ عمل اخلاقی قدروں کے خلاف ہے، لیکن وہ اپنی زندگی کی ضروریات اور پیٹ کا

حوالہ دے کر اسے جائز قرار دیتی ہے، یعنہ آج صحافیوں کا ایک بڑا طبقہ حقیقتوں سے واقفیت کے باوجود اپنی مجبوری اور پیٹ کا حوالہ دیتے ہوئے صحافت کے اخلاقی قدروں کو بالائے طاق رکھ کر روزی روٹی کی آڑ میں وہ سب کرتا ہے جس پر خود اس کا ضمیر ملامت کرتا ہے۔ جس کی ایک زندہ مثال ''اشتہار'' اور مالی تعاون کے حصول میں کی جانے والی خوش آمد ہے جس سے کسی مدیر یا صحافی کو راہ نجات میسر نہیں ہے اور ایسا اسی صورت میں ممکن ہو سکتا ہے جب اخبار ورسائل کا نصب العین تجارت اور دولت کے حصول کے بجائے معاشرے کی اصلاح اور ملک و قوم کی ترقی کا ہو۔

اسی لئے مولانا آزاد نے اخبار کی قیمت کے علاوہ کبھی کسی سے کوئی امدادی رقم قبول نہیں کی بلکہ ہمیشہ اس کی مخالفت کرتے رہے اور کہتے تھے کہ اخبار کی قیمت کے علاوہ کسی اور طرح کی رقم لینا کسی مطلق اخبار نہیں بلکہ پورے صحافتی فن کے لئے شرمندگی کا باعث ہے۔ اور ایسا کرنے سے اخبار نویس آزادی کے ساتھ نہیں لکھ سکے گا۔ جو آج ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں 'اشتہارات' کی حصول یابی یا حکومتی سطح پر مالی تعاون حاصل کرنے کے لئے اکثر و بیشتر اخبارات حقیقت بیانی سے کتراتے ہیں اور ڈر کے سائے میں زندگی بسر کرتے ہیں جو صحافت کے لئے سب سے بڑا اور مہلک روگ ہے۔ صحافت کی کی ایک روشن تاریخ اس بات کی شاہد ہے کہ بیباکانہ صحافت اندازن نے پوری قوم کا دھارا موڑنے کا کام کیا ہے جس کی ایک اہم مثال مولانا ابوالکلام آزاد کی دی جاسکتی ہے۔ انہوں نے عصری مسائل کو اپنے رسالہ 'الہلال' کا موضوع بنایا اور اس کے ذریعہ حقیقی معاملات وحالات کی سچی ترجمانی کی، اور تین سال کے اندر ہی لوگوں میں اپنی ایسی شناخت بنالی کہ ہندوؤں اور مسلموں کو ایک جگہ لا کھڑا کر دیا تھا، وہ لکھتے ہیں:

> ''الہلال نے تین سال کے اندر مسلمانان ہند کی مذہبی وسیاسی حالت میں ایک بالکل نئی حرکت پیدا کر دی۔ پہلے وہ اپنے ہندو بھائیوں کی پولیٹکل سرگرمیوں سے نہ صرف الگ تھے بلکہ ان کی مخالفت کے لیے بیورو کریسی کے ہاتھ میں ایک ہتھیار کی طرح کام دیتے تھے۔ گورنمنٹ کی تفرقہ اندازانہ پالیسی نے انہیں اس فریب میں مبتلا کر رکھا تھا کہ ملک میں ہندوؤں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ ہندوستان اگر آزاد ہو گیا تو ہندو گورنمنٹ قائم ہو جائے گی، مگر ''الہلال'' نے مسلمانوں کو تعداد کی جگہ ایمان پر اعتماد کرنے کی تلقین کی اور بے خوف ہو کر ہندوؤں سے مل جانے کی دعوت دی۔ اس سے وہ تبدیلیاں رونما ہوئیں جن کا نتیجہ خلافت وسوراج ہے۔''۲

درج بالا اقتباس کا مطلب ہی یہی ہے کہ جن اخباروں میں عصری حسیت ہوتی ہے وہ ہمیشہ زندہ وتابندہ رہتے ہیں، اور ان میں وقت کے دھارے موڑنے کی طاقت ہوتی ہے۔ لیکن اس طرح کے اخبارت ورسائل کی عمر بڑی کم ہوتی ہے اور حکومت وقت کی تلوار ہمیشہ ان کی گردن پر لٹکتی رہتی ہے۔

چونکہ آج صحافت کا اصل مقصد مال وزر کا حصول ہے اس لئے موجودہ دور کے اخبار ورسائل میں عصری معاملات کو تو موضوع بحث بنایا جاتا ہے، لیکن کذب بیانی یا مہارت لسانی کے ذریعہ کسی مخصوص نظریہ کی ترجمانی کی جاتی ہے یا کم از کم مضمون کو اس طرح گول مول کر دیا جاتا ہے جس سے حقیقت کا اندازہ لگانا مشکل ہو جاتا ہے۔ اس سلسلے میں ڈاکٹر ابرار رحمانی کا ایک اقتباس ملاحظہ ہو:

> ''سچی بات یہ ہے کہ ہم میں سچائی کا سامنا کرنے کی ہمت نہیں، سنا کرتے تھے کہ قلم کے سپاہی نڈر ہوا کرتے ہیں۔ ۔۔۔۔۔۔۔ لیکن اب یہ ایسا لگتا ہے گویا 'خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا جو سنا افسانہ تھا'۔۔۔۔۔ اب یہ باتیں فسانہ بن چکی ہیں اور ایسا لگتا ہے گویا کبھی ایک خواب دیکھا تھا، جب ادیب قلم کے سپاہی یا مزدور ہوا کرتے تھے۔ اب تو ہم قلم کے سوداگر ہو چکے ہیں۔ سوداگری کی انتہا یہ ہے کہ ہم اپنے فائدے کے لئے کسی بھی حد تک جاسکتے ہیں۔''۳

مندرجہ بالا اقتباس سے بالکل واضح ہے کہ صحافت میں عصری حسیت تو موجود ہے لیکن ایک عام اور متوسط طبقہ کے قاری کے لئے اس بات کا پتہ لگانا مشکل اور محال ہو جاتا ہے کہ اس کے سامنے پیش کی گئی خبر میں کتنا حقیقت ہے اور کتنا فسانہ، اور اگر کوئی صحافتی ادارہ حقیقت بیانی کی جرئت بھی کرتا

ہے تو اسے طرح طرح کے مصائب کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ حالانکہ موجودہ دور کے بعض اخبار ورسائل کے مطالعہ سے محسوس ہوتا ہے کہ آج بھی ان میں عصری حسیت موجود ہے لیکن اس طرح کے گفتار کے غازی اپنی جان ومال، عزت وآبرو کے مد نظر یا تو صحافتی انداز کے بجائے افسانوی انداز یا پھر بین بین کا راستہ اختیار کرتے ہوئے اظہار خیال کرتے ہیں اور فیصلہ قاری کے ذہن دماغ پر چھوڑ دیتے ہیں۔ مثال کے طور پر ۲۴ مارچ ۲۰۱۷ء روز نامہ راشٹریہ سہارا کے ادارتی صفحہ میں شامل 'نیستا سیتلواڑ' کے مضمون 'اتر پردیش اسمبلی انتخابات کا تجزیہ' کا اقتباس ملاحظہ ہو:

''اب جب کہ 'مودی لہر' سے انکار کرنے کی قطعی طور پر گنجائش نہیں رہ گئی ہے پھر بھی سیاسی چال بازی پر سنجیدہ توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ اسی بات کو اب دہرانے سے کوئی فائدہ نہیں ہے کہ نومبر ۲۰۱۵ء میں تقریباً سوا سال قبل جس ڈرامائی انداز میں سیاسی تبدیلی رونما ہوئی تھی اور سیکولر پارٹیوں نے آر ایس ایس جیسی فسطائی طاقت کے خلاف 'مہا گٹھ بندھن' قائم کر لیا تھا، اگر اسی طرح کا اتحاد اتر پردیش میں ہو جاتا تو یقینی طور پر بی جے پی کے بھگوا رتھ کو روکا جا سکتا تھا۔ پھر وہ کیا وجہ تھی جس نے بھگوا اکثریت نوازوں کے سیاسی مخالفین کو 'مشترکہ دشمن' کو شکست سے ہمکنار کرانے کے واسطے اتحاد قائم کرنے سے روک دیا تھا۔ الخ''[۴]

مندرجہ بالا اقتباس کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں کوئی حتمی فیصلہ یا احتجاج نہیں ہے بلکہ اپنا ایک افسانوی اور منطقی موقف پیش کر کے نتیجہ قاری کے تجسس اور فکر پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ جس کا مطلب ہے کہ سانپ بھی مر جائے اور لاٹھی بھی بچ جائے۔ اسی طرح رسالہ ' آج کل' کے مدیر ڈاکٹر رحمانی صاحب کے ایک اداریہ ' آزادی کا مطلب' کا اقتباس ملاحظہ ہو:

''ابھی ہمیں تعصب، تنگ نظری، ذاتی مفاد اور اپنے نفس کی غلامی سے آزادی حاصل کرنا باقی ہے۔۔۔۔۔۔ کرپشن اور بد عنوانی آج ہمارے ملک کو اندر ہی اندر کسی گھن کی طرح چاٹ چاٹ کر کھوکھلی کرتی جا رہی ہے۔ اگر اس کی طرف فوری دھیان نہیں دیا گیا تو ہم بہت جلد تباہی اور بربادی کے شکار ہوں گے۔۔۔۔۔۔ آپ کے ملک میں لاکھوں کروڑوں انسان جن کو پیٹ بھر کھانا نصیب نہ ہو ایسے میں اپنی دولت کا فخریہ انداز میں حساب کتاب دینا بھی خود اپنے آپ میں کرپشن ہی کہلائے گا، آج متبرک اور دھارمک استھلوں سے دولت کے انبار کا انکشاف ہونا حیران وپریشان کر دیتا ہے۔ کہ جس جگہ پر روحانیت کا بول بالا ہونا چاہئے تھا۔ ان جگہوں پر مادیت اور سرمایہ داری کا قبضہ کیوں کر ہو رہا ہے۔۔۔۔۔۔ ان بد عنوانی، کرپشن، آپسی بھید بھاؤ، فرقہ پرستی، جھوٹ اور عناد، تعصب اور تنگ نظری سے ہم آزادی حاصل کر لیں، حقیقی معنوں میں ہم تبھی آزاد ہوں گے، اور ہمارا ملک تبھی سارے جہاں سے اچھا ملک کہلائے گا۔''[۵]

مندرجہ بالا دونوں اداریوں میں رائے تو دی گئی ہے لیکن اس بات سے کلی طور پر دامن کو محفوظ رکھا گیا ہے کہ کن طریقوں سے ان تمام مسائل کا حل نکالا جا سکتا ہے اور یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ اردو صحافت کے ابتدائی دور سے لے کر آج تک جس اخبار نے بھی حقیقت کی ترجمانی یا حقیقی معنوں میں صحافت کے فرائض انجام دئے تو ان کا معاملہ موت وزندگی کے درمیان ہی رہا ہے اور ہمہ وقت حکومت وقت کی تلوار اس پر لٹکتی رہتی ہے۔ 'الہلال کی ایک عبارت دیکھیں:

پس سفر سے پہلے زادِ راہ کی فکر کر لو اور طوفان سے پہلے کشتی بنالو کہ سفر نزدیک ہے اور طوفان کے آثار ظاہر ہو گئے ہیں۔ جن کے پاس زادِ راہ نہ ہو گا وہ بھوکے مریں گے اور جن کے پاس کشتی نہ ہو گی وہ سیلاب میں غرق ہو جائیں گے۔[۶]

مندرجہ بالا اقتباس کی روشنی میں یہ کہنا مناسب ہے کہ موجودہ دور کی صحافتوں میں عصری حسیت کا فقدان کی پہلی وجہ ان کے پاس مال واسباب کی کمی اور صحافیوں کا ملازم پیشہ ہونا ہے، دوسری وجہ صحافت کا تجارت کی صورت اختیار کرنا ہے جس کی وجہ سے اس میں بیباکی اور سچائی کی جگہ مصلحت

پسندی نے جگہ لے لی ہے اور عام طور پر کوئی بھی صحافی آزادی اور بیباکی کے ساتھ بولنے سے پرہیز کرتا ہے، نہ ان میں آزادی نظر آتی ہے اور نہ ہی آزادی کی وہ روح جس سے قاری کی ذہن سازی کی جاسکے اس لئے یہ کہنا درست ہے کہ آج صحافت کے آزاد ہونے کے باوجود کوئی بھی صحافی آزاد نہیں ہے اور اگر آج بھی معاشرے میں بیباک صحافی پیدا ہو جائیں تو وہ عوام کے ایک بڑے طبقہ کی ذہن سازی کے ذریعہ ملک و قوم کے دھارے کو موڑا جاسکتا ہے۔

☆☆☆

حواشی:

۱۔ اردو اور عوامی ذرائع ابلاغ۔ اردو اکادمی دہلی، صفحہ ۱۳، مرتبہ شاہد حسین، اظہار عثمانی، ۲۰۱۳ئ

۲۔ ایوان اردو دہلی کا مولانا آزاد نمبر اردو اکادمی دہلی۔ صفحہ ۳۵، ۲۰۱۴

۳۔ اداریہ نویسی اور میرے اداریے، ڈاکٹر ابرار رحمانی، عرشیہ پبلی کیشنز صفحہ ۵۱۔ ۲۰۱۶، ۲۵۱

۴۔ ۲۴ مارچ ۲۰۱۷ء روزنامہ راشٹریہ سہارا، تیستا سیتلواڑ، 'اتر پردیش اسمبلی انتخابات کا تجزیہ'

۵۔ اداریہ نویسی اور میرے اداریے، ڈاکٹر ابرار رحمانی، عرشیہ پبلی کیشنز صفحہ ۸۱۔ ۲۰۱۶

۶۔ ایوان اردو دہلی کا مولانا آزاد نمبر اردو اکادمی دہلی۔ صفحہ ۴۵، ۲۰۱۴

سریندر پرکاش کا تخلیقی ذہن

طاہر محمود ڈار
شعبہ اردو، جامعہ ملیہ اسلامیہ
نئی دہلی

سریندر پرکاش جدید افسانہ نگاروں میں ایک اہم اور معتبر نام ہے۔ان کی کہانیوں کا موضوع عہد جدید کے انسان کے ذہنی مسائل اور اندرونی کھوکھلا پن ہیں، لیکن ان کی کہانیوں کے ممتاز ہونے کا سبب ان کا منفرد اسلوب اور ذاتی و تہہ دار علامتوں کا استعمال ہے۔ان کے اسلوب کا خاص وصف یہ ہے کہ وہ اپنی تحریر میں ذاتی علامات اور ایجاز واختصار سے کام لیتے ہیں جس سے ان کی تحریر مبہم و مشکل ہونے کے باوجود اپنے اندر سادگی کا عنصر سامنے لاتی ہے۔ سریندر پرکاش جدید افسانے کے فن کا گہرا علم و شعور رکھتے ہیں یہی وجہ ہے کہ انھوں نے اپنی تخلیقات کے سہارے اسطوری، علامتی اور امیجری افسانے کے وقار، معیار اور بلندی میں اضافہ کیا۔

سریندر پرکاش کا پہلا مطبوعہ افسانہ 'دیوتا'' ہے جو ہفت روزہ 'پارس' لاہور ۱۹۵۴ء میں شائع ہوا۔ان کا پہلا افسانوی مجموعہ ''دوسرے آدمی کا ڈرائنگ روم''1986ء، دوسرا ''برف پر مکالمہ'' 1989ء اور تیسرا ''باز گوئی'' 1988ء میں منظر عام پر آیا ''باز گوئی'' پر 1989ء میں ان کو ساہتیہ اکادمی ایوارڈ سے نوازا گیا۔

سریندر پرکاش کے پہلے افسانوی مجموعہ ''دوسرے آدمی کا ڈرائنگ روم'' کے پیش لفظ میں جدیدیت کے علمبردار شمس الرحمن فاروقی ان کے فکر وفن پر تبصرہ کرتے ہوئے رقم طراز ہیں:

> ''ان کہانیوں میں ایک انوکھی بے بدنی (Bodylessness) پائی جاتی ہے جو ایک وقت مضطرب بھی کرتی ہے اور متحیر بھی۔ ممکن ہے کہ یہ تمام افسانے بحیثیت مجموعی عہد حاضر کے پرچھائیں نما انسان کی تمثیل ہوں یا ممکن ہے کہ ان کے کرداروں کا پرچھائیں پن ذہن انسانی کی گہرائیوں میں باہم نبرد آزما ان گنت جبلتوں نیم شعوری اور تحت الشعوری آگاہیوں اور پیچیدگیوں کا احاطہ کرنے کا ایک ذریعہ ہو۔ بہر صورت ان کہانیوں میں ایک ناقابل برداشت خلا نظر آتا ہے۔اس خلا میں پلاٹ کے جزیرے نہ ڈھونڈیے بلکہ سایہ نما ستاروں کے جھرمٹوں کی طرح کرداروں کو نیم تاریکی میں ہاتھ پاؤں مارتے ہوئے دیکھئے تو ان کہانیوں کی معنویت نظر آئے گی۔'' ۱

اس مجموعہ میں شامل افسانہ ''دوسرے آدمی کا ڈرائنگ روم'' نہ صرف سریندر پرکاش کا شاہکار افسانہ ہے بلکہ اردو افسانے کی تاریخ خصوصاً جدید اردو افسانہ کے صف اول افسانوں میں اس کا شمار ہوتا ہے۔اس کہانی کا مرکزی کردار سمندر اور میدانی علاقے سے گزرنے کے بعد ایک کشادہ مکان کے پھاٹک میں قیام کرتا ہے۔اس مکان میں ایک عالی شان ڈرائنگ روم ہے۔ مرکزی کردار ڈرائنگ روم کی آرائش وزیبائش سے بے حد متاثر ہوتا ہے اور وہ گل دان اور آتش دان کو چھو کر دیکھتا ہے۔اسی دوران ایک تصویر اس کے ہاتھ لگنے سے نیچے فرش پر گر جاتی ہے۔ تصویر میں ایک مرد اور عورت اور اس

کی گود میں ایک چھوٹی بچی مسکرا رہی ہے۔ یہ منظر ایک خوشحال گھرانے کی علامت ہے۔اسی اثنا میں برآمدے سے کسی کے لاٹھی ٹیک کر چلنے کی آواز مرکزی کردار کے کانوں میں گونجتی ہے۔وہ اس آواز کا پیچھا کرتا ہے اور اسے پکڑنے کی کوشش کرتا ہے لیکن ناکام ہو جاتا ہے۔اتنے میں اس کے تصور میں ایک سانپ،ایک عورت انگڑائی لیتی اور ایک بچی کھیلتی ہوئی نظر آتی ہے۔وہ بڑی حسرت سے سوچتا ہے کہ کاش ڈرائنگ روم کی ہر چیز اس کی ہوتی،اور وہ رونے لگتا ہے۔وہ اس خوش سلیقہ انسان کی ملاقات کی انتظار میں ہی تھا کہ آواز آتی ہے۔ چلو دیر ہو رہی ہے۔وہ للچاتی نظروں سے ڈرائنگ روم کو دیکھتا ہے ۔پھر آواز آتی ہے، یہ سب تمہارا ہی تو ہے لیکن اب مہلت نہیں ہے اور وہ کسی انجانی چیز کے کھونے کے احساس سے رونے لگتا ہے۔بے بس ہو کر کہتا ہے:

''ایکا یکی میں نے اپنی بے چارگی پر قابو پایا اور بازو لہرا کر کہنا چاہا: سنو تم سب سن لو سمندر کنارے کے شہر کا پتہ ہے نا؟ اگر کبھی کوئی کمزور، نحیف، بے سہارا کشتی ساحل سے آکر لگے تو سمجھ جانا کہ وہ میں ہوں!۔''2

مذکورہ بالا افسانے میں انفرادی کرب کی ایک لہر موجود ہے۔یہ کہانی تہذیبی اقدار کے زوال اور قدیم وجدید تہذیبوں کے ٹکراؤ کی طرف واضح اشارہ ہے۔انسان سے جب سب کچھ چھن جاتا ہے تو وہ ماضی کی خوشحالی کے خوابوں کا اسیر ہو جاتا ہے۔ گوپی چند نارنگ اس افسانے پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''کہانی عہد آفرینش کے انسان کی اپنائیت، رفاقت اور معصومیت کے احساس سے شروع ہوتی ہے، صنعتی دور کے اثر سے پیدا ہونے والی ذہنی علاحدگی (Alienation) کی مختلف کیفیتوں کو ابھارتی ہے اور اپنائیت کے فقدان کے المیہ کو نقطۂ عروج پر پہنچا کر ختم ہو جاتی ہے۔ عہد آفرینش کے انسان کو جو بجائے خود اپنائیت اور رفاقت کی علامت ہے، ڈرائنگ روم یعنی جدید معاشرے سے رخصت ہونا پڑتا ہے تو وہ قالین یعنی دھرتی کو ایک نظر سے دیکھتا ہے اور اسے اپنی باہوں میں بھر لینے کی کوشش کرتا ہے۔ معاشرہ اس کا اپنا ہے لیکن علاحدگی کے جذبے کی وجہ سے اسے 'دوسرے آدمی کا ڈرائنگ روم' کہا ہے۔''3

''رونے کی آواز'' ایک اور علامتی افسانہ ہے جس میں خود کلامی اور شعور کی رو جیسی اہم تکنیک کا استعمال کر کے ایک ایسے شخص کی کہانی بیان کی گئی ہے، جو نہ صرف بے نام ہے بلکہ بے چہرہ بھی اور اپنے گمشدہ چہرے کی تلاش میں سرگرداں ہے۔وہ پچھلے آٹھ سال سے اپنا ہم شکل تلاش کر رہا ہے۔اسے دوسروں کے ہم شکل تو نظر آتے ہیں لیکن اپنا ہم شکل تلاش کرنے میں اسے ناکامی ہوتی ہے جس کی وجہ سے وہ گہرے باطنی کرب میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

افسانے کی ابتدا انگریزی کے ایک جملے ' فلاور انڈر ٹری از فری (Flower under tree is free)' سے ہوتی ہے۔اس کے بعد گانے والے کا ذکر ہے جو گانا سنا کر اس مقام سے چلا جاتا ہے۔بیان کرنے والا دھیرے دھیرے گانوں کے سروں اور آواز کے جادو کو بھول جاتا ہے لیکن الفاظ ابھی بھی اس کے ذہن پر مسلط ہیں۔اس موسیقار کا یہ کہنا کہ ''تم شادی کیوں نہیں کر لیتے اچھے خاصے معمولی آدمی ہو'' ایک گہرا طنز ہے جو وہ خود اپنی ذات پر کرتا ہے۔یہ الفاظ سنتے ہی اسے اپنی بلڈنگ کے مالک وشنو بابو کا واقعہ یاد آتا ہے۔وشنو بابو بھی ایک معمولی آدمی تھا جس نے سرسوتی سے شادی کر لی تھی۔کچھ دنوں بعد لکشمی ان سے ٹکرا گئی جو کافی مالدار تھی۔وشنو بابو کو سرسوتی سے شادی کرنے پر تاسف ہوتا ہے اور لکشمی سے شادی کر کے عیش و عشرت کی زندگی گذارتا ہے، دوسری طرف سرسوتی سیڑھیوں پر بیٹھی روتی رہتی ہے:

''اب لکشمی اور وشنو دونوں آرام سے زندگی بسر کرتے ہیں اور ' سرسوتی' بے چاری رات رات بھر سیڑھیوں پر بیٹھی روتی رہتی ہے۔اسی ہنگامے کی وجہ سے میں بھی ابھی تک طے نہیں کر پایا کہ مجھے کسی سرسوتی سے شادی کرنی چاہئیے یا لکشمی سے۔'' 4

لکشمی اور سرسوتی کی اسطوری معنویت کہانی کے اندر علامتی پیرایہ پیدا کرنے میں معاونت کرتی ہے۔یہاں سرسوتی علم وہنر اور آرٹ کی اور لکشمی مال وزر کی علامت ہے۔اب یہی صورت حال ہمارے معاشرے کی حقیقت بن گئی ہے۔مالک مکان وشنو بابو، جس نے سرسوتی کو چھوڑ کر لکشمی سے بیاہ رچالیا ہے دراصل پورے معاشرے کی بدلی ہوئی سوچ کا عکاس بن جاتا ہے۔علم اور فن کو چھوڑ کر لوگ مال ودولت کے پیچھے بھاگ رہے ہیں، کیونکہ اب کوئی معمولی آدمی بن کر نہیں رہنا چاہتا۔افسانے کا مرکزی کردار بھی اب معمولی آدمی نہیں رہا۔اگر معمولی آدمی رہتا تو اس تذبذب کا شکار نہیں ہوتا کہ وہ لکشمی سے شادی کرے یا سرسوتی سے، اور سکون کی زندگی گزارتا۔اس کے بعد کہانی میں دوسرا پڑاو آتا ہے۔راوی اس دنیاوی کھوکھلی آرایش وزیبائش کی وجہ سے اپنی ذات سے دور ہو گیا ہے لیکن اپنی باطن کی آواز سے دور نہیں ہو پاتا۔یہی وجہ ہے کہ اس کو رات کی تاریکی اور تنہائی میں کبھی سرسوتی کے رونے کی آواز آتی ہے اور کبھی اپنے پروس کے بچے کی۔ کبھی اسے لگتا ہے کہ اس کی ماں مر گئی ہے اور بچہ بھوک کی وجہ سے رو رہا ہے اور کبھی اپنی بیوی کی لاش اور بلکتے بچے دیکھ کر رونا آتا ہے۔راوی جب حالات کا جائزہ لینے نیز ایک پڑوسی کا حق ادا کرنے کے لیے باہر نکلتا ہے تو اس کے پڑوسی دروازے پر دستک دیتے ہیں۔وہ یہ دیکھ کر حیران رہ جاتا ہے کہ سرسوتی، بچے اس کی مری ہوئی ماں سب بیک زبان بولتے ہیں:

''کیا بات ہے آپ اتنی دیر سے رو رہے ہیں؟ایک اچھے پڑوسی کے ناطے ہم نے اپنا فرض سمجھا کہ۔۔۔۔!'' 5

اسی نامکمل جملے پر افسانے کا اختتام ہوتا ہے۔باقی قاری کی سوچ پر چھوڑ دیا گیا ہے جو قاری کے ذہن پر خوشگوار اثر ڈالتا ہے۔دراصل یہ رونے کی آواز باہر کی نہیں بلکہ خود راوی کے ضمیر اور باطن کی آواز ہے اور وہ اتنا بے حس ہو چکا ہے کہ اسے اپنے ضمیر کی آواز بھی سنائی نہیں دیتی۔

مذکورہ بالا افسانوں کی طرح ''بدوشک کی موت''، ''نئے قدموں کی چاپ''، ''سرنگ''، ''خشت وگل''، ''تلقار مس'' علامتی افسانے کے زمرے میں آتے ہیں۔یہ سب افسانے قدرے پیچیدہ اور مبہم ہیں اور ان میں منتشر اور غیر مربوط جملے قاری کے لیے تفہیم کا مسئلہ پیدا کرتے ہیں۔یہ اس دور کے افسانے ہیں جب جدیدیت کا رجحان عروج پر تھا۔سریندر پرکاش نے بھی اسی شدت پسندی کا رویہ اختیار کرتے ہوئے بعض ایسی علامتوں کو پیش کیا جن کو سمجھنے میں دشواری ہوتی ہے لیکن اس کے بعد سریندر پرکاش کی افسانہ نگاری کا ایک اور خوشگوار دور آیا۔اس دور میں علامت وتجریدیت میں اعتدال وتوازن اور قدیم روایات کا احترام بھی ہے اور بیانیہ بھی بھرپور طریقے پر نمایاں ہے۔شمس الرحمن فاروقی اس واضح تبدیلی کے بارے میں ''بازگوئی'' کے پیش لفظ میں لکھتے ہیں:

''شروع شروع میں سریندر پرکاش کے افسانوں میں اسرار Mystery کا عنصر غالب تھا اور بعض لوگوں کو سمجھنے میں دقت ہوتی تھی کہ اس اسرار کے پیچھے کیا اسرار ہے؟اسی لیے میں نے عرصہ ہوا سریندر پرکاش کی علامتوں کو خواب کی علامتوں سے تشبیہ دی تھی کہ وہ خود منطق سے بالاتر ہوتی ہیں اور ایک دوسری کائنات کی طرف اشارہ کرتی ہے۔اس زمانے میں سریندر پرکاش اپنی برہمی اور دنیا میں انسان کی زبوں حالی پر اپنے احتجاج کی لے پر بے معنویت Absurdity کی نقاب ڈالے رہتے تھے۔بعد کے افسانوں میں اس نقاب میں جگہ جگہ سے ننھے منے سوراخ بنا دیے گیے ہیں۔'' 6

اس تبدیلی کے زیر اثر لکھے گئے افسانوں میں ''بجوکا''، ''بن باس'' اور ''باز گوئی'' عمدہ مثالیں ہیں۔ان افسانوں میں کہانی پن کا عمدہ مظاہرہ ہے اور ساتھ ساتھ آج کے عہد کے سیاسی و سماجی اور معاشی مسائل کو موضوع بنایا گیا ہے۔۱۹۷۰ء کے بعد کے افسانہ نگاروں نے کہانی کی مراجعت کی جو بات کہی تھی اس کا اثر ان کہانیوں میں صاف طور پر دکھائی دیتا ہے۔ان میں ابہام سے شعوری طور پر گریز ضرور کیا گیا ہے لیکن سپاٹ بیانی اور اکہرے پن کو راہ پانے بھی نہیں دیا گیا ہے۔

''بجوکا'' صرف سریندر پرکاش کا ہی نہیں بلکہ اردو افسانے کی تاریخ میں ایک سنگ میل کا درجہ رکھتا ہے۔افسانہ '' بجوکا''کو وسیع پیمانے پر پذیرائی حاصل ہوئی۔اس افسانے کو ہر مکتبہ فکر کے لوگوں نے ایک اعلی اور معیاری افسانہ قرار دیا۔سریندر پرکاش اس افسانے میں جدید رہتے ہوئے کلاسیکی افسانے سے قریب آ گئے اور اسی لیے اس کی تفہیم ان کے دوسرے افسانوں کی نسبت زیادہ آسان تھی۔اس افسانے کی ایک اور خوبی یہ بھی ہے کہ سریندر پرکاش نے ایک بار پھر افسانہ نگاروں کو موضوع کی اہمیت کا احساس دلایا۔کہانی کا آغاز پریم چند اور اردو ناول کے مشہور کردار '' ہوری'' کے ذکر سے ہوتا ہے۔ہوری اس کہانی کا مرکزی کردار ہے۔

> ''پریم چند کی کہانی کا ہوری اتنا بوڑھا ہو چکا تھا کہ اس کی پلکوں اور بھنوؤں تک کے بال سفید ہو گئے تھے۔کمر میں خم پڑ گیا تھا اور ہاتھوں کی نسیں، سانولے کھردرے گوشت سے ابھر آئی تھیں۔اس اثناء میں اس کے یہاں دو بیٹے ہوئے تھے جو اب نہیں رہے۔ایک گنگا میں نہا رہا تھا کہ ڈوب گیا اور دوسرا پولیس مقابلہ میں مارا گیا۔''7

سریندر پرکاش کا ہوری بہت خوش ہے۔وہ دن بھر کھیتی باڑی کرتا ہے اور اسے امید ہے کہ اب اس کو اپنی محنت و مشقت کا سو فیصد اجر ملے گا۔نہ اسے لگان کا خوف ہے اور نہ سیٹھ ساہوکاروں کے سود کا خدشہ۔اسی لیے فصل کی کٹائی کے دن ہوری اور اس کے اہل خانہ بے حد خوش ہیں۔

> ''کتنا اچھا سے آ پہنچا ہے۔نہ اہلمند کی دھونس نہ بنیئے کا کھٹکا، نہ انگریز کی زور زبردستی اور نہ زمیندار کا حصہ۔''8

یہ آزاد ہندوستان کا نقشہ ہے، جہاں زمینداری، لگان، سود خوری اور مذہبی استحصال ختم ہو چکا ہے اور عوام کو یہ باور کرایا گیا ہے کہ اب جمہوریت کا دور ہے، اب آپ کی اپنی حکومت ہے اور زمین اس کی اپنی ہے جس کا کوئی شریک نہیں۔لیکن ہوری جب فصل کاٹنے کے لیے کھیت پر جاتا ہے تو اس کی حیرانگی کی انتہا نہیں رہتی جب وہ بجوکا کو فصل کاٹتے ہوئے دیکھتا ہے۔یہ وہی بجوکا ہوتا ہے جس کو ہوری نے کھیت کی نگرانی کے لیے اپنے ہاتھوں سے بنایا تھا۔ہوری یہ دیکھ کر غضب ناک ہو جاتا ہے اور بجوکا کو دھکا مارتا ہے لیکن بجوکا پر اس کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔وہ ہوری کو مسکراتے ہوئے کہتا ہے:

> ''تم خواہ مخواہ خفا ہو رہے ہو ہوری کاکا۔میں نے تو صرف اپنے حصے کی فصل کاٹی ہے۔صرف ایک چوتھائی۔۔۔''9

ہوری انصاف کے لیے اس معاملے کو پنچایت میں لے جاتا ہے۔پنچایت میں سب لوگ نہ صرف بجوکا خیر مقدم کیا جاتا ہے بلکہ فیصلہ بھی اسی کے حق میں سنایا جاتا ہے۔ہوری کا سارا وجود کانپنے لگتا ہے اور اسے محسوس ہوتا ہے جیسے بجوکا نے سارے گاوں کے لوگوں کا ضمیر خرید لیا ہے۔آخر کار ہوری پنچایت کے فیصلے کو قبول کرتے ہوئے فصل کا چوتھائی حصہ بجوکا کو دیتا ہے اور اپنے پوتوں کو نصیحت کرتا ہے کہ اپنی فصل کی حفاظت کے لیے کبھی بجوکا نہ بنائیں بلکہ وہ جب مر جائے اسے بجوکا کی جگہ کھڑا کر دے۔کیونکہ بجوکا بے جان نہیں ہوتا، اسے اپنے آپ زندگی مل جاتی ہے اور اس کا وجود اسے درانتی تھما دیتا ہے۔افسانے کا اختتام ان سطور پر ہوتا ہے:

> ''کھیت کے قریب پہنچ کر ہوری گرا اور ختم ہو گیا۔اس کے پوتے پوتیوں نے اسے ایک بانس سے باندھنا شروع کیا۔۔۔اور باقی کے سب لوگ یہ تماشا دیکھتے رہے۔۔۔بجوکا نے اپنے سر پر رکھا شکاری ٹوپا اتار کر سینے کے ساتھ لگا لیا اور اپنا سر جھکا دیا۔''10

افسانہ ''بجوکا'' میں ہوری ایک تلمیح ہے اور بجوکا جمہوریت اور جمہوری نظام کی علامت۔پریم چند کا ہوری ایک غلام ہندوستان کا باشندہ تھا اور زمینداروں، ساہوکاروں، مہاجنوں اور انگریزوں کے ظلم و جبر کا شکار تھا۔ سریندر پرکاش کا ہوری آزاد ہندوستان میں سانس لے رہا ہے لیکن یہاں بھی اس کی وہی حالت ہے جو پہلے تھی۔ طرح طرح سے اس کا استحصال کیا جارہا ہے۔ غرض کہ زمانہ بدل گیا، حکومتیں بدل گئیں لیکن ایک عام محنت کش طبقہ کا استحصال اب بھی بدستور جاری ہے۔اس طرح یہ صرف ہوری کی نہیں بلکہ پورے ملک کی عوام کے استحصال کی کہانی ہے۔

مجموعی طور پر سریندر پرکاش کا شمار اردو کے ممتاز علامتی افسانہ نگاروں میں ہوتا ہے۔ان کے یہاں موضوعات، اسالیب اور تکنیک میں تنوع پایا جاتا ہے۔زبان و بیان پر غیر معمولی قدرت، داستانوی فضا کی تعمیر میں چابکدستی اور تجریدی و علامتی رنگ و آہنگ تیار کرنے کی بے پناہ صلاحیت ان کے افسانوں کو انفرادیت کا حامل بنادیتا ہے۔

☆☆☆

حواشی:

1۔ شمس الرحمن فاروقی، پیش لفظ، دوسرے آدمی کا ڈرائنگ روم، کریمی پریس، الہ آباد 1968 ص 5

2۔ سریندر پرکاش، دوسرے آدمی کا ڈرائنگ روم، کریمی پریس، الہ آباد 1968 ص 34

3۔ گوپی چند نارنگ، اردو افسانہ روایت اور مسائل، ایجوکیشنل پبلشنگ ہاوس، دہلی 2004، ص 513

4۔ سریندر پرکاش، رونے کی آواز، مجموعہ دوسرے آدمی کا ڈرائنگ روم، کریمی پریس، الہ آباد 1968، ص 17

5۔ایضاً۔ ص 22

6۔ شمس الرحمن فاروقی، پیش لفظ، باز گوئی، سریندر پرکاش، ایجوکیشنل پبلشنگ ہاوس دہلی، 1988، ص 13

7۔ سریندر پرکاش، بجوکا، مجموعہ باز گوئی،، ایجوکیشنل پبلشنگ ہاوس دہلی، 1988، ص 110

8۔ایضاًص 110

9۔ایضاً۔ ص 114

10۔ایضاً۔ ص 116

علامہ بوصیری؛حیات وخدمات: ایک تنقیدی جائزہ

سعود عالم
ریسرچ اسکالر
دہلی یونیورسٹی، دہلی

علامہ بوصیری کا پورا نام امام شرف الدین ابو عبداللہ محمد بن سعید بوصیریؒ ہے۔ مولانا عبداللہ عباس ندوی نے اپنی کتاب ''ردائے رحمت'' میں ایک جگہ اُن کا نام ''محمد بن سعید'' لکھا ہے۔[1] اور ایک دوسری جگہ ''ابو عبداللہ محمد بن سعید البوصیری'' لکھا ہے[2] جبکہ ڈاکٹر سعیدہ پٹیل نے اپنی کتاب ''سید عبدالفتاح اشرف گلشن آبادی اور قصیدہ بردہ: ایک تحقیقی مطالعہ'' کے پیش گفتار میں '' امام شرف الدین محمد سعید بوصیریؒ'' بتایا ہے۔[3] وہ ایک دوسری جگہ رقم طراز ہیں:

> ''ان کا نام مختلف ترجموں میں مختلف طریقوں سے لکھا ہوا ملتا ہے۔ قاضی عبدالکریم ابن الحاج قاضی نور محمد (مرحوم) کے مرتبہ عربی ترجمے میں ان کا نام امام الشیخ محمد ابن سعید بوصیریؒ'' لکھا ہوا ہے۔ سید عبدالفتاح گلشن آبادی نے اپنے ترجمہ میں ان کا نام ''ترجمہ قصیدہ بردہ تصنیف قدوۃ العلما امام محمد البوصیریؒ'' لکھا ہے۔ محمد عبدالمجید غفراللہ الحمید کامٹی (۱۰۲۹ئ) نے اپنے مرتب کردہ قصیدہ بردہ میں شاعر کا نام ''امام صالح شرف الدین ابو عبداللہ محمد بن حسن البوصیریؒ'' لکھتے ہیں۔ اسی طرح مختلف رسالوں اور تذکروں میں ان کا نام کہیں امام محمد بن سعیدؒ اور کہیں شرف الدین ابی عبداللہ محمد بن سعید المصری البوصیریؒ لکھا ہوا ملتا ہے۔''[4]

مولفہ ایک تیسری جگہ پر وفیسر آر۔اے نکلسن، محمد فیاض الدین نظامی (بہزاد دکن)، سید محمد احمد قادری، جناب نفیس احمد مصباحی اور سید ابوالفضل وغیرہ کے بیانات اور دوسری مختلف کتابوں کی روشنی میں بوصیری کے نام، تاریخ پیدائش، جائے پیدائش سے متعلق بیان کرتی ہیں کہ:

> ''ہم علامہ بوصیریؒ کے متعلق صرف اتنا ہی جانتے ہیں کہ محمد بن سعید علامہ بوصیریؒ یا حضرت امام شرف الدین محمد البوصیریؒ یکم شوال ۸۰۶ھ ۷ مارچ (۱۲۱۳ئ) مصر کے ایک قصبہ دلاص میں پیدا ہوئے۔ ان کا نام محمد، کنیت ابو عبداللہ، لقب شرف الدین، والد کا نام سعید اور دادا کا نام حماد ہے۔ مصر کے علاقہ بوصیری میں ان کا دادیہال اور دلاص میں ننھیال تھا۔ بوصیریؒ قوم بربر کے صنہاجہ نامی قبیلے سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس لیے ان کو قبیلہ کی طرف نسبت کرتے ہوئے ''دلامی'' اور مقام سکونت کی طرف نسبت کرتے ہوئے بوصیری بھی کہتے ہیں۔''[5]

بقول مولانا عبداللہ عباس ندوی آپ کی ولادت دِلاص میں ۸۰۶ھ اور وفات اسکندریہ میں ۶۹۷ھ میں ہوئی، آپؒ ساتویں صدی ہجری کے ایک مصری شاعر اور طریقہ شاذلیہ کے صاحبِ نسبت واجازت صوفی بزرگ تھے۔ مصر کے علاقہ بنی سویف میں ابوصیر اُن کا دادیہال اور دلاص نانیہال تھا، ابوصیری اسی گاوں کی طرف نسبت ہے جو مخفف ہو کر ابوصیری سے بوصیری رہ گیا۔[6]

ماہر تاریخ داں پروفیسر آر۔اے نکلسن بوصیریؒ کی تاریخ پیدائش اور حالات زندگی پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھتے ہیں:

"The Qasidatu'l- Burda (Mantle Ode) of as-Busiri is a hymn in praise of the Prophet. Its author was born in Egypt in 1212 A.D. We know Scarcely anything Concering his life. Which as he himself declares, was passed in writing peotry and in paying court to great, but his biographers tell us that he supported himself by copying manuscripts, and that he was a disciple of the eminent Sufi Abu-l Abbas Ahmed as-Marsi. It is said that compsed the "Burdha". While suffering from a strock which paralysed one half of his body. After praying God to heal him, he began to recite the poem, presently he fell asleep and dreamed that he saw the Prophet, who touched his palsied side and threw his Mantle (burda) over him. "Then" Said Al-Busiri. "I awoke and found my self able to rise. "However this may be the Mantle ode is held in extra ordinary veneration by Muhammdans. Its versed are often learne by heart and inscribed in golden letters on the walls of Public buildings, and not only is the whole poem regardes as charm aganist evil, but some peculiar magical power is supposed to reside in each verse seperately. Although its poetical merits is no more than respectable, the Burda may be read with pleasure on account of its smooth and elegant style with interest as setting forth in brief compass the medaeval legend of the Prophet a legend full of prodigies and miracles in which the historical figure of Muhammed is glorified almost beyond recognition." [7]

علامہ بوصیریؒ کی تاریخ پیدائش کے سلسلے میں علماو ناقدین میں اختلاف ہے کہ وہ ۸۰۶ھ میں پیدا ہوئے یا ۹۰۶ھ بمطابق ۱۲۱۲ء یا ۱۳۱۲ء میں۔ کتابوں میں دونوں طرح کی روایتیں ملتی ہیں، جیسا کہ مذکورہ بالا اقتباسات سے پتہ چلتا ہے۔ الغرض ہم صرف اتنا کہنا چاہیں گے کہ علامہ بوصیریؒ ساتویں صدی ہجری کے ایک بلند پایہ عرب شاعر رہے ہیں۔ ان کی پیدائش بمقام ابوصیر بتاریخ یکم شوال ۸۰۶ھ بمطابق ۷ مارچ ۱۲۱۲ء میں ہوئی۔ بعض روایت میں ۹۰۶ھ بھی مذکور ہے۔ اسی نسبت سے ان کو البوصیری کہا جاتا ہے۔ حضرت علامہ سیوطی کی روایت کے مطابق ان کی پیدائش ''دلاص'' میں ہوئی، اسی مناسبت سے وہ ''دلاصی'' کہلائے۔ ان دونوں روایت کے علاوہ ایک تیسری روایت بھی ہے کہ ان کے والدین میں سے ایک کا تعلق بوصیر سے اور دوسرے کا تعلق ''الدلاص'' سے تھا، اس وجہ سے وہ '' البوصیری'' اور ''الدلاصی'' دونوں کہلائے۔

علامہ بوصیریؒ نے رواج کے مطابق بنیادی تعلیم کے لیے مصر کے مشہور شہر قاہرہ کی طرف رخ کیا۔ وہاں آپ نے پوری محنت، لگن اور مستعدی سے تعلیم حاصل کی۔ تیرہ سال کی عمر میں آپ نے قرآن مجید حفظ کیا۔ آپ کے اشعار سے پتہ چلتا ہے کہ آپ کو علم حدیث، سیر، مغازی اور علم کلام میں مکمل دسترس حاصل تھی اس کے علاوہ آپ کو علم ادب، علم بدیع، علم بیان اور صرف و نحو میں پورا عبور تھا۔ فن خطاطی میں بھی آپ کو کامل دستگاہ تھی۔ تصوف میں آپ حضرت ابوالعباس احمد المرسی (متوفی ۶۸۶ھ) کے مرید تھے۔ طریقت و تصوف کی تعلیم آپ نے ان ہی سے حاصل کی۔ ان کی صحبت میں رہ کر آپ نے وہ کسب فیض اٹھایا جو آپ کے معاصرین میں سے کسی کو نصیب نہ ہو سکی۔ آپ دس سال تک یروشلم (بیت المقدس) میں رہے۔ پھر مدینہ منورہ ہوتے ہوئے مکہ مکرمہ میں تقریباً تیرہ سال تک علوم اسلامی اور قرآن کی تعلیم دیتے رہے۔ اس کے بعد آپ اپنے وطن مصر واپس آکر بلبیس (Bilbees) نامی شہر میں کاتب کی حیثیت سے حکومت مصر میں ملازم ہو گئے۔ مصر میں آپ

وزیر زین العابدین بن یعقوب بن زبیر کی ملازمت میں کئی سال رہے۔آپ نے وہاں کے امرا کی شان میں متعدد قصیدے بھی لکھے۔آپ نے اپنی عمر کا ایک بڑا حصہ درباری ملازمت میں گزارا۔بقول ان کے:

خَدَمتُہ بِمَدِیحٍ اَستَقِیلُ بِہٖ
ذُنُوبَ عُمرٍ مَّضٰی فِی الشِّعرِ وَالخِدَمِ

آپ ساتویں صدی ہجری کے جلیل القدر فقیہہ، محدث، ماہر خطاط اور ریاضی داں تھے۔لیکن آپ کو شہرت ایک عربی شاعر کی حیثیت سے ملی۔آپ نے توریت اور انجیل کے علاوہ مختلف مذاہب کی کئی کتابوں کا مطالعہ کیا۔آپ نے ان تمام افکار وعقائد کو رد کیا جو اسلام کے منافی تھے۔آپ کے بعض قصائد اور حواشی میں ردّ عیسائیت ویہودیت کی جھلک نمایاں طور پر دکھای دیتی ہے۔آپ کا مشہور قصیدہ ''لامیہ'' ہے جس میں تقریباً ۱۸۸۴ اشعار ہیں۔اس کا عنوان ''نبوۃ المسیح'' ہے۔[8] ڈاکٹر سعیدہ پٹیل نے اپنی کتاب میں اشعار کی تعداد (۰۴۳) بتائی ہے، جو غلط ہے۔[9] قصیدہ کا مطلع یہ ہے :

جَایٰ اَلمَسِیحُ مِنَ اللہِ رَسُولاً
فَابیٰ اَقَلُّ العَالَمِینَ عُقُولاً

ترجمہ: ''حضرت عیسیٰ اللہ کی طرف سے رسول بن کر آئے، عالمین میں سب سے اقلّ ترین عقلا نے ان کا انکار کیا۔

اور آخری شعر:

مالاح ضوء صباحٍ فاشتَرَّبہ
من الکواکب قندیل فقندیلُ[10]

ترجمہ: جب صبح کی روشنی چمکے تو ستاروں سے قندیل نے روشنی خرید لی پھر دوسری قندیل نے خریدی (یہ سلسلہ لگاتار چلتا ہے درود وپاک کا)

نعت نبوی (صلی اللہ علیہ وسلیم) آپ کی شاعری کا اصل موضوع تھا ''قصیدہ بردہ'' کے علاوہ بھی آپ کی متعدد نعتیں ہیں۔ان کے اشعار کا مجموعہ (مطبوعہ اور قلمی) دونوں موجود ہے۔پورا دیوان نعتیہ کلام پر مشتمل ہے جو دیوان بوصیری کے نام سے مصر (قاہرہ) سے متعدد بار شائع ہو چکا ہے اس کا اردو ترجمہ محمد ذکا اللہ سعیدی نے کیا ہے۔جو دار السلام پرنٹنگ پریس سے ۲۰۱۳ء میں شائع ہوا ہے۔

بوصیری نے اپنے ہر قصیدے کا آغاز عربی روایتی انداز میں کیا ہے۔تقریباً تمام حروف تہجی میں ان کا کلام موجود ہے۔خاص طور سے 'قصیدہ ہمزیہ' آپ کا مقبول عام قصیدہ ہے۔اس میں چار سو ستّاون (۴۵۷) اشعار ہیں۔یہ قصیدہ سیرت النبی کا منظوم خاکہ ہے۔اس کا مطلع ہے :

کیف ترقی رُقیّکَ الاَنبِیَائُ
یَا سَمَائً مَا طَاوَلَتھَا السَّمَائُ[11]

ترجمہ: ''کیسے آپ (صلعم) کی بلندی تک انبیاؑ ترقی کر سکتے ہیں، اے بلند مرتبہ نبی! جب تک کہ آسمان گردش کرے۔''

اور مقطع کچھ اس طرح ہے:

مَاأَقَامَ الصَّلاۃَ مَن عَبدَاللہ

وَقِامَت بِرَبِّھَاالاشیائُ[12]

ترجمہ: ''جس نے اللہ کی عبادت کی اس نے نماز کو کیا قائم رب کائنات کے ساتھ ہی تو تمام اشیا قائم ہیں۔''

علامہ بوصیریؒ نے اس کے علاوہ ایک قصیدہ ''ذِکرُالمَعَادِ'' کے نام سے لکھا ہے۔ یہ 'قصیدہ بانت سُعاد' کی زمین میں ہے۔ یہ قصیدہ (۳۴۲) اشعار پر مشتمل ہے۔ اس طویل قصیدے کو علامہ نبہانیؒ نے بھی اپنے قصیدے میں جگہ دی ہے۔ جس کا مطلع ہے :

اِلیٰ مَتیٰ اَنتَ بِاللّذّاتِ مشغولُ

وَاَنتَ عَن کلِ مَاقَدَّمتَ مَسئُولُ[13]

یعنی: ''کب تک لذتوں پر مشغول رہے گا اور تو کب تک ایسا رہے گا، حالانکہ تیرے ہر آگے پیش کئے گے عمل پر تجھ سے سوال ہو گا۔''

بوصیریؒ کا ایک قصیدہ ''لمِ ارَ مُستَخدِماً آمِینَا'' (میں نے کسی امیر کو امین نہ دیکھا) کے عنوان سے ان کے دیوان میں درج ہے۔ یہ قصیدہ مصر کے حالات کی عکاسی کرتا ہے۔ اس قصیدے میں شاعر نے ایک گہرا طنز کیا ہے۔ قصیدہ کے مضامین علماء کی بے حسی، حکام کی خدا سے بے خوفی اور جرات رشوت خوری، محرمات کا عام ہونا، فرائض کی ادائگی سے جان چرانا وغیرہ ہے۔ شاعر نے ان تمام موضوعات کو لطیف پیرائے میں نظم کر دیا ہے۔ اور آخر میں اللہ کے فریاد کی ہے کہ وہی ہے جو ان کی اصلاح کر سکتا ہے۔ صاحب ''فوات الوفیات'' نے ان کے اس قصیدے کو بھی بڑی دلجمعی کے ساتھ نقل کیا ہے۔ جس کا مطلع یہ ہے :

ثَکلتُ طَوائِفَ المُستَخدِمِینَا

فَلَم اَرَ فِیھِم رجلاً اَمِینَا[14]

ترجمہ: ''میں نے امیروں کے گروہوں پر خوب چکر لگائے ہیں مگر اُن میں کوئی امین آدمی میں نے نہیں دیکھا''

(بعض روایت میں اس شعر کے الفاظ میں تبدیلی نظر آتی ہے، البتہ میں نے یہ شعر ان کے مترجمہ دیوان سے اخذ کیا ہے۔) علامہ نبہانی کے نسخہ میں کچھ یوں درج ہے۔

نَقَدتُ طَوائِفَ المُستَخدِمِینَا

فَلَم اَرَ فِیھِم حُرّاً اَمِینَا[15]

دراصل یہ بُردہ علامہ بوصیریؒ کو عالم رویا میں مرحمت فرمایا گیا تھا اس لے عوام میں بہت ہی گمراہ کن باتیں بھی پھیل گئیں۔ان ہی میں سے ایک واقعہ یہ بھی ہے: شیخ بوصیریؒ جب خواب سے بیدار ہوئے تو انہوں نے بردہ مبارکہ کو موجود پایا جو خواب میں ان کو مرحمت فرمایا گیا تھا، لیکن یہ بات سہی نہیں ہے۔اور نہ کسی معتبر تاریخ میں اس کی وضاحت ملتی ہے۔لیکن جو بات سہی ہے وہ یہ کہ یہ قصیدہ جس درجہ مقبول ہوا اس درجہ ''بانت سُعاد'' کو بھی مقبولیت حاصل نہیں ہوئی۔اس قصیدہ کی مقبولیت کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ یہ لاکھوں کی تعداد میں شائع ہو چکا ہے اور ہمیشہ کوئی نہ کوئی نئی شرح لکھتا رہا ہے۔ سیکڑوں قصیدے اس زمین پر کہے جا چکے ہیں۔ پچاسوں تضمینیں اور مشطّر، مخمس، مسدّس، مسبّع اور مُعشّر کہے گئے ہیں۔

اَللہُ یَعلَمُ کَم بِالقَلبِ مِن اَلَمٍ

وَمِن غَرَامٍ بِاَحشَائِی وَمِن سَقَمٍ

عَلیٰ فِراقِ فَرِیقٍ، حَلَّ فِی ال حَرَمِ

فَقُلتُ لَمّا ھَمیٰ دَمعِی بِمن سَجَمِ

عَلیٰ ال عَقِیقِ عَقَی قَاعَیٰ رَمُن سَحَمِ

اَمِن تذکُّرِ جِیرانِ بِذِی سَلَمٍ

مَزَجتَ دَمعاً جَرَی مِن مُقلَۃٍ بِدَمٍ

(اللہ ہی جانتا ہے کہ دل میں کس درجہ الم ہے، کتنا عشق ہے، کس درجہ پہلو میں دل بیتاب ہے۔-ان لوگوں کی جُدائی میں، جو ارضِ حرم تک آ گئے ہیں، جب آنسو کی بارش ہونے لگی تو میں نے کہا، وادی عقیق میں ایک عقیق (ایک قیمتی پتھر مثل لعل وجواہر) ہے جس کا رنگ میلا نہیں ہوتا۔اس کی یاد میں یا ذو سلم کے پڑوسیوں کی یاد میں تم نے دیدہ نمناک سے بہنے والے آنسوؤں کو خون آلود کر لیا ہے؟)

مُحَمَّدٌ جَاءَ بِالآیاتِ وَالحِکَمِ

مُبَشِّراً وَنَذِیراً لِلاُمَمِ

(محمد صلی اللہ علیہ وسلم نشانیاں اور حکمت لے کر آئے، خوشخبری دینے والے اور تمام قوموں کو خطرہ سے آگاہ کرنے والے)

اس سے پتہ چلتا ہے کہ علامہ بوصیریؒ اندر اسلام کا فلسفہ اقتصادی پوری طرح سرایت کر چکا تھا اور انہوں نے اپنی شاعری کو اسلامی تعلیمات کا آئینہ دار بنا دیا۔

حواشی

(1)ردائے رحمت، ص:53

(2)ایضاً، ص:147

(3)سید عبدالفتاح اشرف علی گلشن آبادی اور قصیدہ بردہ: ایک تحقیقی مطالعہ، ص:14

(4)ایضاً، ص:72-73

(5)ایضاً، ص:74

(6)دیکھیے، ردائے رحمت، ص:53

(7)ماخوذ از، سید عبدالفتاح اشرف علی گلشن آبادی اور قصیدہ بردہ: ایک تحقیقی مطالعہ، ص:73-74

(8)محمد ذکاءاللہ، سعیدی، (مترجم) دیوان بوصیری، مطبوعہ، دارالسلام پرنٹنگ پریس، ص:473

(9)سید عبدالفتاح اشرف علی گلشن آبادی اور قصیدہ بردہ: ایک تحقیقی مطالعہ، ص:76

(10)محمد ذکاءاللہ، سعیدی، (مترجم) دیوان بوصیری، مطبوعہ، دارالسلام پرنٹنگ پریس، ص:609

(11)ایضاً، ص: ص:35

(12)ایضاً، ص:127

(13)ایضاً، ص:569

(14)ایضاً، ص:718

(15)دیکھئے، ردائے رحمت، ص:53-54 (دیوان میں یہ شعر صفحہ 718 پر مندرج ہے)

Muslim Education: Issues and Challenges

Dr. Manjur Ali
Assistant Professor
GIDS, Lucknow

Introduction

Education is the base of societal progress. It helps individual and communities to have rational, unbiased, and informed decision. 'Social justice is the teleological end of education' for the philosophers like Plato. Plato had made education a pivotal instrument to realise his dream of 'Ideal State' being ruled by 'Philosopher King'. Since then, philosopher likes I. Kant, Jean J. Rousseau, Karl Marx, John Dewey, Gandhi, Phule and Ambedkar have projected education as liberator. Jyoti Rao Phule argued that progress of individuals was possible only with education. He stated,

Vidya bina mat gayi
Mat bina gati gayi
Gati bina niti gayi
Niti bina sampati gayi
Sampati bina shudra dbast huye
Itna sara anarth ek avidya se huya

He gave new meanings to education. Phule said "The education which does not help the common mass of people to equip themselves for the struggle for life, which does not bring out strength of character, a spirit of philanthropy, and the courage of a lion…real education is that which enables one to stand on one's legs."[i] India under nationalist visionaries had taken up the project of building India and putting it on the path of progress. First University Education Commission (UEC) headed by Sarvepalli Radhakrishnan, a renowned philosopher of Eastern Religion and Ethic, argued that "We shall consider under 'Democracy' education as the development of body, mind, and spirit of each individual with his specific nature, the relation of the different studies to the growth of the individual… The meaning of equality of opportunity in education, the barriers to it, especially the economic, communal ratios and the need for the assistance of scheduled castes and backward communities will be considered in the section on Equality."ii

UEC had aptly assessed the need, nature, and structure of education in India. Commission had also envisaged social equity through promotion of education. "Their (Backward Communities) backwardness is the result of a long, period of unequal opportunity and it should be remedied as speedily as possible. We must provide them with additional assistance which will enable them to give their children equal educational opportunities with others in the nation. By

expanding the facilities in the colleges and increasing their, number, we will be able to move towards equalisation of educational opportunities."iii Implementing Indian Constitution in its ideal form, the Central Advisory Board (CAB) not only foregrounded social justice but also maintain the idea of secularism. The CAB noted that "After fully considering all aspects of the question the Board resolved that while' they recognise the fundamental importance of spiritual and moral instruction in the building of character, the provision for such teaching, except in so far as it can be provided in the normal course of secular instruction; should be the responsibility of the home and the community to which the pupil belongs."iv

